بعون صناع مکین و مکان فضل خلاق زمین و آسمان

رسالہ نادرہ عزیز الوجود طریقہ آموز اذکار حقہ اشغال فقرہ مراقبہ مکاشفہ اہل اللہ کی سند و یادگار مطلق مسمی بہ

رہبر راہ حق
با مجموعہ رسائل دیگر
۱۲۹۴

بعض حضرت شاہ عبد الصمد مغفور

الف بے وجن

تحفۃ العاشقین

یہ رہبر حق خاص تالیف جناب محمد جامی زردار خان صاحب جاگیردار اجمیر ولی کا بسبب فرمایش جناب صوفی صاحب تھے دیگر رسالوں کے کی مجموعہ ہو کر

مطبع نامی منشی نول کشور میں بہ طبع مزین مقبول جہان ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ہر بنی آدم و فرد انسان کو چاہیے کہ اس کلمۂ واجب التعظیم و لازم التکریم کو دل کی آنکھ مین مثل مردمک یعنے پتلی کے نگاہ رکھے اور خطرات توہمات کو دل حق منزل سے مٹا کر نظر انتباہ کی رکھے تاکہ نزدیکان خدا و رسیدگان قادر بیہمتا سے ہو اور راہ حاصل ہووے اِس رتبۂ عالی کی یہ ہے رباعی مستان جام عشق کہ لاف از فنا زنند ✤ جان مید ہند و غنیمہ بملک بقا زنند ✤ مردان راہ فقر ز میخانۂ الست ✤ جامی چو در کشند دم از مصطفیٰ زنند ✤ ترجمہ اصل قطعہ فارسی مندرجہ کتاب جو مست جام عشق کے مارین فنا سی لاف ✤ دیکر کے جان جانے ہمین ملک بقا کو صاف ✤ وہ مرد راہ عشق کی بھٹی پاک سے ✤ پی پیالہ کرتے ہین بسر مصطفیٰ طواف ✤ پس اگر ذوق ہے تجھے ایسے عمل مشکل سے تو کلمۂ جلیلہ کو پڑہ اور سُن نہ دل سے اے بھائی زبان سے صرف کلمہ پڑہنے سے کچھ فائدہ نہین ہے بطور عادت بلکہ اوس کسب کو کوشش کر بعبادت جس سی جمال پاک کلمہ سے تیری چشم و دل منور ہو یہہ کام عاشق صادق کا ہے نہ ہر خار و خس کا ترجمہ نہین یہہ کام دعوی سے ہووے حاصل ✤ مگر جس دلمین ہوئے عشق واصل ✤ نہین یہہ کام

دعوی سے نکلتا ہے ارے جا عشق کا دم دسے بھر لا ✽ **بیت** ای بدعوی ہمی برائید کارے رو بمعنی
دمی زعشق برآر ✽ **ترجمہ** جسے اس رہ مین ہو شوق و محبت ✽ اوسی کا کام دل حاصل ہو جہٹ پٹ
واسطے حصول مطلب طالبان صادق کے چند نکات لکھے جاتے ہین کہ چلنے والے اس راہ
دشوار گذار کے نہ بھٹکین اور پیراک اس دریای ناپیداکنار کے عاجز ہو کر ہاتھ پیر نہ ٹپکین اللہ تعالے
اثر اس تحریر کا دل محبان ثابت قدم پر غالب لاوے کہ کار رفاہیت اونکا بنجاوے **بیت**
رہبر راہ حق ہے نام اسکا ✽ نو باب اسمین ہین پر ز معنی ✽ جو کوئی اس راہ مین رکھے قدم ✽ امید ہے
کہ شاہد مراد پاوے ہمدم ✽ غوطہ خور دریا مین غوطہ مار کر موتی نکال لیتے ہین ناواقف دیکھنے والے
حیرت سے سر مارتے ہین اسرار الہی سے کوئی واقف نہین ہو سکتا اگر ہوتا ہے تو اسی کہنے
سننے کی برکت سے اسلیے یہ رسالہ تصنیفات امان اللہ و ثانی و نیز سید عبد الجلیل رحمۃ اللہ
علیہ و دیگر کتب وغیرہ سے اور جو کچھ کہ مجکو مرشدون سے پہونچا تھا اوسمین سے استنباط کر کے موقع
بموقع ہندی زبان مین اس خاکسار فقیر حقیر ہیچمدان زردار خان عفی اللہ عنہ ولد سیف دار خان ناعر
تناخ فرید خانی جاگیردار راج کرولی فی سنہ ۱۲۹۳ ہجری ماہ جمادی الاول مین تحریر کر کے اوپر نو باب کے
منقسم کیا باب اول دربیان ابتداءی ظہور باب دوم دربیان تلاوت القرآن باب سوم دربیان
تلاوت الوجود مجمل باب چہارم دربیان سوال طالب باب پنجم دربیان حل مسئلہ باب ششم دربیان
مراقبات باب ہفتم دربیان مشاہدات باب ہشتم دربیان مقامات باب نہم دربیان رموزات
تاکہ محب صادق اس راہ کے ہر ایک باب سے لذت جداگانہ پاوین اور شوق اس دولت غیر مترقبہ کی حاصل
ہونیکا صفحۂ دلمین لنقش کالحجر رکھین اب گوش ہوش سے سُن اور نظر لطف و عطاے خالق خطا پوش عذر نیوش پر رکھ امید ہے

باب اول بیچ بیان ابتداء ظہور کے

ای بھائی روز ازل کے ذات پاک کہ وحدہ لاشریک لہ اوسے کہتے ہین آرام تمام مقام لامکان مین
شراب استغنائی پی کر قیام رکھتی تھی یکایک عشق نے مثل قطرۂ باران اوس ذات مستغنی الصفات پر
اثر کیا کہ اوس سے جوش ہوا چاہا اوسنے کہ اپنی ذات و صفات کو ظاہر کرے تب اول اپنی ذات سے
نور محمدی علیحدہ کیا اور اوسکی دید سے آپ عاشق اپنا ہوا کہ جس سے صفت شاہد و مشہود و محب و محبوب
و طالب و مطلوب ظاہر ہوئی اور اوس اپنے نور محبوب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے طرح طرح
کی نئی نئی مخلوقات کونین مین جن و آدمی وغیرہ پیدا کئی جیسے کہ تخم و پنبہ پانی سے قطرۂ باران کی سبب اجزاء
برگ و شاخ و گل و بار اپنے مین نشو و نما کرلاتا ہے اور اوسکے پھل سے روئی نکل کر پارچہ ہای ہر قسم

بنتی ہین لیکن اصلیت ظہور سبکا وہی تخم ہے ویسی ہی مظہر خاص اس انسان کا وہی ذات پاک ہے
حدیث اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ جسطرح بیج کے پیٹ مین مغز ہے کہ اوس مغز سے سب اشیا کا
ظہور ہے اگر اوس بیج کی دو ٹکڑہ کر ڈالو تو وہی مغز اصلی اوسمین دیکھنے مین آوے اوسیطرح ذات پاک
انسان مین ہی اگر انسان کوشش کرے تو اپنے مین اوس مغز اصلی کو مجرد پاوی ای طالب غفلت سے
ہوشیار ہو اور خواب بیخودی سی بیدار ہو یہہ مت سمجھ کہ مین بیداری مین کاروبار دنیا کرتا ہون اور جو کچھہ
کرتا ہون اچھا کرتا ہون کہ اسی واسطے بزرگون نے کہا ہے بیت کار دنیا چیست بیکاری ہمہ ✤ چیست
بیکاری گرفتاری ہمہ ✤ کار دنیا کیا ہے بیکاری تمام ✤ کیا ہے بیکاری گرفتاری تمام ✤ اے بھائی ایک
خواب وہ ہی کہ آدمی سوتے ہین رات کو اور جاگتے ہین صبح کو بزرگ لوگ اس تمام عمر کو ایک خواب شمار
کرتے ہین بلکہ خواب بیخودی اسے نام رکھتے ہین یہہ سب لوگ کہ جو دنیا مین آئے ہین کاروبار فاسدہ
ولایعنی مین مشغول ہین اور جس کام کو کرتی ہین اوسکے حاصل ہونے سے خوشوقتی وخوشی اونہین ملتی ہی
یہہ نہین سمجھتے اور اپنا بھید نہین کھولتے وہ نہین جانتے ہین کہ سواے اس عالم کے کوئی عالم اور بھی ہے
جہان جانا ہے جس وقت کہ وہ رقیب آسمان سی نازل ہوتا ہے اور جان نکالتا ہی تب جاگتی ہین اور آنکھیں
کھولتے ہین اور یہہ جتنے کام یہان جیتے جی مین عیش وخوشی وغیرہ جو کیے ہین اوسوقت مانند خیالات معلوم ہوتی ہین
جیسے کہ راتکو آدمی سوتے ہین اور ہر طرحکے خیالات دیکھتے ہین اور اتنا ہی اوسوقت معلوم ہوتا ہی کہ ایک خواب
ہمنے دیکھا ہے خوب غفلت مین سوئے ہوئے تھی افسوس کہ کچھہ کام نہ نکلا لیکن وہ افسوس کچھہ فائدہ
نہین دیتا پس فکر اسوقت کرنی چاہیے تاکہ کچھہ ہاتھہ آوے ای صاحب ہمت جو کچھہ گذر ا گذرا
اِس وقت خیال کر کہ اسقدر عمر تیری گذری جو جو کام وفعل نیک وبد اور عیش تو نی کیے ہین دیکھہ تو وہ
سب تجھے مانند خیالات خواب معلوم ہوتے ہین پس اب بھی جاگ اور وہ کام کرتا کہ مرتے وقت تجھے
حسرت نہو اور اب اپنے اوپر ماتم کر کہ اوسوقت اونگلیان حیرت کی دانتونسے نہ کاٹی کسواسطے کہ فوت
وقت سخت زیادہ ہے فوت روح سی اوسمین مفارقت خالق سے ہے اور اس مین مہاجرت خلق سی
جدائی
لیکن راہ حاصل ہونی مراد کی اسطرح پر ہے کہ پہلے صورت اپنے مرشد کی ایسی نظر مین باطنا رکھے
جدائی
کہ جسوقت آنکھہ بند کرے وہ ہی صورت ظاہر مین دکھلائی دے رفتہ رفتہ وہی صورت بول اوٹھے
اور جو مطلب چاہے اوس سی پوچھے جواب باصواب حاصل ہووے بعد ازان ایسا ہو جاے کہ خود
صورت مرشد بنجاوے اور دوئی بیچ کی چھوٹ وبھاگ جاوے اور یکتا ہو جاوی اوسیکو فنا فی الشیخ
کہتے ہین بعد ازان برکت صحبت مرشد سے صورت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی

خواب بیداری مین دیکھے گا اوس صورت مبارک کو ایسا بغور دیکھے کہ وہ جمال مبارک نظر مین کھپ جاوے
رفتہ رفتہ وہ بھی باتین کریگا لیکن اوسوقت کمال عاجزی و نامرادی ظاہر کرے کہ اسی مین رضامندی
اونکی ہے بعد ازان اوسی ذات صلی اللہ علیہ وسلم کو بقا سمجھ کر اپنی تئین فنا کرے اوسے فنافی الرسول
کہتے ہین بعد اوسکے صورت اسم اللہ کا تصور کرکے اوسے حاصل کرے کہ اوسی فنافی اللہ کہتے ہین بعدہ
پھر مقام محمدی پر آوے طالبان حق بعضے پہلے فنافی اللہ ہوئے ہین بعدہ فنافی الرسول اونکی سالک کہتے ہین
اور اگر طالب خود ہے شاغل ہے تو ان تینون مرتبون سے ایک ہی حاصل کرسکتا ہی اور اسی مقام پر
رہتا ہے آگے نہین چل سکتا کیونکہ اپنی اختیار سے گذر جاتا ہے اور بے اختیاری حاصل ہوتی ہے اس سے
شک نہ پاہو جاتا ہے اور اوسی مین آرام پاتا ہی لیکن تینون مراتب ایک ہین اگر فنافی الرسول ہوا تو وہی
اور اگر فنافی اللہ ہوا تو وہی اور فنافی الشیخ ہوا تو وہی مطلب اپنے مین علیحدہ کرنے سے ہی لیکن اگر مرشد
مرید کو فنافی الرسول کرکے چھوڑ دوے تو بہتر ہے چاہیے کہ بیچ مین ادہورا نہ چھوڑے دوسرا طریق
یہہ ہے کہ صورت اپنی اچھی طرح دیکھکر نظر مین رکھی یہہ بات آئینہ مین یا آفتاب مین دیکھنے سے
حاصل ہوتی ہے اور یہہ کسب نقشبندیہ ہے اور بہتر ہے اسمین گانا سننے سے خلل پڑتا ہے اور یہہ
کسب بیرونی چشتیہ ہے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت صدیق اکبر کو ملا اور اونسے
سلسلہ نقشبندیہ جاری ہوا پس سب مریدون و طالبون کو اس سلسلہ کی حق حضرت صدیق رضؓ کا نگاہ رکھنا چاہیے
اور اسمین بیہودی خود سمجھین اور اور اشغال درونی و اسرار باطنی حضرت شاہ کرم اللہ وجہہ کو حاصل
ہوئے ہین اور اونسے سب بزرگان چودہ خانوادہ کو واسطہ بواسطہ پہونچے آئے ہین پس حق اونکا سب مریدان
و طالبان چودہ خانوادہ پر ثابت ہے کیونکہ پیران پیر ہین چارون یارونکو دوست و برحق جانکر اپنی پیر کی
جناب مین اعتقاد باندہنا و مراد مانگنا برائی نہین ہے بلکہ عین بہتری ہی و باعث حصول مراد برائی اوسکی
خلاف مین ہے کہ یہہ توفیق اللہ تعالی کسی ایماندار کو ندے اے محب اس راہ مین پڑنا بہت سعادت ہی
اگر منزل پر نہ پہونچے راہ مین مرجاوے شہید اکبر ہو جاوے فقرا نہین جانتے ہین منزل پر پہونچنا لیکن
جان اپنی اسی راہ مین دیتے ہین فرد کشتگان خنجر تسلیم را ÷ ہر زمان از غیب جانی دیگر است ÷
آرزو دارم کہ خود را بر خدا قربان کنم ÷ تا مگر روزی بپرسد آنکہ قربان شد کہ بود ÷ بیت کشتگان خنجر
تسلیم کو ÷ ہر گھڑی ہے جان تازہ غیب سے ÷ شعر ہے دل مین یہہ ہی خواہش قربان خدا ہون ÷
شاید کہ کبھی پوچھے قربانی میرا کون ہے ÷ اس راہ مین شوق و محبت چاہیے اگر راہ مین مرجاوے بخت
یاوے العزیز آخر مرنا ہے کچھ کام نہین آئیگا الا یہی عشق و محبت الہی اور اس راہ مین کچھ خبر طالبونکو

زیادہ فریفتہ نہین ہے سواے اس عشق و محبت کی جو شخص کہ درد عشق مین بیمار کیا جاوے جبریل
اوس کار کا مدار ہے اس درد کی جس نی لذت پائی ہی سب لذات فاسدہ کو اوس نے چھوڑا ہے
اور جو چکھتا ہے وہی معلوم کرتا ہے جس طرح کسیکو جو دیوار قہقہہ پر سوار ہوتا ہے اوسی ہی
معلوم ہوتا ہے اور جو بہمت دیوار کے پاس جا کر لوٹ آتے ہین سوار نہین ہوتے اونہین
کیا معلوم صاحب وہان کا حال اہل ہمت جوانمرد سوار ہوتے ہین اور نہایت خوشوقتی سے
عالم ناقص پر ہنس کر چلے جاتے ہین اور پیالہ شرابا طہورا نوش کرتے ہین حقیقت اسکی بھی
عشق ہے عاشق مثل باز بلند پرواز ہمت دیوار عشق پر سوار ہو کر پیالہ شراب خالص نوش
کرتا ہی اور بے ہمت مثل مکھی کوے پر ہین یعنے مکھی سے بےپر کی اونکا جینا معلوم بلکہ معدوم مفہوم

باب دوسرا بیچ بیان تلاوت الوجود اور تلاوت القرآن کے

اے بھائی یہہ وہ قرآن ہی جسکی تلاوت بادشاہ لوگ کرتی ہین اور جو کچھ قرآن ہی وہ بدن مین آدمی کی ہے
اور جو آدمی کی بدن مین کہا جاتا ہے وہی قرآن مین ہی اول بیان وجود جان تو کہ بدن مین آدمی کے
سات چیزین ہین جو بدن مین ملین ہین خاک و باد و آب و آتش و دوزخ و نور و ذات اور ہر سات
سے سات جنس بدن مین ظاہر ہین اول علامت خاک مقام اسکا سپرز یعنی تلی ہی اس
مقام کا سردار جبرئیل ہے علامت اسکی گوشت و پوست و استخوان و عروق و بال و ناخن و جہلی ہے
دوم علامت باد مقام اسکا شش یعنی پھیپھڑا ہے سردار اسکا اسرافیل ہی ہلنا اور کانپنا اور سانس
پھولنا وقت فوت و گرمی و انگڑائی و ڈکار ہوائی گوز سوم علامت آتش مقام اسکا زہرہ یعنی
پتا ہے اس مقام کا سردار عزرائیل ہی کہانا اور پینا و سونا اسی سی ہے و کاہلی و سستی و ملولی اور ہاتھ پیر
کا کھینچنا اس سے متعلق ہے چوتھی علامت آب مقام اسکا جگر و استخوان اس مقام کا سردار
میکائیل ہے اس سی پیشاب اور جلاب اور خون اور آب منی و آب دہن اور پانی آنکھون کا اور
کانون کا پانی یعنی چرک گوش تعلق ہے پانچوین علامت روح کہ اسکو روح طبعی نام رکھتی ہین
بہ ناف سے تعلق رکھتی ہے اور غذا رگون مین پہونچاتی ہے اور کھانے سی قوت پکڑتی ہی درد بدنی
اوٹھانا اور لذت آرام پانا اور بیٹھنا اور اوٹھنا اور چلنا اور دیکھنا اور جستجو کرنا اسی سی ہی حاصل ہوتی ہے
اس ارواح کی آدمی اولیا ہوتا ہے اور نزدیکی خدا ملتی ہے چھٹی علامت نور اوسکو روح حیوانی
کہتے ہین مقام اسکا دل مین ہے خواہش بیٹھنی کی رکھتی ہے اور سب اعضا کو زندہ رکھتی ہے
اس سے خیال و فکر و تصور و وہم و ڈرنا اور خوش ہونا اور غم پڑجانا تعلق ہے اس ارواح کی حاصل ہوتی ہے

طالب واصل حق ہوتا ہے اور کوشش کامل کرے عین حق ہووے جیسا کہ کہا ہے بیت چشم دل
چون باز شد معشوق را در خویش دید * عین دریا گشت چون بیدار شد چشم حباب * شعر انکھہ دل کی
جب کھلی معشوق اپنے بیچ ملا * بلبلا جب جاگ اوٹھا خود عین دریا ہو گیا * ساتوین علامت
ذات کہ اوسے روح نفسانی کہتے ہین مقام مغز سر یعنی بھیجا ہے اس سی کہنا اور سننا و سونگھنا اور
دیکھنا و عقل و تمیز و لذت زبان اس ارواح کی حاصل ہونے سے بھی آدمی واصلان حق سے ہوئے ہین
لیکن جو اسرار مغز مین ہے وہی دلمین بھی ہے جیسے کہ اللہ و محمد علیہ السلام دونون ایک ہین ویسے مغز
و دل ہے مغز مقام ذات ہے بیچ کلام مجید کی ظاہر کہا ہے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ
اور دل مقام محمدی ہے صلی اللہ علیہ قال علیہ السلام اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ وَكُلُّ شَيْءٍ مِنْ نُوْرِيْ
اور جو ارواح طبعی کہنے مین آئین و بندہ خدا و امت محمدی ہے کہ اوسکے حق مین کہا ہے قُلِ الرُّوْحُ
مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ سوائے انکے ایک شخص اور بدن مین ہے جسکا نام نفس امارہ ہے لیکن وہ جنسیت
نہین رکھتی ہے لوگ کہتے ہین کہ فلان فقیر نے نفس امارہ اپنے بدن سے نکال لی مثل بچہ کنجشک خانگی
یعنی چڑیا کی بعضے کہتے ہین مثل کرفش یعنی مولی کے بیج کی تھی یہہ لفظ محض خلاف ہے عوام کو چاہیے
کہ ایسا نہ سمجھین کیونکہ لوگ چورون و بدکار آدمیون کو مار ڈالتے ہین اور قصاب لوگ گائے بیل وغیرہ
حلال کرتے ہین اور گوشت کو قیمت سے بیچتے ہین اگر نفس مذکور جنسیت رکھتی ہوتی البتہ نکل آتی
اونمین سے اور اوسی بات اس سے جاننا چاہیے کہ نفس مذکور جنسیت نہین رکھتی ہے بیان اوسکا یہہ ہے
کہ اس بدن مین جو آگ اربعہ عناصر سے ہے اوسی نے نفس امارہ نام پایا ہے اسکو خدا تعالی نے اپنی
قدرت کامل سے آدمی کی بدن مین داخل کیا ہے اگر اسے داخل نکرتے تو یہہ خواہش کھانے و پینے کی و
بھوک و پیاس نہوتی تب قوت و شہوت بھی نہوتی پس یہہ پیدایش دنیا اوٹھہ جاتی اسواسطے ضرور تھا
کہ اسی بدن مین داخل کیا اور جس فقیر نے کہ نفس امارہ اپنے کو نکالا تھا وہ اوسنے ایک شعلہ گرمی کا نکالا تھا
جس سے بدن اوسکا ٹھنڈا ہو گیا تھا تب اوسپر عتاب ہوا کہ اسے لیے کہ ہمنے اپنی کمال قدرت سے
داخل کیا ہے اسی بات پر کہا ہے کہ کسی مشایخ کو دفع کرنا نفس کا ممکن نہین ہوا کیونکہ اوسکے پیدا کرنے مین
حکمت حکیم ہے لیکن اوسکے زہر کے دفع کرنے مین کوشش کرے جس سے اوسکے زہر سے ضرر نہ پہونچے اور
جس مذکور یعنی نفس امارہ اور ارواحون پر غالب نہو جس وقت کہ یہ نفس اور ارواحون پر غالب ہوتی ہے
ہر یک روح سے اپنی خصلت ظاہر کرتی ہے یعنی ارواح طبعی سے جسکا تعلق ناف سے ہے قوت و شہوت
اور ارواح حیوانی سے جو دلمین ہے گھمنڈ اور کینہ و حسد و بغض و غصہ و غرور اور ارواح نفسانی کہ مقام

اوسکا مغز ہین ہی بری باتین کرنا و سننا و بدنظر و بدزبان و خندہ و قہقہہ ظاہر ہوتا ہے اور اگر ارواح
اس نفس پر غالب ہوتی ہین اور یہہ مغلوب ہوتی ہی تو ہر یک ارواح اپنی خصلت ظاہر کرتی ہی جیسے
کہ روح طبعی سے بندگی و غریبی و بردباری اور روح حیوانی سی عشق و محبت الہی اور ہر ایک پر رحم اور
روح نفسانی سی خوشبوئی و خوش مقام و خوش آواز و تماشای خوش کی خواہش ہوتی ہی اور قوت و
شہوت گرمی سی تعلق رکھتی ہے جسوقت کہ نفس امارہ عاجز و ناچیز ہوتی ہی دل غالب آتا ہی یہہ سبب
پہنچنے گرمی دل سے کہ جواہر اصلی ہے پیدا ہوتی ہین اور بھوک و پیاس و شہوت اوس حالت بین
بزرگون کی اختیار بین رہتی ہی اور یہہ تینون روحین جو کام کرتی ہین تینون ایک ہو کر کرتی ہین اس سے
عوام کو معلوم نہین ہوتا ہے کہ بدنین تین روحین ہین اسواسطے ہمزہ ہوا بیان اسکا اسو یہہ سے
لکھا جاتا ہے تا کہ ہر یک معلوم ہو جاوے اے بھائی سمجھ کہ وقت راہ چلنے کی ہر ایک کام اپنا علیحدہ
کرتی ہین یعنی چلتے وقت قدم کا پہلے پڑنا کام روح طبعی کا ہے اور روح حیوانی کہ مقام اوسکا دل ہی
فکر خانہ داری و کار ہای دنیوی خواہ دینی مین رہتی ہی وہ راہ مین نہین رہتی بلکہ ایک ملک سی دوسرے
ملک کو نکلجاتی ہے اور روح نفسانی کہ مقام اوسکا مغز سر ہے پیر کو کانٹے و گڈہی و لکڑی و پتھر و آگ
و پانی وغیرہ ہر طرح کے آسیب سے نگاہ رکھتی ہے اسیطرح جس کام مین کہ ہاتھ پیر ہلتے ہین وہ کام روح
طبعی کا جان اور تجویز و فکر اوس کام کی جو دل مین آتی ہی وہ کام روح حیوانی کا سمجھ اور آنکھ کی دیکھنے سے
جو کام ہووے وہ فعل روح نفسانی ہی یہہ بیان تلاوت الوجود ہے جسوقت کہ مرشد حال ہر طالب کے
مہربان ہوتا ہے اوسوقت ان مقامات سے طالب کو آگاہ کرتا ہے اور نظر سے دل کی آنکھ کو طالب کی
یہہ سب دکھلائی دیتا ہے بعد اوسکے طالب محض اوسمین ہو جاتا ہے اور دیکھتا ہے جیسے کہ لوگ
قرآن مجید کو مطالعہ کرتے ہین اور پڑہتے پڑہتے انتہا تک ختم کر ڈالتے ہین ویسے ہی طالب صادق
منزل بمنزل پہونچ جاتا ہے لیکن مرشد کامل چاہیے تب ان مقامات سے طالب کو آگاہ کری اور رتبہ کو
اور مرتبہ مراد کو پہونچاوے جیسے کہ لکھا ہے یہہ سب باتین نظر دل و دیدہ سے دکھلائی دیتی ہین والا نہ
سب مشایخ و بزرگ انہین سے صرف ایک مقام حاصل کرتے ہین کوئی روح طبعی اور کوئی روح
حیوانی اور کوئی روح نفسانی اور اگر کوئی اونسے کچھ سوال کرتا ہے موافق اپنے سمجھ و حاصل کی نشان دیتی ہین
اور اگر اونکی حاصل سے مختلف سوال ہو تب اوسکا کچھ نشان نہین دیسکتی لیکن اس راہ مین طالب کامل کو چاہیے
کہ تلاش کرے البتہ مرشد کامل ملی کیونکہ کوئی ملک و شہر بدون مردان خدا نہین ہے اور نہوگا جو کوئی تلاش
کریگا البتہ ملیگا کہ برکت اونکی صحبت سے مراد اوسکی حاصل ہو جاویگی اور راہ حاصل ہونی ارواحونکی یہی ہے

جو کہی گئی اور سب فکرون سی ایک ذکر خفی ہے کہ مرشد کامل فرماتا ہے اور حدیث نبوی بھی اس مین ہے اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ مِنْ ذِكْرِ الْخَفِيِّ اسکی برکت سے یہہ روح طبعی کہ جگر وناف سے تعلق رکھتی ہے وبندہ خدا وامت محمدی اس مقام سے خلاصی پاتی ہی اور جہان جائے پہونچ جائے علامت اوسکی یہہ ہے کہ سب عضو عضو سے لفظ اللہ سنائی دیتا ہے سر سے لی پیر کے انگوٹھے تک اور رگ رگ ورُویان رُویان وبال بال ذکر اللہ مین رہتے ہین اسی بات پر کہا ہے رباعی کسی گوید کہ عاشق بے نماز ست ✤ وجود عاشقان کلی نماز ست ✤ نماز زاہدان سجدہ وسجود است ✤ نماز عاشقان ترک وجود است ✤ ابیات کہی کون ہی کہ عاشق بے نماز ہے ✤ وجود عاشقان خود سب نماز ہے ✤ نماز زاہدان سجدہ سجود ہے ✤ نماز عاشقان ترک وجود ہے ✤ ابتداء مین روح مذکور مقام ہوا مین ورزش سی آتی ہے اوسوقت بندہ اپنے کو نیند مین ایسا دیکھتا ہے کہ ہوا پر سوار ہوکر جاتا ہی اور پانون زمین پے نہین گرتا ہے وپانسی روح مقام آگ مین آتی ہے وہان اندہیرا دکھلائی دیتا ہے خفا ہوکر فی الفور وہانسے رفع نکلتی ہے کہ وہان ایک لحظہ رہ نہین سکتی وہان سی پانی کی مقام پر آتی ہی اور وہان صورت اصلی اپنی دکھلاتی دیتی ہے کہ وجود خاکی وہی ہے کہ اس مقام پر ہمیشہ رہتا ہی بعد اوسکے دل کی نزدیک پہونچتا ہے اور پھر مغز مین اوسوقت نزدیکی خدا حاصل ہوتی اسیکو نزدیکی خدا کہتے ہین اور اسی جگہہ پر کہا ہے فرد مردان خدا خدا نباشند ✤ لیکن ز خدا جدا نباشند ✤ شعر مردان خدا خدا نہین ہین ✤ لیکن حق سے جدا نہین ہین ✤ جو شخص اس شغل مین کامل ہوا ولی اللہ ہوا حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس مقام پر نہ پہونچا ہووے اوسکو مرید نہ کرنا چاہیے بیت میان عاشق ومعشوق رمز یست ✤ کرام الکاتبین را ہم خبر نیست شعر درمیان عاشق ومعشوق جو ایک رمز ہے ✤ کرام الکاتبین بھی اوس سے بالکل بیخبر ✤ برکت ذکر و دہیان فرمائی ہوئی مرشد سے پردہ دل کھل جاتا ہے اوسوقت اسم اللہ نظر آتا ہی اور دل روشن ہوجاتا ہے تب طالب واصل حق ہوتا ہی اور ساتون آسمان سے یہہ آواز آتی ہے وصل الحبیب الی الحبیب بیت قطرہ اندر بحر گردد ناپدید ✤ کے توان او را جدا از بحر دید ✤ شعر جو قطرہ کہ دریا مین ملکر کھو جائے ✤ کب اوسکو جدا دیکھہ سکین دریا سے ✤ اس شغل سے آدمی صاحب کمال وصاحب مقام ہوتا ہے درجہ صاحب کمال صاحب حال سے بڑھکر ہے یہہ کسب حضرت قادری ہے اسمین گانا اگر ہو بہتر ہے تعریف وثنا دوست کی کرتا ہے اور اگر نہو تو بھی خوشتر کہ دوست سے شامل وکامل ہے اور سب پر قدرت رکھتا ہی اور بحکم خدائی بنیاز وکریم کارساز

حاکم سب شغلون پر ہے علامت اوسکی یہہ ہی جسکی نظر اوسپر پڑے وہ اوسکا تابعدار ہو گرمی شغل سے پردہ مغز کھلجاتا ہے بعدہٗ قطرہ ترش مغز سے ٹپکتا ہے دلپر و بعدہٗ قطرہٗ تلخ دل سے ٹپک کر گرتا ہے اور دل سے روشن ہوجاتا ہی اور مغز سے آواز ہوہو کی نکلتی ہے یہی فضل ہی اسیکو حضرت حافظ نے دیوان مین فرمایا ہے شعر حافظ کس ندانست کہ منزلگہ معشوق کجاست ÷ این قدر ہست کہ بانگ جرسی می آید ÷ ترجمہ شعر کسی نے بھی نجانا یار کا گھر کسجگہہ ہے اور کہان پر ہے ÷ بجز اسکے کہ آواز جرس آتی ہے کانون مین ÷ جسوقت کہ آدمی کمالیت کو پہونچے اوسوقت سردی و گرمی و مرنا و مارنا اور بھوک اور پیاس کچھہ نہین رہتی یہہ تینون روحین مغز مین داخل ہوتی ہین اس بدن کو چھوڑ دیتی ہین اس سے کچھہ تصدیعہ نہین ہوا اسکو موتوا قبل ان تموتوا کہتے ہین اور عرش و کرسی و لوح و قلم اور جو کچھہ قدرت آفریدگار مین ہے سیکو اپنے مین دیکھتا ہے اور آنکھین سرخ رہتی ہین جو کچھہ چاہتا ہی حکم خدا سے کرتا ہی جسوقت چاہی مرجاے جسوقت چاہے جی اوٹھی یہہ صفتین صاحب مقام کو حاصل ہوتی ہین اور یہہ عاشق آواز کا ہے اس سے گانا انکے لئے فرض ہے یہہ کسب حضرت چشت کا ہی اسکو حبس کبیر کہتے ہین اس سی آدمی صاحب حال ہوتا ہے اشارہ اسی کسب کا یہہ ہے بیت چشم بند و گوش بند و لب ببند ÷ گر نہ بینی سر حق بر من بخند ÷ شعر آنکھہ بند کر کان موند اور موںہہ کو بس ÷ گر نہ دیکھے سر حق کو تب تو مجھپہ ہنس ÷ وا اوپر حال ہملوگون کے قطعہ ایدل تو دمی مطیع سبحان نشدی ÷ وز کردن بدکار پشیمان نشدی ÷ زاہد شدی و شیخ شدی و دانشمند ÷ این جملہ شدی ولی مسلمان نشدی شعر اے دل تو کبھی مطیع سبحان نہوا ÷ اور کرکے برے کام پشیمان نہوا ÷ زاہد بھی ہوا شیخ بھی اور عاقل بھی ÷ یہہ سب تو ہوا ولی مسلمان نہوا ÷ اے بھائی دنیا جاے آزمایش ہے نہ کہ جاے آسایش آدمی اوسدن کو یاد نہین لاتی ہے کہ خدا سے جان بطریق قرض حسنہ مانگ کر وعدہ کیا ہی کہ اس مدت مین تیرا قرض ہم ادا کرینگے اور دنیا مین آلودہ نہونگے اب کہ یہان دنیا مین آئے اس دنیا کی کامون اور تماشون مین فریفتہ ہوکر خدا کو اور اوسکے قرض کو بھول گئے اس راہ مین کوئی قرض خدا کا فرزندان آدم پر نہین ہے بجز جان کے کہ پہلے وعدہ سے قرض کی قرضخواہ کو ادا کرنی چاہیے اگر کوتہ اندیشی کو کام کروگے تو بزرگی نرہیگی اور وعدہ پر ایسا رقیب خدا بھیجیگا کہ چھاتی پر بیٹھکر جان لیویگا ہر چند واویلا و عاجزی و زاری کروگے کچھہ پیش نہ جائیگا رقیب مذکور ایک لمحہ توقف نکریگا اوسوقت یہہ عزت و آبرو نرہیگی پس چاہیے کہ اب اطاعت اوسکے حکم کی کرو اور اسطرح سے جان دو کہ کسیکو خبر نہو فرد ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ÷ ثبت است بر جریدہٗ عالم دوام ما ÷ شعر مرگز نہین مرتا ہے وہ جو زندہ دل ہے عشق سے ÷ دنیا کے

دفتر مین لکھی اوسکے بیہ ہے دائمی ؎ اور اسی جگہہ پر بہہ کہا ہے بیت ؎ کو تیو عاشقان چنان جان بدہند
کانجا ملک الموت نگنجد ہرگز ؎ شعر تیری گلی مین عاشق دیتے جان اس ڈہب ؎ خود موت کا فرشتہ
پاوے وہان گذر کب ؎ اگر اس طور پر جان دیگا ہرگز نہ مریگا اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ بَلْ
یَنْقَلِبُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ سمجھہ اے بھائی جو چیزین کہ بدن مین نہین وہ بتفصیل کہنے مین آئین اور
بیان تلاوت القرآن اگرچہ ضرور نتھا لیکن واسطے عام آدمیونکو مثال دیجاتی ہے یہہ سب بہی قرآن
مین کہا جاتا ہے علامت خاک غلاف وچمڑہ جلد وکاغذ وتار کاغذ رسی یعنی ڈہاکہ وغیرہ علامت باد
قرآن سے روان ہوتا ہے اور زیر وزبر وپیش ومد وتشدید وجزم ولقطہ وعلامت آتش مثل خواب و
دستی آیہ ومطلق ورکوع وربع ونصف وثلث وتمامیت سیپارہ وعلامت آب روشنائی شنگرف و
سپیدہ ورنگار وآب طلا وآب نقرہ اور تین چیز اور جو بدن مین ہین روح ونور وذات اسمین بھی جان اور
ہر ساتون کے سات سات علامت یہان بھی لکھی جاتی ہین سمجھہ کہ روح طبعی قرآن مین حرف ہین علامت
اوسکے یہہ ہین اول سننا دوسرے پڑہنا تیسرے سکھلانا چوتھے دیکھنا اور ہر حرف حرف کی پانچوین اوسکا آداب
بجالانا چھٹے اوسکو عزیز رکھنا ساتوین اوسکو اپنے پاس رکھنا اور مثل روح حیوانی اوسکی معنی ہین اوسکے
سات علامت یہہ ہین یاد رکھنا او صحیح کرنا معنی کا اور یقین لانا اور ظاہر کرنا آدمیونسے اور وعظ کہنا اور صدق سے
دل باندہنا یعنی خدا کو ایک جاننا اور محمد علیہ السلام کو برحق سمجھنا اور مثال روح نفسانی عمل کرنا اور شوق
پیدا کرنا اور مرشد کامل کو ڈہونڈہنا اور حکم شریعت بجالانا اور پڑنا طریقت مین اور پہونچنا حقیقت پر اور حاصل کرنا
معرفت کا اور ڈوب جانا وحدت مین اسطرح سے مرتبہ بمرتبہ منزل بمنزل طالب اپنی مراد کو پہونچتا ہے

باب سوم دربیان تلاوت الوجود محمل

چاہیے کہ دل سے پڑہے تاکہ کچھہ بزرگی ونفع اوسکا تو جانے یہہ خاک وہوا کہ اربعہ عناصر مین سے ہے اور
روح طبعی کہ ہوائے باطنی ہے یہہ سب دل سے تعلق رکھتی ہین اور آگ کا تعلق روح حیوانی سے ہے یعنی نور محمدی
صلی اللہ علیہ وسلم کہ دلمین گرمی رکھتا ہے والبتہ یعنی ملا ہوا روح حیوانی سے ہے اور پانی روح نفسانی سے
علاقہ ورشتہ رکھتا ہے کہ مقام مغز سر مین ہے اور وہ بھی سرد ہے اور مٹی یعنی خاک باطنی نہین ہے مگر ایک شکل
خدا کے پہچاننے والونکے دلمین پیدا ہوتی ہے اگرچہ سب آدمیونکے دلمین مقرر ہے اور خاک ظاہری اوسی
صورت کی شکل رکھتی ہے اور تینون روحین دلمین ایک ہوئی ہین معلوم چاہیے کرنا کہ ارواح طبعی ساتھہ
تمام بدن واعضا کے محکوم دل کی ہے دل جس جگہہ چاہے لیجاوے اور جہان چاہے بٹھلاوے اور جو
کام ہاتھہ اور پانون سے تعلق ہے وہ اون سے لیتا ہے اور رنج وراحت مین شریک ہے اگر رنج کوئی

آن پڑے تو اوسکا علاج و دفعیہ چاہتا ہے اور ارواح ذاتی بھی اوسکی شامل ہین جیسے کہ پیشانی و آنکھہ
اور دل جب یکجا ہوتی ہین تب کچھہ دیکھا جاتا ہے اگر دل کہین اور رہو تو پیشانی اور آنکھہ سے کچھہ
نہین سوجھتا ہے اسی طرح کہنے و سننے وغیرہ سب اور کامون مین سمجھنا چاہیے جیساکہ حضرت
رسالت پناہ صلعم جامع جمیع مراتب اور قادر کل موجودات پر ہین ویسی ہی بدن مین یہہ دل ہے
کیونکہ مقام محمدی علیہ السلام ہے اور مغز و دل ایک ہین بدنمین اثر رکھے ہین جسطرح کہ اللہ و محمد
کل موجودات مین ہین اور کلام مجید مین یہ آیت اس سے خبر دیتی ہی اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ اور حدیث
نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسمین ہے اَنَا مِنْ نُورِ اللّٰہِ وَ کُلُّ شَیْءٍ مِنْ نُورِی ابیات الا یا عشق را
کردی زبحر خود زخود پیدا ٭ بصورت دیگرے گشتی و گشتی بھر اوشیدا ٭ جمالت با کمالت شد ہویدا
کامل واکمل ٭ ملک عرش و فلک ارض و بحر کردی ازو پیدا ٭ زافلاک و قمر شمس و دران لوح و قلم ثابت ٭
ازین در وادی بیضا منور شد ازو پیدا ٭ بعالم ظاہر و باطن چو کردی قادر مطلق ٭ زاحدیت شدہ احمد
زاحمد گشتہ اش احدا ٭ صلواۃ اللہ علیہ وآلہ دائم سزاوار است ٭ ازل گفتی ابد گویدہ و خواہی گفت تا ابدا ٭
قطعہ خدا تونے کیا عشق آپ سے اپنے لیے پیدا ٭ بنا تو دوسری صورت اور اوسپر آپ ہوا شیدا ٭
نیر انور جمال پاک جب کامل ہوا روشن ٭ زمین عرش و ملک نکلی اوسی سے اور دریا ٭ ہوئے
افلاک و مہر و مہ لوح و قلم ثابت ٭ اوسی مین سے ہوا اوس سے ہی روشن وادی بیضا ٭ بنایا
تونے حبیب عالم کو ظاہر اور باطن مین ٭ ہوا یکتائی سے احمد اور احمد سے ہوا احدا ٭ درود اللہ کا اونپر
اور ال اونکی پر لائق ہے ٭ کہا تونے ازل کہوے ابد کہتا رہے ابدا ٭ پس اس مقدمہ سے ثابت ہوا
کہ سب وہی ہے اسمین شک نہین ہے یعنی ہمہ اوست یہہ معما لکھا گیا سب لوگون پر واضح ہوگا
اگرچہ ایسا کسی نے دریافت نہین کیا ہے کہ یہی عین وصل ہے مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ
جیسے کہ پہچانا اپنے کو تحقیق پہچانا خدا کو اکثر لوگ پڑہنے سے اور سننے سے ایسی احادیث و آیات کی
بدون عمل اپنے کو واصلان حق سے کہتے ہین و سمجھا ہی اور فقراے ناقص خلق کو گمراہ کرتے ہین
اور انصاف و بندگی خدا سے باز رکہتے ہین اور آپنی بزرگی و مصاحبت ظاہر و حاصل کرتے ہین اور
بعضے فاضل جاہل دہریت ایسا چاہتے و کہتے ہین کہ ایسے خدا کو قبول کرنا و نکرنا برابر ہے اور اسی راہ سے
کہتے ہین کہ کچھہ نہین ہے اور کوئی اون فقیرون اور فاضلان جاہل سے تکرار نہین کرتا ہی جیسا کہ ایک
مرید نے اپنے پیر سے سوال کیا کہ اگر سب وہی ہی تو مین بھی وہی ہون وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے مین جو چاہتا ہون
کیون نہین ہوتا اور جو شخص کسی قید مین پڑجاتا ہے پھر آپ کیون نہین نکل سکتا یہہ کیا سبب ہے

اوسکے جواب مین مرشد نے مرید کو واسطے شغل کے حکم دیا کہ اس سے معلوم ہوجائیگا اور کچھہ نشان نہ بتلا سکے اور یقین ہے کہ برکت شغل فرماتے ہوئی مرشد سے بعد محنت بہت کے مقصد حاصل ہوجاتا ہے لیکن اگر یہہ مدعا ہے کہ اسوقت نشان ملجاوے تو سمجھہ کہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْط پس جس طرح کہ یہہ آدمی تمام اعضای اپنے پر بر محیط ہے اور مقامات بدن کی اوپر لکھہ آئے کہ مغز سر و دل و ناف ہے اور تینون دلمین ایک ہوئے ہین اور جو کچھہ قدرت خدائی بین ہی وہ سب انسان مین ہے وہ کُل ہے اور یہہ اوسکا جزو ہے پھر جو کچھہ قوت و توانائی ذات آدمی مین ہے وہ اوسکی بازو مین نہین ہے اور جسقدر بازو مین ہی موافق اوسکے ہاتھہ مین نہین ہی اور جو ہاتھہ مین ہے وہ اونگلی مین نہین ہی اگرچہ اونگلی بھی آدمی کی ہے اور اونگلی بھی تیری ہی ہے اگر اونگلی پتھر کی نیچے آجاوے آپسے نہین نکل سکتی جب تک کہ تمام بدن کا زیر سے بوجھہ اوسپر نہوا اور دوسرا ہاتھہ اوسکے مدد کو نہ پہونچے کہ اوس پتھر کو اوٹھاکر اونگلی کو اوسکے بیچ سے نکالے اسیطرح جب اللہ تعالے احوال اپنی بندہ پر توجہ کرتا ہے اور دوسرا بندہ خاص اوسکی مدد کو بھیجتا ہے تب وہ اوسے ان قیود ظاہری سے خلاص کرتا ہے اسطرح پر مقدمہ خواہش و تمنا و آرزو ہے حکایت ایک مرشد نے اپنے مرید کو واسطے سیر ملکونکے بھیجا تھا کہ جسجگہہ تو پہونچے وہان مشایخون و فقیرون سے یہہ بھی سوال کر کہ ہمہ اوست موافق آیات و احادیث و مطابق قول بزرگونکے ثابت ہی پس بندگی کسکی کرنی چاہیے اور دوزخ کسکے واسطے پیدا کیا ہے وہ مرید اندہا جہانتک اور جس طرف تک جاسکا پھر کر اپنے پیر کیطرف لوٹ آیا اور کہین کسیکا کچھہ نشان نہ پایا اتفاقاً حضرت سید امان اللہ دوثانی سے ملاقی ہوا اور یہی سوال کیا کہ اونہون نے اوسکو نشان دیا ای طالب مولی تو بھی جان جیسا کہ انسان اپنے بدن مین سوائے اپنے نہین ہے اور سب بدن ہاتھہ سر آنکھہ مُنہ وغیرہ سب اوسکے حکم مین رہتے ہین اسیطرح انسان کو چاہیے کہ حکم و بندگی اپنے خدائے پاک مین رہے اور ایسا نکرے جیسا کہ اعضاء اکثر کو نکی اونکی حکم مین نہین ہوتی ہین لڑکا کسی طرف چلتا ہے ہاتھہ خواہ سر اوسکا آگ مین گر پڑتا ہے اور آگ اوسکی آنکھہ مین اچھی معلوم ہوتی ہے اور وہ جلجاتے ہین اسیطرح کام جو خلاف شرع ہین مانند آگ کی ہین نادان و کوتہ سمجھہ والون کے دیکھنے مین اچھی دکھلائی دیتے ہین لیکن جب کسی نے کہ اپنی تئین اوس آگ مین ڈالا وہ جل جاویگا اور خدا کو کچھہ پروا اوسکی نہوگی دیکھو زمین کی حالات پر کہ کسقدر آدمی اوسمین تنور و چولھے و بھٹی بناتی ہین اور زمین کو جلاتے ہین اور کنوین اور حوض و تالاب زمین کو کھود کر بہاتے ہین لیکن زمین کو کچھہ پروائے اوسکی نہین ہی جسقدر زمین تئین چولہا بنے اوسیقدر جلجاتی ہے اگرچہ بدلا گنا ہونکا اسمین ہوتا ہے اور مصیبتین جو گرفتار ہوتے ہین وہ شامت اسیکی ہوتی ہے لیکن عوام کو آرزوی ہوتی ہی اتنی باسی

کہ اونکی سمجھ مین نہین آتا ہے لیکن جاننے والا پوچھتا ہے اور خاص اور نزدیکان خدا کو اوسی گھڑی اور
اوسی وقت معلوم ہوتا ہے بہت لوگ ایسے ہوئے کہ جنکی عمر نے وفا نہ کی اور تلافی گناہونکی اونسے نہوئی اور
اس جہان سے چلے گئے اور چلے جاینگے افسوس صد ہزار یعنی لاکھہ افسوس یہہ لوگ دنیا کی غیر صلاحیت
و پرہیزگاری کے سب کام اور تردد واسطے زیادہ ہونے نزدیکی و عزت کے کرتے ہین اور یہہ نہین جانتے
کہ جڑ عزت کی صلاحیت و پرہیزگاری ہے دولت و قابلیت پر منحصر نہین ہی اسی سبب سے خدا تعالے
اپنے بندون کو نظر رحمت سے دیکھتا ہے اور رسول اللہ صلعم و بزرگ لوگ دوست رکھتے ہین یعنے
صلاحیت واقعی سے اور اوسی برکت سے اس دنیا مین آنکھونمین سب لوگونکی پیار اور بزرگی پانیوالا
اور مقرب ہوتا ہے جسوقت اس دنیا سے جائیگا وہانسے عزت پائیگا یعنی عقبی مین بھی آبرو ملیگی نہین تو
جسوقت شامت گناہونکی پہونچیگی خرابی و پشیمانی مین پڑیگا اسی حال پر بزرگون نی کہا ہی بیت جان بجانان
دہ وگرنہ از تو بستاند اجل ٭ خود تو منصف باش اے دل این نکو یا آن نکو ٭ شعر جان دے معشوق کو
خود ورنہ موت آلیتی ہے ٭ خود تو منصف ہو کہ وہ بہتر ہے یا اچھا یہہ ہے ٭ حکایت ایک دہریہ کو
مذہب والے سے اتفاق پڑا سب باتونسے قایل ہو کر آخر کو یہہ سوال کیا کہ اگر ہمہ اوست یعنی سب وہی ہے
تو کیفیت ایک آدمی کی دوسرے آدمی پر کیون چھپی رہتی ہے اوسکا جواب اسطرح دیا گیا کہ تیری بدن مین
سواے تیرے دوسرا نہین ہے بائین ہاتھہ کی ہتھیلی کی انگلی مین درد ہو جاوے اور وہ کوئی کام
نہ کر سکے تجکو تو اوسکا حال معلوم ہو جاتا ہے تیرے داہنے ہاتھہ کو کیون اوسکی کیفیت نہین معلوم ہوتی
اور یہہ ہاتھہ بھی کام کرنے سے کیون بیکار نہین ہوتا اسیطرح احوال بندہ کا خداے پاک کو معلوم ہوتا ہے
دوسرے آدمی کو نہین معلوم ہوتا تب وہ دہریہ خدا اور رسول پر ایمان لایا بتوفیق اللہ تعالے
یہہ نکتہ اسیواسطے داخل کیے گئے کہ بہت سے آدمی ایسی سمجھ سے خوف دوزخ سے نڈر ہو کر کہ سواے
خدا کے دوسرا نہین ہے اور مین نے بھی یہہ نکتہ جان لیا اور وصل حاصل کر لیا کہ مین بھی دوسرا
نہین ہون سواے خدا کی ایسے سمجھ سے غضب الہی سے نڈر ہو کر گناہون پر باندھتے ہین اسواسطے
فقیر یہہ عاجزی و منت رکھتا ہے کہ جس کسیکے ہاتھہ مین رسالہ پہونچے اپنے پاس لکھہ رکھے اور عجم سے
عرب اور مشرق سے مغرب تک سب صوبجات مین لیجاوے اور جو ہو سکے تو اور ونکے پاس آپ پہونچاوے
کہ اسمین بڑا اجر اوسے ملیگا اور نہایت دینداری ہے کسواسطے کہ شاید کسی اہل دول کی حاکمونمین سے
اگر ہاتھہ انصاف سے اوٹھا لیا ہووے اس لکھے ہوے کو پاوے اور دیکھے اور اسکی سبب سے
آرام خلق خدا کو پہونچاوے اور حاکمون پر فرض بھی ہے کہ اپنے نایبون کے پاس پہونچاوین کیونکہ

وبال آزار پہونچانے خلق کا اوسکے بھیجنے والے پر جسکی وہ نیابت کرتا ہے پہونچتا ہے پس چاہیے کہ
وہ خود بری الذمہ ہوجاوے اور خوشی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی کرے اور دو مقدمہ
ایسے ہی پانچوین باب مین لکھے گئے ہین اونکو جاننا چاہیے اور اگر کوئی شخص غریب بیدولت کو
ایسا عقدہ مشکل پیش آوے اس سے وہ بھی نشان حاصل کرے اور اورونکی طرح بندگی و عبادت
خدا سے باز رہکر اپنی عاقبت کو خراب نہ کرے جیسا کہ ہمہ اوست دونون جہان مین ہے رنج و آرام بھی دونون
جہان مین ہے سمجھہ کہ اگلے بزرگون نے ایسی محنتین کسواسطے کین اور اسقدر خون جگر کیون کھایا کہ وہ
بڑے عاقل اور جاننے والے غیب کے تھے اسکو سمجھنا چاہیے اور کمر کار نیک پر باندھنی چاہیے اگرچہ
وسیلہ بڑا بھاری ہے اوس والی کی شفاعت سے ہم گنہگارونکی گردن سے طوق گناہونکا نکلے گا لیکن
ہملوگون کو بھی چاہیے کہ جسمین رضامندی اونکی ہو بتوفیق اللہ تعالی کوشش کرین تاکہ روز قیامت
آنحضرت سے شرمندگی نہ کھینچنی پڑے اور راہ حاصل ہونیکی یہہ ہے توفیق اللہ رفیق ہووے اگر کوئی چاہے
اسی نکتہ سے مطلب حاصل ہوجاوے اس تلاوت وجود مفصل و مختصر کو یاد کرکے اسی راہ سے
کہ کچھہ پردہ اسمین نہین رہا ہے خطرہ غیر سے باز رہے اور رنج اور درد آدمیون کا اپنے اوپر اوٹھاوے
اور آرام و آسایش لوگونکا اپنے پر مقدم سمجھے اور سبکو اپنے مین دیکھے اور سب مین اپنے کو جانے
تاکہ فضل خدا سے ظاہر و باطن یکسان ہوجاوے اور بدون مرشد کے مقام اعلی حاصل ہو اور اگر
تجھسے ہوسکے دم کو قید کرکے ناف سے اللہ سمیع اور دل پر اللہ بصیر اور مغز مین اللہ علیم کہے اور پھیر
سرے سانس کو اوسی کلمہ کو کہتے ہوئے ناف مین لاوے اور اسیطرح ناف سے مغز تک سانس کو کھینچے
اور اوتارے ان تینون مقامات سے بھی کشود کار ہوگی اسکو سہ پایہ کہتے ہین لیکن اس شغل کو
مرشد درکار ہے کیونکہ اس راہ مین کانٹے و کھڈ ہے بہت و راہ مارنے والے زبردست ہین اور کئی
عمل ایسے ہین کہ لکھنے مین نہین آسکتے ہین مرشد کامل سے حاصل ہوسکتے ہین اور سن کہ یہہ تینون
خدمتین خدا کی طرف سے مقرر ہین کار دنیا و کار طریقت و کار شریعت انمین سے جو تجھسے ہوسکے
بادیانت و امانت ادا کرنا چاہیے لیکن نتیجہ ہر ایک خدمت کا علحدہ درجہ رکھتا ہے جو شخص کہ ان تینونسے
باز رہکر اپنے نفس کے کام مین گرفتار رہے اوسپر خدا اپنا غضب نازل کرتا ہے یبغض السیات
اُنفارغ اور سب کام و فعل مین عذاب و ثواب شریک ہین اور یہہ نیت سے تعلق رکھتا ہے اگر
نیت جانب حق ہے عین ثواب ہے اور اگر نیت جانب نفس ہے محض عذاب ہے الا کئی عمل
مثل بدکاری اور جوا کھیلنے وغیرہ کی کہ جنسے غفلت اور فراموشی حاصل ہوتی ہے اون اعمالون مین کچھہ

صواب نہین ہے اور نہ کسیکی رگ سے اپنے عمل ظاہر ہوتی ہین لیکن جو شخص کہ راہ طریقت مین پڑا ہو کا طبیعت اوسکی ہر ایک کام مین جانب حق ہوگی نہین تو یہہ کام بڑا بھاری مشکل ہے کیونکہ نفس امارہ ہر ایک آدمی پر غالب ہے اور خطرہ نفس سے تعلق رکھتا ہے اور وہ خطرہ نفس نیت کو بھی شامل کرکے اپنی طرف کھینچتا ہے اور جسوقت انسان طریقت مین پڑجاتا ہے اوسوقت دل نفس پر غالب آتا ہے اور ذہن بھی دلسے تعلق رکھتا ہے اور یہہ ذہن خطرہ سے طالبون کو وقت مشاہدہ عاجز کرتا ہے اور صورت کو نفس باندہنے نہین دیتا اور طالب ذہن کو نفس پر رجوع کرتا ہے جسوقت تک کہ خطرہ غالب ہے وہ اوسے اور طرف لیجاتا ہے اور جبکہ ذہن خطرہ پر غالب ہوا اوسوقت ذہن نیت کو حق کی طرف لیجاتا ہے نماز وغیرہ سب کامونمین ایسا ہی ہوتا ہے جبکہ کثرت شوق سے ذہن طالب خطرہ پر غالب آتا ہے اوسوقت نفس مشاہدہ بند ہوجاتا ہے اور جو کام وفعل کہ اوس سے ظاہر ہوتا ہے طرف حق ہوتا ہے اس خطرہ کو بھی آدمیون نے نہین پایا ہے کسی نے چار خطرہ کہے ہین اور کسی نے دو خطرہ مگر جان تو کہ ایک ہی خطرہ ہے اور ایک ہی ذہن دونون ایک ہین ہندو لوگ اسی سُرت وچت نام رکھتے ہین اور وہ بھی جان نہین سکتے سُرت ذہن ہے اور چت خطرہ جیسی کہ نفس و دل اور کفر اور اسلام اور برا و بھلا اسی طرحسے یہہ بھی ہین اگرچہ ہندو لوگ بھی اس کسب سے سیر آسمان وروہی زمین کی کرتے ہین اور اسیکو غنیمت جانتے ہین لیکن جبجگہہ مقصد اصلی ہے بدون وسیلہ محمدی صلعم نہین پہونچتے ہین اور ناچیز مرتے ہین پس سبکو چاہیے کہ دل کو نفس پر غالب کرین اور ذہن کو خطرہ پر تاکہ ایمان دار حقیقی ہوجاوے اور پیار اسب کا تمام بھید اور کیفیت بدن یعنی وجود کی کہ راز ہیجاننے خدا کا ہے لکھی گئی لیکن حقیقت اس سانس کی کہ آتی ہے اور جاتی ہے ازروے ادب قلم مین نہین لاسکتے کہ لائق سننے اور پڑہنے ہر کسیکے نہین ہے اسکو پیر تن اور انسان چاہیے جسمین یہہ سما سکے اور اوس کو کہا جاوے مثال اسمقدمہ کی اگلی باب مین معلوم کر

باب چہارم دربیان سوال طالب

ابتدا مین طالب صادق کو شوق الہی پیدا ہوتا ہے اور خدا کو ڈہونڈتا ہے اور پاس مشائخون اور بزرگونکے جاتا ہے اور سوال کرتا ہی کہ خدا کہان ہے اور کیسا ہے اوسکی جواب مین ڈہونڈہنی والیکو وہ لوگ اشغال و شغل الہی مین مشغول کرتے ہین اوسکی برکت سے وہ ڈہونڈہنے والا حقیقت الہی کو اپنی نظر سے دیکھتا ہے لیکن مدعا ڈہونڈہنے والے کا یہہ ہوتا ہے کہ اسوقت نشان ملے اوس مدعا کو ڈہونڈہنے والی کی نیت کو نہین پہونچاتا ہی کیونکہ وہ بات چیت مین

ادا نہین ہوسکتا اور کہنے مین نہین آسکتا اسواسطے ضرور ہوا اس سمجھنے کے لیئے کچھہ لکھنا جان تو ایک پانی
جیسا کہ دریا پانی کا ہے اور اوس دریا مین تمام جانور مچھلی وغیرہ ہین ویسا ہی یہہ دریا ے وحدت ہے
اور اس دریا مین دونون جہان ہین اور اسمین تمام جن وآدمی وغیرہ اٹھارہ ہزار عالم ہے اور پانی کی
دریا مین مچھلیان اس کنارہ سے اوس کنارہ کو جاتی ہین اور کوئی جگہہ پانی سے خالی نہین پاتی ہین
اور مچھلیان کو چلنے سے پانی مانع نہین اور پتھر ولکڑی وغیرہ پانی مین مچھلیون کو دکھلائی نہین دیتا ہی
اور جو کچھہ سوجھتا بھی ہے تو اوسکو وہ سوائے پانی کی اور نہین جانتی ہین ویسی ہی اس اٹھارہ ہزار
عالم مین یہہ انسان جس جگہہ جاوے سب جگہہ خدا کو موجود دیکھنے والا سمجھے اور دریا ے وحدت
یہہ تمام دونون جہان ہے جیسا کہ کہا ہے رباعی ہرگز نگند آب حیات اندر یخ ✽ یا آنکہ کند نفس
حباب اندر یخ ✽ حق بحر حقیقت است وکونین دروست ✽ چون یخ بمیان آب وآب اندر یخ ✽ شعر
برف مین پانی نہین بنتا ہے ہرگز بلا ✽ یا کہ پلی کا نہین جمتا ہے یخ مین نقشا ✽ خالق ہے بحر حقیقت کا
وکونین اوسمین ✽ آب مین برف ہے اور برف مین پانی جیسا ✽ قدرت خدا کی سب جگہہ
بھری ہوئی ہے جیسی کہ اوس دریا مین پانی ہی اس دریا مین ذات پاک بزرگ وبرتر ہے ہر ایک کو
دکھائی نہین دیتی بکمال قدرت اپنی سے اوس ذات بیچون وبیچگون وبی شبہہ وبے نمونی نام پایا ہی
جسوقت تک کہ یہہ پردہ مونہہ پر انسان کی ہے اوسکو حیوانات مین گنتے ہین گیا ہوا جنسیت و
صورت انسان کی ہوئی خدا کے مرد اس صورت کا کچھہ اعتبار نہین کرتے ہین اونکی نزدیک آدمی
وہ ہی ہو خصلت نیک رکھتا ہو یعنی طالب راہ حق ہو صورت والی کو وہ لوگ آدمی نہین جانتے
کہ صورت کام نہین آتی ہی جیسے کہ جو لوگ گانو مین رہتے ہین شہر والے اونکو مثل حیوانات جانتے ہین
فقیر لوگ ویسی ہی تمام آدمیونکو گنتے ہین سبب اسکا یہہ ہے کہ فقیرون نے وہ پردہ اوٹھا ڈالا ہے
یعنی غیریت کا اپنے کو اور خدا کو کہ دونون ایک ہین پہچانا ہی سب آدمیونکو چاہیے کہ کوشش کرین
تو فضل الہی سے انسان ہو جاوین جیسا کہ کہا ہے بیت ماز دریا ئیم ودریا عین ماست ✽
این سخن داند کسی کو آشنا ست ✽ شعر ہم ہین دریا سے ودریا عین ہم ✽ اسکو وہ جانے کہ جو
ہو آشنا ✽ فرد امروز این جمال تو بے پردہ ظاہر ست ✽ در حیرتم کہ وعدۂ فردا برای چیست ✽
دیگران را وعدۂ فردا بود ✽ عاشقان را نقد ہم اینجا بود ✽ شعر بے پردہ یہہ جمال تیرا آج ظاہر ہے
حیرت مین ہون کہ وعدۂ فردا ہے کس لیئے ✽ وعدۂ فردا ہے اورون کے لیے ✽ عاشقون کو نقد
ہے یہان بھی ملے ✽ اور راہ حاصل ہونے مطلب کی یہہ ہے مصرع راضی بہ رضا باش ✽ قانع بقضا

ترجمہ راضی برضا رہے وقانع بقضا۔ پردہ دوئی کا اوٹھا اندر اور باہر ایک ہوجا جو کچھ کہ ہے
دونون جہان ہین اور سوا اوسکے اور جو دکھائی دے سبکو ایک جانے اور ایک دیکھے
فَاَیْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ولیکن یہہ کام عقل وتمیز سے نہین حاصل ہوتاہی کیونکہ عقل علم کے
پڑہنے سے زیادہ ہوتی ہے العلم حجاب الاکبر کہاہے اور اوسکی حاصل ہونیکی راہ دو طرح پر ہے
ایک صحبت سے مرشد کی دوسرے اگر مرشد دور ہو تو اپنے نفس سی مخالفت کرے یعنی مطالعت
نفس نہ کرے اوسکے خلاف کرے اس سبب سے خدا اوپر بندہ کی مہربان ہووے اور پردہ اوسکی
مونہہ سے اوٹھاوے کسواسطے کہ اپنے نفس کی سبب سے یہہ بندہ خدا سے دور پڑتاہے افسوس
ہزار افسوس آدمی لوگ واسطے زیادتی عقل کی بہت روپیہ خرچ کرتے ہین اور ہزارون تصدیعات
اپنی جان پر کھینچتے ہین اور رات دن خون جگر کہاتے ہین اور علم حاصل کرتے ہین اور اوس سے
اپنے کو صاحب عقل وصاحب سمجھ اور فاضل یعنی بزرگ وعالم یعنی جاننے والا سب علم کا اور عاقل
یعنی صاحب تمیز وشعور کہلواتے ہین اور بعد اوسکے اورونکو عقل دیتے ہین اور تعلیم کرتے ہین اور
آپ ایسی عقل نہین رکھتے کہ اپنے دشمن کو پہچانین اے بھائی کوئی تیرا دشمن نہین ہی مگر یہی نفس تیرا
اور اسی کی سبب سے تو خرابی مین پڑا ہے اور پڑتا ہے اور اسی کو تو دوست رکھتا ہے اگر ایکدن
بھوکھا رہتا ہے واسطے اپنے نفس کے خدا سے بیزار ہوتاہے اور نفس کو خوش رکھتاہی اور اپنی
نفس سے کبھی ہرگز بیزار نہین ہوتاہے کہ اسمین خوشی خدا کی ہے پھر کسطور سے خدا تجھپر مہربان
ہووے اور تجھے نعمت ہمیشہ کے لیے بخشے حکایت ایک بادشاہ اپنے ملک مین پادشاہی
کرتا تھا ایکدن تمام عالمون اور فاضلون اور مشایخون یعنی بزرگان حال وقال کو بلوایا اور کہا کہ تم لوگ
روزینے اور جاگیر اور دیہات پاتے ہو اور کھاتے ہو مجکو بتلاؤ کہ مین بہشت مین جاؤنگا یا دوزخ مین
نہین تو مین تم سبکو قتل کرتا ہون یہہ سب لوگ اس فکر مین ہوئے مگر کسیکو جواب نہ آیا لاچار ہوکر
وعدہ کیا کہ ایک ہفتہ مین ہم جواب اسکا دینگے بادشاہ نے قبول کیا اور سبکو رخصت کیا بہت لوگ
بعضے اپنے گھر و نمین اکر فکر مین پڑے اور بعضے شہر بشہر اور گانون گانون گھومتے تھے کہ کوئی فقیر اور بزرگ
ایسا ملے کہ جواب اس سوال کا دیوے ایک دن اونمین سے ایک کو حضرت شیخ سعدی شیرازی
رضی اللہ عنہ ورحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی اوسنے اونکی خدمت بابرکت مین اظہار اس
معاملہ کا کیا وہ اوسکے ساتھہ بادشاہ کے سامنے آئے پادشاہ نے وہی سوال اونکی خدمت مین بھی کیا
شیخ صاحب نے فرمایا کہ تمنے کبھی اپنے نفس کی ساتھہ مخالفت کی ہی بادشاہ نے فرمایا بعد تھوڑی

دیر کے فکر سے سر اوٹھاکر کہ ایکدن مین نے مخالفت نفس سے کی ہے شیخ صاحب نے فرمایا وہ کیونکر
بادشاہ نے جواب دیا کہ ایکدن مین بھوکھا تھا کھانا مین نے مانگا جب کھانا آیا مینے نہین کھایا
اور ایک فقیر کو بھجوادیا شیخصاحب نے کہا کہ تو بہشت مین جاویگا کما قال اللہ تعالے
و نہی النفس عن الہوی فان الجنۃ ہی الماوی اے بھائی فقیر لوگ تمام عمر اسی طور جون جگر
کھاتے ہین اور اپنے نفس کے ساتھہ لڑائی کرتے ہین قطعہ نفس گبر سرکش است کشتن گبران
رواست ٭ تا کشندہ نفس چون میرد بجز مردار نیست ٭ گر حیات خوب خواہی نفس را گردن بزن ٭
زانکہ کس از وے قوی تر دشمن و بیدار نیست شعر ترجمہ نفس یک کافر ہے سرکش قتل کافر ہے روا
ہے سوا مردار سے بے نفس مارے جو مرا ٭ زندگی چاہے جو اچھی مار گردن نفس کی ٭ اوس سے
بڑھکر کوئی دشمن ہے نہین و بیدار کا ٭ اس سبب سے خدا تعالے ایسی قوت دیتا ہے کہ آدمی
نفس پر غالب آتا ہے و بیزار ہوتا ہے کما قال اللہ تعالی وما ابرئ نفسی ان النفس لامارۃ
بالسوء الا ما رحم ربی ان ربی غفور الرحیم جس وقت کہ کمال کرم کو تمام اپنے مین ملالیتا ہے
اور بندہ واصل الحق انا الحق کہنے لگتا ہے اگر تو ایسا نہین کرسکتا ہے تو دو چار مرتبہ نفس کو زیر کر
کہ بادشاہ ہوجاوے اور نفع اوسکا معلوم کر اگر سینہ کو کریگا تو نظر دل سے دیکھیگا اگر ہمیشہ
ایسا کریگا مرتبہ ولایت کا پاویگا اور پردہ حجاب کا اوٹھہ جاویگا اور واصل حق ہوگا طریق شغل زبان
دل سے لا الہ کھکر بند کرے اور دل سی خطرہ خودی اور سب کاموں خطرات جو تعلق بہ محسوسات ہین
دور کرے ایسا کہ بھول جاوے کہ کچھہ نہین ہی بعد تھوڑی دیر یعنی ایک ساعت کے الا اللہ کہکر آنکھہ
کھولے اور سبکو موجود جانے تو یہہ درجہ حاصل ہووے کہ جسوقت لا الہ کہے آدمیونکی نظر سے
غایب ہوجاوے اور جسوقت الا اللہ کہے سبکو دکھلائی دے اور یہہ عمل نفی و اثبات کا ہے
واسطے گناہونکے توبہ و استغفار بیچ درگاہ خدا کے بخشنے والیکے خوش اور قبول ہے
قولہ تعالی وہو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ ویعفوا عن السیئات عن عبادہ و
یعلم ما تفعلون طو دیگر آنکہ یعنی دوسری یہہ کہ واسطے گناہونکے توبہ استغفار بہت اچھا ہے
اگر بڑے گناہ بھاری ہون توبہ و استغفار کرے اور اپنے نفس کو تنبیہ پہونچاوے کہ یہہ نفس
عاجز ہوجاوے اور غلبہ نکرے تب خدا بزرگ و برتر بخشتا ہے اور سوا اسکے ان دو راہ کی بوجھہ
نہین ہوتا ہے اور فضل خدا کا چاہیے اور یون تو سب آدمی کہتے ہین کہ سب وہی ہے یعنی ہمہ و
اور ہندو لوگ بھی یہی کہتے ہین کہ ہمہ اوست اس کہنے سے کیا ہوتا ہے اور مرشد بھی پہلے دن

فرماتا ہے جیسے کہ لڑکے کو مکتب مین الف سکھلاتے ہین اگر اسی سے مطلب حاصل ہو جاوے تو فقیر لوگ ایسی کد و کاوش و محنت اپنے اوپر نہ کھینچین اسے بھائی کہنے و سننے سے مطلب نہین نکلتا ہے اس راہ مین پردہ بہت ہین مرشد کامل چاہیے کہ نشان دیوے نہین تو ہنود لوگ بھی کہتے ہین کہ ہمہ وست اس کہنے سے کیا ہوتا ہے فرد سینہ آئینہ گر کنی ز طعام ۔ یابی اسرار آلہی انعام ۔ شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین اندرون از طعام خالی دار ۔ تا درو نور معرفت بینی ۔ ترجمہ جو تو کھانے سے کرے سینہ کو آئینہ مثال ۔ پاوے انعام اوسکا اسرار الٰہی کو تو حال ۔ پیٹ کے اندر کو تو کھانے سے خالی کر رکھے ۔ تب تو دیکھے معرفت کی روشنی کو اوسکے بیچ ۔

باب پنجم دربیان حل مسئلہ

سب لوگ کہتے ہین و جانتے ہین کہ جو کچھ خدا چاہتا ہے وہ کرتا ہے لا یتحرک ذرۃ الا باذن اللہ اور دوسری جگہہ کہا ہے وجف القلم بما ہو کائن مصرعہ نگردد قلم زانچہ کرد اہد ۔ ترجمہ قلم جو پھیر چکا ہے تو پھر نہین پھرتا ۔ اور یہہ بھی کہتے ہین کہ بندہ فاعل و مختار ہے یہہ تینون باتین آپسمین مخالفت رکھتی ہین اگر اسمین سے ایک کو ثابت کرے تو اور دو جھوٹھہ ہوتی ہین اگر کسیکو باطل سمجھو تو گناہ کبیرہ حاصل ہوتا ہے اور اسکو کسی نے تحقیق نہین کیا ہے افسوس کہ لوگ کہتے ہین کہ یہہ مسئلہ مشکل ہے امام اعظم اسکو حل نہ کر سکے واللہ اعلم بالصواب اور سننے سے اس بات کی سبب لوگ معذور ہین اور کوشش نہین کرتے ہین اور اسکو حل نہین کرتے ہین یعنی اس مسئلہ کی باریکی کو نہین کھول سکتے اور نہ او سے پہونچتے ہین مسئلہ کے پیچھے مثل معمّا و چیستان کے سر مارتی ہین اور اپنے کو پریشان کرتے ہین اور اسکے اصل مقصد پر سمجھہ و فکر و عقل کو نہین دوڑاتی اور اس گینہ بیش قیمت بلکہ بے انتہا قیمت کو میدان سے نہین لیجاتے اے بھائی فضل خدا سے واسطے سمجھنے ڈہونڈھنے والونکے لکھا جاتا ہے اگرچہ کچھہ بھی عشق کا بیج تیرے دل کے کہیت مین پڑا ہے تو یہہ پانی کھینچکر اوس بیج پر ڈال تا کہ سبز ہووے اگر کوشش کمال کریگا پھل لاویگا اور اوسکی لذت کو تو کھاوے گا اللہ تعالےٰ سب بندون اپنے کو اسی خوش دل رکھے آمین اے بھائی سب آیتین قرآن مجید کی اور تمام حدیث پیغمبر علیہ السلام کی اور کل قول بزرگونکے برحق آمنا و صدقنا اور اوتر آیات کا اور فرمایا ہوا اوس مالک دوجہان کا درود اللہ کا اوپر اوسکے اور سلام بغیر حکمت خالی نہین جف القلم بما ہو کائن اسواسطے فرمایا ہے کہ کام دنیا کا اوپر قسمت کے چھوڑو اور کام آخرت کا آگے لو یعنی حتی الوسع اوسکا سرانجام ہر وقت مد نظر رکھو اور جو ہو سکے اوسے کرتے جاؤ غافل نہ ہو بیوقوفون نے دنیا کی کامون کو

تو آگے لیا ہے اور عاقبت کو قسمت پر چھوڑ بیٹھے ہین اور بندہ کو فاعل و مختار اسواسطے فرمایا ہے کہ عاجزی
و غریبی کو آگے کر کے عمل نیک کرے تو خدا تعالی اچھی جگہہ لیجاوے اور اچھے کام اوسی سے کراوے
اور آدمی لوگ کام نفع دنیا کی عمل مین لاتے ہین اور اوروں کو نقصان پہونچاتے ہین اور برے کام
کرتے ہین اوسوقت اوپر حدیث لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ نظر کرتے ہین کہ ہین کچھہ نہین ہون
جو کچھہ کرتا ہے وہ کرتا ہے یہہ کمال بیوقوفی ہے امام اعظم صاحب نے فرمایا ہی کہ اختیار اپنا ہیچ
کسی کام سے نہین دیکھتا ہون واقعی وہ مقرب آنحضرت کے تھے اور وہ ہیچ اختیار مولا کے تھے
اور یہ مثل دنیا مین بھی ہے جیسے کہ خدمت مین ہر ایک بزرگ کی کئی خادم و مرید ہوتے ہین اوسمین
جو سچے اعتقاد کے اور نزدیک ہو گئے اپنے اختیار سے گذر جاتے ہین اور موافق مرضی مرشد کے کاروبار
کراتے اور حکم ہادی کو اوسیوقت بجا لا کر حاضر ہوتے ہین اور باقی خادم و مرید داخل عوام الناس ہین
پس امام اعظم صاحب نے اپنے اوپر نظر کر کے فرمایا تھا عوام الناس پر نظر نہین کی تھی اب تو
سمجھہ کہ اگر بندہ فاعل و مختار نہوتا تو کوئی گناہ بندہ پر ثابت نہوتا اور قیامت کے روز باز پرس
نہوتی اور یہہ سلطنت و بادشاہی بھی مقرر نہوتی یہ بادشاہ اسواسطے مقرر ہوئے ہین کہ غریبون پر
کوئی زبردستی نکرے اور ظلم نہ پہونچاوے اور جو شرع کے خلاف ہین وہ کام نہ کر سکے کوئی شخص
کیونکہ قیامت کی دن بادشاہ ہونے یہہ باز پرس سب سے پہلے ہوگی **اب تو جان جیسے**
کہ یہہ چھوٹا عالم وہ بڑا عالم ہے جو کچھہ قاعدہ اس جگہہ ہے ویسا ہی وہان ہی چنانچہ بادشاہ
حقیقی احمد بلا میم ہے اور یہ بادشاہ نایب اوسکا ہے جو کچھہ روزینہ لوگون کا کرتے ہین موافق تصدیق
کے پروانہ مع شرط خدمات تنخواہ کی لکھا جاتا ہے اوسی موافق چٹھی روپیہ کی پاتی ہین سوائے
اسکے ایکدام و درم نہین پاتے ہین اسجگہہ پر کہا ہے **مصرعہ** نگردد قلم زانچہ گردانده ⁂ **ترجمہ**
پھرے نہ اوس سے قلم جو پھر اچکا ہے تو ⁂ اور نوکر کو واسطے کام خدمت کی بھیجتے ہین وہان
جو کچھہ اوسکی دلمین آتا ہے وہ کرتا ہے اگر موافق مرضی اور حکم آقا اپنے کے کام اور محنت و تردد
ظاہر کیا اور اپنی آرام پر نظر نہ کی اور ہمیشہ آقا کو اپنے سے راضی رکھا البتہ ایکوقت آقا بھی اوسپر
مہربان ہوگا اور عنایت کریگا اور اضافہ دیگا اور اگر اپنے مالک کی کہنے کو بھول گیا اور متابعت تابعداری
اپنے نفس کی کری اور عیش و آرام مین پڑ گیا تو اعتراض خفگی[۱۲] مین آ کر خرابی ہمین پڑے گا
اگر خواہش و مرضی بندہ کیطرف کامون نیک کی ہووے اوسکی خدا تعالی اوٹھا کر نیک جگہہ
لیجاتا ہے اور اوس سے نیک کام ظہور مین لاتا ہے اور جو نیت و خواہش بری کامونکی طرف ہووے

تو از روے غضب کی اوسکو بری جگہہ لیجا کر فعل بد کا مرتکب کرا یا ہی تہیہ پادشاہ موافق کام کی نتیجہ دیتی ہین
اور خداوند بزرگ و برتر و برکت دینے والا موافق نیت و خواہش کے پہل دیتا ہے اگر بندہ فاعل و مختار
نہ ہوتا کوئی گناہ ثابت نہ ہوتا اور یہہ سلطنت بہی نہوتی بلکہ اوترنا انبیا و کتب سماوی کا بہی لازم نہ ہوتا موافق
لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ و جف القلم بما ہو کاین کاروبار جاری ہوتا اور کوئی شخص کرنے سے
فعل ہاے خلاف شرع کی لوگونکو منع کرتا تو دعوی خدائی اوسپر ثابت ہوجاتا کہ یہہ مقدمہ عین کفر ہے
دہریہ لوگ اپنی تقریر سے شرع والے آدمیون سے مکابرہ یعنی بحث و تکرار کرتے ہین اور کہتے ہین کہ جو یہہ
حدیثین صحیح ہین تو عالموں کو اور اونکو بری کام کرنیسے کیون منع کرتے جو یہہ کہو کہ یہہ حدیثین
جہوٹی ہین کوئی شخص اونکی عہدہ سے برنہین آتا ہے یعنی اونسے نہین جیت سکتا ہے اور چپ رہ جاتا ہے
بلکہ ان باتونکی سن سنے سے بہت سے آدمی اپنے کو گمراہ کرتے ہین اور عاقبت اپنی برباد دیتے ہین
پس مطلب یہہ ہی ہے کہ بندہ مختار غریبون پر ظلم کرے اور اور کام خلاف شرع کی نکرے کہ حشر کی یعنے
قیامت کے دن پادشاہون سے بہی پوچہا جاے گا کہ عدل اور انصاف ایک گہڑی کا اور عبادت ستر برس
کی برابر ہے یہہ بزرگی تمام و بخشش سب چیز کی بادشاہان عادل کیواسطے ہے حاصل کلام یہہ ہے کہ کوشش کر
اور ایسا مت کہہ کہ فلانی فقیر و بزرگ نے ایسی نعمت حاصل کی ہے اور مین عاجز و غریب ہون یہہ بات
نا سمجہون بد عقل و کم ہمتونکی ہے اسجگہہ ہمت بکار فرما ہو کیونکہ جو ہاتہہ و پیر اور دل اور آنکہہ اور تمام اعضا
تجہکو دیئے ہین ویسی ہی فقیرون و بزرگون کو دئے ہین اونہون نے بہی کوشش و محنت کی اگرچہ اونکو
درجہ پہلے دن پیدایش سے تہا کہ اوس سے اولیا و غوث و قطب ہوئے مگر بہت سے آدمی اونکی
خدمت کی سبب سے درجہ کمالیت کو پہونچے اور اونہون نے اپنی مراد حاصل کی ہے اگر تو بہی کوشش کرے
البتہ ہوجاوے گا خداتعالی نے محنت کسیکی ضائع نہین کی ہے جیسے محنت و مزدوری کریگا ویسا ہی
نتیجہ پاویگا اور قرآن مجید مین خبر دیتا ہے یمحو اللہ ما یشاء و یثبت یعنی بہول مت جاؤ خداتعالی
جس چیز کو چاہتا ہے اور ثابت کرتا ہے جس چیز کو کہ چاہتا ہے یعنی اگر قسمت نیک ہو اور آدمی بری کام
کرے تو اوس قسمت کو ہٹا کر اوسکی جگہہ اچہی قسمت ثابت کرے اور اگر قسمت بری ہو اور آدمی نیک کام
کرے تو اوس قسمت کو مٹا کر اوسکی جگہہ اچہی قسمت ثابت کرکے دیوے اس سے سمجہو کہ بہت سے
آدمی اس دنیا سے اپنا نقصان کرکے جاتے ہین اور جاوینگے اور بہت سے لوگ فائدہ و نفع حاصل کرکے گئے ہین
اور جاوینگے لیکن عقلمند آدمی کو چاہیے کہ تردد کمال کرے تا کہ اوس کلمہ شریف کو اپنی آنکہون مین مثل
پتلی کے نصب کرے یعنی بٹہلاوے اور مرد دنیا مین وہی مرد ہے جو کوئی کہ دونو جہان کی لذت سے

فرد ہے یعنی تنہا ہے غرض کہ جسنے سب لذتونکو چھوڑدیا بلکہ مٹادیا اور آپ اکیلا رہگیا اے دوست اپنی جان کو
دوست مت رکھہ جبتک کہ دوست ہاتھہ لگے اور راہ حاصل ہونی ملاقات معشوق کی یہہ ہے کہ جو کچھہ تیری
آنکھہ مین اچھا معلوم ہوا اوسپر عاشق مت ہو لیکن عاشق اوسجگہہ کا ہو کہ وہان تو پہونچ نہ سکے جیسے کہ
مجنون و فرہاد یہان ہوئے ہین پہلے ابتدا مین عشق ظاہری اونہون نے کیا بعد اوسکے بہ سبب نہ پہونچ
سکنے کی وہان تک ہاتھہ عشق ظاہری سے اوٹھا کر ساتھہ عشق حقیقی کے ہاتھہ پہونچایا اور مراد حاصل ہوئی
لیکن یہہ راہ بہت کٹھن و کڑی زیادہ ہے اسمین نفس بواقعی مرجاتا ہے شغل دوسرا وہ ذکر ہے
کہ جو سانس بھیتر جاتی ہے اوس سے لا الہ کہے اور جو باہر آتی ہے اوس سے الا اللہ کہے اور بعضے
کہتے ہین کہ ایسا کرتے ہین جو دم باہر آتا ہی اوس سے اللہ کہتے اور جو بھیتر جاتا ہے اوس ہی ہو کرتی ہین
یہہ راہ نگاہ رکھنے سانس کی ہے اور اسکو پاس انفاس کہتے ہین دوسرا ذکر زبان بند کرکے
کہ دلمین اللہ اللہ کہتا رہے اور دوسرا وہ ذکر ہے کہ تلی برابر ناف کے بائین طرف ہی اوس سے
لا الہ کہے اور دل سی الا اللہ اور جگر سے محمد اور ناف سے رسول اللہ کہے ان طریقون سے بھی کلمہ بزرگ نصیب
عین ہوتا ہے یعنے آنکھونمین جگہہ پکڑتا ہے اور کہجاتا ہے اور نہایت درجہ تر نصیب ہوتا ہی افسوس
افسوس اے بھائی عمر آدمی کی تھوڑی ساٹھہ سے ستر برس تک ہوتی ہے جو بیچ عیش و خوشی اور اون
کامون دنیا کی گذرہی گی گذرجائیگی اور عشق الہی مین محنت و درد ہے تو بھی گذرجائیگی لیکن یہہ ایک
درد تحفہ ہے جس کسی نے لذت اس درد کی پائی ہے ہرگز اس درد کی گھیرہ سے باہر ہونا نہین چاہتا ہے
اور آرام و دلجمعی ہمیشہ کی حاصل کرتا ہے اے بھائی حقیقت مین اسی کام کو حق الہی کہتے ہین اگر اس حق الہی کو
ادا کریگا تو اس حق مین حق سب کا ادا ہوجاے گا نہین تو کسیکا حق تو ادا نہین کرسکتا ہی نہین سنا ہی تونی
حکایت ایک لڑکا تھا نیک بخت خدمت اپنی ماں کی بہت کرتا تھا ایکدن رات کی وقت اوسکی مان کو
پیاس معلوم ہوئی لڑکے سے پانی مانگا لڑکا اپنی مان کی آواز سنکر چارپائی سے اوسی وقت اوٹھا اور پیالہ
پانی کا بھرکے ہتھیلی پر رکھہ کر اپنی مان پاس پہونچا اور دیکھا کہ مان سوتی ہے جگایا نہین اوسی جگہہ کھڑا رہا
کیونکہ از روے ادب جگا نہ سکا تمام رات گذرگئی اور صبح ہوئی مان نے اپنی آنکھہ کھولی دیکھا کہ لڑکا پیالہ
پانی کا بھرکے ہاتھہ مین سے لیے کھڑا ہے کہا کہ اے فرزند تو اوسیوقت سے کہ مین نے پانی مانگا تھا کھڑا ہے
لڑکے نے کہا کہ ہاں اسیطرح تمام عمر اپنی مان کی خدمت اوسنے کی تو بھی حق مادری اوس جوان سے
ادا نہوا اے بھائی اس آدمی سے کہ حق مان کا ادا نہوا حق اور تمام لوگون کا یعنی مان اور باپ اور بیوی
او لڑکا اور بھائی اور لڑکی اور حق ہمسایہ وغیرہ کس طور سے ادا ہوگا اوس لڑکے مذکور نے اس عمر میں

حق خدمت خدا کا بھی ادا کیا تب اوس سبب سے ماں کی حق سے بھی ادا ہوا کسواسطے کہ یہہ سبب تمام حق اوپر
اوس بندہ کے خدا نے مقرر کیے ہین اور حق اپنا علیحدہ مقرر کر رکھا ہے آداب حق الیعنی فقیر لوگ
جانتے ہین کہ لوس حق کے ادا کرنیسے حق یعنی خدای عزوجل مہربان ہوتا ہے اور مرتبہ بہت دیتا ہے
او رحق سبکا اوس بندہ کو بخشش یعنی معاف کر دیتا ہے چاہیئے کہ حق حقیقت ادا کرے کے غریب و
بیچارون پر مہربانی کرے کیونکہ یہہ بھی عبادت ہے اور بدلہ بڑا رکھتی ہے لیکن جسوقت کہ ان کامو نسے
تجھے فراغت ہووے اور رات ہوجاوے اوسوقت مین کچھہ کام دنیا کا نہین ہوتا ہے تھوڑا بہت
شغل طریقت بھی تو کر تارہ قصہ مختصر یہہ ہے کہ اگر تجھسے ہوسکے تو کر نہین خداے بزرگ و برتر کی پروا نہ
اور اختیار ہا تھہ مین مختار کے ہے اور پہچاننا اور دریافت کرنا بھی ایسی باتون کا فضل الٰہی سے تعلق
رکھتا ہے قصہ مختصر یہہ ہے اور حضرت سید مذکور نے بیچ حقیقت تمام عذاب و ثواب کی دو عمل
عذاب اور ۲ دو ثواب اور دو فرض اور دو سنت قرار دیے ہین جو کوئی دعوی انسانیت رکھتا ہو
اسپر قدم مضبوط رکھے یعنی اپنر ثابت قدم رہے اور عمل کرے تو نتیجہ نیک پاوے بیان
دو عمل ثواب ایک جبر کرنا اپنے نفس پر دوسرے پرورش کرنا دوسرونکی دل کا بیان دو عمل
عذاب ایک تابعداری اپنے نفس کی دوسرے آزردہ کرنا یعنی دکھانا اور ستانا اورونکی دل کا
دو فرض یہہ ہین ایک عشق و محبت الٰہی دوسری فکر و نرد دو بیچ ذکر الٰہی مین دو سنت یہہ ہین
ایک چھپانا عیب آدمیونکے دوسرے بھول جانا اپنی سخاوت واحسان کو جو کسی کے ساتھہ کیا ہو
چاہیئے کہ احسان کرنا اپنے مقدور بھر کسی سے تو دریغ نرکھے جو کوئی ان آٹھہ عمل کو بجا لاوے وہ مرد
واصلان یعنی پہونچے ہوے اور ملے ہوے خدا سے ہوجاوے اور جو کوئی ان سب آٹھہ عملو نسے
ایک عمل اپنے اوپر ثابت کرے وہ مرد بہشت مین جاوے اور جو بہشت مین نجاوے جنگل و اسکا
میری دامن پر ہووے بیان آٹھون خصلتون مذکورہ نثر کا نظم مین دو ثواب اور
دو عذاب اور فرض دو سنت ہین دو ٭ ہوا گر عاقل تو گوش دل سے تم اسکو سنو ٭ دو ثواب
ہین وہ کہ جنسے حق مین واصل ہووے تو ٭ گر عمل ہو تیرا او نپر خوب جان اسے نیک خو ٭
اولا تو نفس امارہ پہ اپنے جبر کر ٭ دوسرے اورون کی دل کی پالنے پر کس کمر ٭ دو
عذاب ہین وہ کہ اون سے ہردم اپنے کو بچا ٭ ورنہ دوزخ کی مصیبت مین تو ہوگا مبتلا ٭
ایک تابعداری اپنی نفس کی مذموم تر ٭ دوسرے اورونکے دل کو رنج دینا ہے مضر ٭
اور دو فرضون کو بھی بتلاؤن تجکو پہچان ٭ ایک ہے عشق الٰہی دوجا فکر ذکر آن ٭ اور دو

سنت کو بھی تو کان رکھکر مجھہ سے سُن ۞ ایک تو عیبون کو لوگون کے چھپانا ہمہ تن ۞ دوسرے
احسان وبخشش کو تو اپنے بھول جا ۞ گر کیا تو نے کسی کا ہووے احسان سے بھلا ۞ گر یہہ
آٹھون خصلتین تیرے عمل ہین ہوون مدام ۞ واصل حق ہووے تو حاصل ہوون تیرے سب مرام ۞
گر نہون سب ایک بھی اپنے بین جو ثابت کرے ۞ سچ سمجھنا وہ بھی ہووے گا بہشتی جب مرے ۞
گر بہشتی وہ نہو یہہ قول میرا اوس سے ہے ۞ حشر کو وہ میرا دامن گیر ہووے رب و رے ۞
اور اکثر آدمی دعوی محبت الٰہی کا کرتے ہین اور سب طرح سے نفع ونقصان کو اپنے سمجھتے ہین اور
کلمات عاشقانہ پڑہتے ہین اور جانتے ہین کہ سب سے یہہ بہتر ہے اور اوسپر عمل نہین کرتے ہین
اور حیلہ وبہانہ علایق یعنے گھر والون کا بیچ مین لاتے ہین پس حیلہ وبہانہ کرنا سبب اونکے اپنی
نفسانیت کا ہے ورنہ سب بزرگ لوگ قبائل رکھتے تھے اور ہمت کو کام فرماتے تھے اور اس دنیا سے
سرخرو گئے اے عزیز و ہمت بڑے بڑے کام کر سکتی ہے البتہ برکت دینے والا بزرگ وبرتر صدقہ
مین اپنے حبیب کے درود اللہ کا اوپر اونکے اور سلام سب بندون کو اپنی توفیق وہمت بخشے
تو کام دنیا کا اور دین کا دونون سہل ہوجاوین اوسکے احسان اور کمال بخشش سے جو کوئی اس راہ
مین فنا ہوتا ہے حق تعالے اوسپر رحم کرتا ہے

باب ششم دربیان سیر مراقبات از رسالہ من تصنیف سید عبد الجلیل رحمۃ اللہ علیہ

مراقبہ اول اہل مراقبہ کو چاہیے کہ فکر وحدت اور کثرت کی بیچ تمثیل بسم اللہ کے تمام کرے جیساکہ مقصد
بسم اللہ کا واحد ہے اسیطرح ذات باریتعالی کو جانے مثال الفاظ بسم اللہ الآخرت مظہرت مخلوق کا ظہور ۱۲
جاننے یعنی خدا ہے کہ کتنے لباس پہن کر دروازہ پر آیا جیساکہ ایک عارف کہتا ہے بیت آن پادشاہ
اعظم دربستہ بود محکم ۞ پوشیدہ دلق خلقت ناگاہ بردر آمد ۞ مامن عبد یقول بسم اللہ الرحمن الرحیم
یذوب الشیطان کما یذوب الرصاص فی النار اسی بات سے ہے ۞ مراقبہ دوم
الٓمّٓ لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ ہر سہ حروف الٓمّٓ سہ نعمت معلوم کرے جیساکہ میم سے مظہر ظہور
مخلوق کا خیال کرے اور لام سے رسول اللہ اور الف سے اللہ خیال کرے اور اون تینو کو اپنی وجود مین
حرکت پاوے جیساکہ اجزاء اپنے کو بمثال مظہر کے مخلوق جانے اور املہ وجود اپنے کو رسول جانے
اور روح اپنی کو ذات حق تعالی جوان تینون نعمت کو ایک دیکھے بلاریب وشک صفات ساتھہ
ذات کے محو ہووے اور جز کل ہوجیت ذات وصفات ہر دو بمقصد یکی بود ۞ بمثال موج دریا
وصلش یکے بود ۞ کو طالبش کہ بیند بوجود خویش مطلق ۞ آدم رسول مولی ہر سہ یکے بود ۞

اوس وقت الٓمّ ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَا رَیْبَ فِیْہِ ہُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ
معلوم کرے یعنی الٓمّ وہ کتاب توحید ہے کہ نہین ہے جہوٹھہ اوس کتاب مین اور راہ دکھلائی گئی ہے
خاص متقیان کو وہ کہ ایمان لائے ہین خدایتعالی پر ساتھہ غیب کے یعنی بہ ثبوت خدا اونہی کو
فنا کیا تو ہستی و نیستی دونو کو سہو کیا ہے ۞ مراقبہ سوم فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ ۞
یعنی جس جگہہ کہ جانے اور ایکدم آوے پس اوس جگہہ جاوے خدایتعالی ہے لیکن اہل مراقبہ کو
چاہیے کہ پیچ شمع معنی اس آیت کے خدا کو پروانہ کرے اور جو پروانہ ہو پروانہو جیسی کہ پروا دوئی مین
ہے جبکہ دوئی گئی لاپروا ہوا کہ الفقر لا یحتاج اللہ اس بات سے ہے ۞ مراقبہ چہارم
وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ خدایتعالی فرماتا ہے کہ مین قریب تر ہون طرف تمہاری شہرگ گردن
تمہاری سے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قوت آیہ مذکورہ سے پیرہن ہستی اپنے کو پہاڑے اس سے
کہ سبحانہ تعالے شہرگ گردن سے نزدیک تر ہو پس طالب معلوم کرے کہ مہرگ مطلق اوسکا ہے
اور جو مہرگ مطلق اوسکا ہے پس یہہ وجود پیرہن اوسکا ہی یعنی مغز و پوست مین تصرف اوسکا ہی بیت
پوست مغز سے جہان جہان ہمہ پوست ۞ خود چہ مغز و چہ پوست خود ہمہ اوست ۞ مراقبہ
پنجم ۵ وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ خدایتعالی فرماتا ہے کہ مین تمہاری ذات مین ہون لیکن
تم نہین دیکھتے ہو ۞ اہل مراقبہ کو چاہیے کہ صلاحیت معنی اس آیت مذکورہ سے گھر ہستی اپنے کو
سنوارے ایسا کہ جس جگہہ بادشاہ نزول کرے غوغاے عمر و زید کا نہ ہے مشہور ہے مصرع
ہر جا کہ سلطان خیمہ زد غوغا نماند عام را ۞ غوغا عمر و زید کا عالم مین ہرگز نہین ہے لیکن طالب
سالک پندار ہستی اپنے سے یہہ اور وہ دیکھتا ہے ۔ بی یسمع و بی ینطق و بی یبصر و بی یاکل
و بی یشرب مراقبہ ششم وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْکُمْ وَلٰکِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ حق تعالے
فرماتا ہے کہ مین نزدیک تر ہون طرف تمہاری تمسے ولیکن تم نہین دیکھتے ہو اہل مراقبہ کو چاہیے
کہ حرارت معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو جلاوے جیسا کہ قاعدہ ہے کہ جو شے آگ مین داخل
ہوتی ہے تو وہ بھی آگ ہو جاتی ہے پھر جو اوس آگ کو ڈہونڈو کسی جگہہ نہ پاؤ بجز اسی کے ہے اسی کے ہے اسوٰی سلطے
یہہ اشارہ ہے کہ مین نزدیک تر ہون طرف تمہاری تمسے ۞ مراقبہ ہفتم وَہُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ ۞
یعنی وہ خدایتعالی واحد ہر دم تمہارے پاس ہی جس جگہہ پر کہ تم ہو پس اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سوزش
معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو گلاوے جیسے کہ ہر شئے کان نمک مین پڑتی ہے اوسکا نمک ہو جاتا ہے
بعد ازان جو اوس شئے کو خود تلاش کرے تو نپاوے بجز نمک بیت چشم تو افتاد و جو دم ہمہ کاست شد

ہر چیز کہ درکان نمک رفت نمک شد ✤ مراقبہ ہشتم وَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَکَانَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا یعنی جو چیز کہ آسمان و زمین مین ہے خاص اوس خدائے پاک و برتر کی ہے اور خدا تعالی ہر یک چیز مین گرفت کرنے والا ہے مگر اہل مراقبہ کو چاہیے کہ جوش و خروش معنی اس آیۃ مذکورہ سی آپ کو فراموش کرے جیسا کہ ذات حق تعالی کو بجز اپنے کسی جگہہ نہ دیکھے اور جو آپ مین پاوی تو دیکھتا ہی کہ مانند دریا کے مالامال اندر اور باہر اور تحت و فوق مین پکڑا ہوا ہے وجود ہمارا مثل بمثال حباب کی ہین جو حباب پانی کو ڈہونڈے سوائے اپنے کسی جگہہ نہ پاوے اور جو آپ [جسم ۱۲] مین پاوے تو جس طرف دیکھتا ہے پانی پانی ہی نظر آتا ہے پس اشارت وَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی اس معنی سے سمجھنا چاہیے ✤ مراقبہ نہم [۹] لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ یعنی خدا ہے موجود نہین ہے کوئی آدمی سوائے اوسکے مگر اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تصرف سے بفہمیدگی معنی اس آیۃ مذکورہ کے [ہمشیگی ۱۲] اسباب ہستی اپنی کا باندہے ایسا کہ دو بادشاہ ایک ولایت مین نہین سماتے ہین بیت درملک وجود گو باتو باش با من ✤ کاشفتہ بود کار ولایت بدو تن ✤ مراقبہ دہم [۱۰] کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ✤ یعنی جو آدمی کہ اس عالم ظہور مین آیا ہے وہ فنا ہونیوالا ہے ذات پروردگار باقی رہیگی مگر اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تلوار معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو قتل کرے اور جو بدن تیغ سے قتل ہو شہید ہوا اور جو شہید ہوا مَنْ قَتَلْتُہٗ فَاَنَا دِیَتُہٗ کا اوسکے اوپر مکشوف ہو مراقبہ یازدہم [۱۱] اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا ✤ یعنی خدا تعالی اوپر تمہارے نگہبان ہے پس کچھ دغدغہ نچاہیے جو کہ صانع اوپر صفت اپنی کے عاشق ہوا ہے پس اس صفت سے کرشمہ معشوق کا پاوے تاکہ عاشق و معشوق ایک ٹکڑہ ہوں اور اضافت عاشق و معشوق کے درمیان سے اوٹھی جیسا کہ تھا ویسا ہی ہو حب المومن من الایمان مراقبہ دوازدہم [۱۲] وَاذْکُرْ رَّبَّکَ ✤ یعنی یاد کرنا اپنے پروردگار کو یہانتک کہ آپکو فراموش کرے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ حکومت معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو فراموش کرکے دوئی درمیان سے اوٹھاوے حدیث محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ عَرَفَ اللّٰہَ کَلَّ لِسَانُہٗ حال اپنا دیکھے اور اسکے معنی اسطرح پر ہین کہ اپنے پروردگار کو یاد کر جس وقت ہو سکے اور جو آپکو فراموش کرے پس معلوم ہو کہ یاد کرنا اپنا گویا یاد کرنا خدا کا ہے اور فراموش کرنا اپنا فراموش کرنا خدا کا ہے اور جو آپکو فراموش کیا گویا خدا کو فراموش کیا حدیث محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ مَنْ عَرَفَ اللّٰہَ لَا یَقُوْلُ اللّٰہَ مراقبہ سیزدہم [۱۳] لَوْ کَانَ فِیْہِمَآ اٰلِہَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ لَفَسَدَتَا یعنی ہوتے دو خدا آسمان و زمین مین سوائے ایک کے تو تحقیق فساد ہوتا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے

کہ معنی اس آیت مذکورہ کو بغور سمجھکر ڈھول ہستی اپنی کا پارہ پارہ کرے کیونکہ شریعت مین بجانا ڈھول
خودی کا حرام ہے اگر نوبت شاہانہ بجاوے مبارک ہے اسلیے کہ اہل اللہ کو بجانا قاج کا ہے
جیساکہ اسمین حضرت خواجہ حمید الدین ناگوری فرماتے ہین بیت گفت کوئی انا بحالت کشف ؎
ہر کہ گوید از و خطا نبود ؎ حاصل اندر زبان استغراق شاہد روح جز خدا نبود ؎ مراقبہ چہاردہم اسم
یفعل اللہ مایشاء ویحکم مایرید یعنی کرتا ہے خدا تعالی جو چیز کہ چاہتا ہے اور حکم کرتا ہے جس چیز کو کہ
چاہتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ شجاعت معنی آیت مذکورہ سے اپنی حرکت کو باندہے جیسے کہ
دریا غلبہ کرتا ہے اور اپنے مین سوائے خدا کے نپاوے مثل ہی کہ جسوقت دریا جوش کرتا ہے تو دریا
و نہر ایک ہوجاتا ہے اور حرکت نہر کی بیچ دریا کے نہایت ہوتی ہے سالک کو جو دریا و نہر معلوم ہوجاوے
اوسوقت اعوذ بک منک کہہ کر اوٹھے الآن کما کان جرده ؎ مراقبہ پانزدہم اسم رب السموات
والارض وما بینہما الرحمن لا یملکون منہ خطابا ؎ یعنی اللہ تعالی صاحب آسمان و زمین کا اور جو کچھ کہ
درمیان اونکی ہے ہیگا کوئی آدمی بے فرمان اوسکے بات نہین کہہ سکتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے
کہ غوغاے بانگ احدیت اس آیت مذکورہ سے اپنے کفر کو توڑے اوسوقت مسلمان حقیقی ہو مگر اس
پاس اضافت کے نہ پھرے حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے السلامۃ فی الوحدۃ
والافات بین الاثنین کی احوال اوسکا ہو مراقبہ شانزدہم وقل جاء الحق وزہق الباطل
بفحواے معنی اس آیت مذکورہ کی کلفت دیو ہستی کا اوٹھاوے کہ انی انا اللہ لا الہ الا انا آیا ہے
جو اوپر کمال کے پہونچے اوسوقت بیخبری جڑ سے اوکھڑے جیساکہ حدیث نبوی ہے موتوا قبل
ان تموتوا ؎ اور یہہ حال اوسکے اوپر ظاہر ہو مراقبہ ہفتدہم ونفخت فیہ من روحی خدا تعالی
فرماتا ہے کہ پھونکی ہین نے وجود آدم مین روح ذات اپنی سے پس اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ تصور
اس آیت پر کرکے بیاد خدا مشغول ہووے یہانتک کہ کسی جگہہ آپکو نہ دیکھے جیساکہ بازبے مکان
دبے نشان ہے کہ مکان ونشان اپنا آپ ہوتا ہے اور جبکہ بے خود ہو خدا ہوا اور حدیث نبوی ہے
انا احمد بلا میم چنانچہ بحسب فحواے آیت مذکور کی ہے مراقبہ ہیزدہم اسم لیس کمثلہ
شئی وہو السمیع البصیر یعنی اوس خداے واحد کی مانند کوئی چیز نہین ہے اور وہ خدا شنوا و بینا ہی
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ سننے معنی یکتائی آیت مذکورہ سے دوتائی کو ترک کرے اور جب کہ
دوتائی ترک ہوئی تو تمام جگہہ ذات واحد نظر آوے دوسری دکھائی نہ لیوے اسی معنی سے
اشارت لیس کمثلہ شئی وہو السمیع البصیر کہ ثانی نہ رکھے اور جو رکھے تو ایسا ہی کہ مانند نہ رکھے

مراقبہ نوزدہم وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ + خدا تعالی فرماتا ہے کہ پیدا نہیں کیا
مینے جن وانس کو مگر واسطے عبادت یعنی کو اے پہچانتا اپنا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تازیانہ معنی اس آیت
مذکورہ سے مرکب خودی اپنے کو میدان معرفت مین مارے تا کہ ماندہ نہوا اور جو ماندہ ہوا معلوم ہو
کہ معدوم ہوتا ہے جو جانے کہ معلوم ہوا علم سے معدوم یعنی معصوم ہو حدیث نبوی سنو
کہ الصوفی لا مذہب لہ جواب اوسکا ہو مراقبہ بستم [20] ان اللہ یحب المتوکلین + جانتا چاہیے
کہ خدا تعالی متوکلون کو دوست رکھتا ہے لیکن صاحب مراقبہ کو لازم ہے کہ بستے کشف معنی اس آیت مذکورہ
سے آپکو مفلس کرے یعنی خزانہ مرادات کا خزانہ ہستی اپنی سے اوٹھاوے کہ ہرگز اپنے ساتھ نہ لاوے
حق تعالی اوپر اوسکے لکھے من لہ المولی فلہ الکل اوسکی سپرد کرے اور باران رحمت اوسپر
برساوے اوسوقت زمین خشک سبزی انا الحق کی نکالے اور یہ کہے بیت ہر گیاہی کہ از زمین روید
وحدہ لا شریک لہ گوید + مراقبہ بست و یکم [21] فاذکرونی اذکرکم خدا تعالی فرماتا ہے کہ یاد کرو تم
مجکو مین یاد کرون تمکو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ فرمان معنی اس آیت مذکورہ سے یاد خودی کی
فراموش کرے اوسوقت ساتھ خدا کے واصل ہو پس یاد کرنا بندہ کا کیا ہے کہ خود کرے جیسی کہ
آگ موم کو آگ کرتی ہے اور یاد بندہ کی خدا کو ایسی ہے کہ آپ کرے جیسا کہ موم آپکو بیچ شمع کے
شمع کرتا ہے فہم من فہم مراقبہ بست و دوم [22] فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ خدا تعالی فرماتا ہے کہ بھاگو طرف
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ طلب سرعت جلدی معنی اس آیت مذکورہ سے بے سر دوڑے جیسے کہ قطرہ
باران کا ابر سے طرف دریا کے جاتا ہے فہم من فہم مراقبہ بست و سوم [23] ہو الاول و
الآخر والظاہر والباطن وہو بکل شیء علیم + یعنے خدا تعالی اول ہے اور آخر ہے اور ظاہر ہے
اور باطن ہے اور ہر چیز کو جانتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ ماموری معنی اس آیت مذکورہ سے
آپکو ہستی سے بے جان کرے اور جسوقت کہ آپکو پہچان کیا جگہ اوسکی لا مکان ہووے جیسا کہ نمک
پانی مین اور جبکہ وجود نمک کو پانی مین تلاش کرو کچھ نپایا جاوے چنانچہ سلطان العارفین
بایزید بسطامی نے فرمایا ہے کہ جسوقت آپکو ڈھونڈھتا ہون مین خدا کو پاتا ہون مین اور جو
خدا کو ڈھونڈھتا ہون مین آپ کو پاتا ہون عزیز میرے سالک کو دریائے توحید سے ایک موج
پہونچتی ہے کہ ہستی اپنی سے جاتا ہے اور تجلی صفات فنا و لقا کی اوسکے اوپر طلوع کرے کبھی ساتھ
بقا کے آتا ہے اور کبھی ساتھ فنا کے آتا ہے جو کمالیت کو پہونچتا ہے بطور معصوم کے ہوتا ہے
نہ فنا رہتا ہے اور نہ لقا مراقبہ بست و چہارم [24] ان اللہ علیم بذات الصدور یعنی خدا تعالی

جاننے والا ہے بذات سینہ ہا کا اور بقولی جاننے والا ہے بذات خود احوال سینہ ہا کا لیکن اہل مراقبہ کو
چاہیے کہ سننے کشف معنی اس آیت مذکورہ سے کثافت ما و منی کی اپنے سینہ سے حمام یکتائی مین
غسل دیوے اور غسل مین تین چیز فرض ہے اول پانی منہ مین کرنا دوم پانی ناک مین کرنا سوم
تمام بدن کو تین مرتبہ دہونا اور پانی منہ مین کرنا ایسا کہ دم خودی نہ مارے اور پانی ناک مین پہونچانا اسواسطے
کہ بوے خودی کی نہ پکڑے اور تین مرتبہ بدنکو مالش کرنا مرتبہ اول مین حرص وہوا کو دہونا اور
مرتبہ ثانی دوئی کو دہونا اور مرتبہ ثالث ہوای دہونا ہے جو اسطرح غسل بجالاوے پاک ہو غسل
فرض یہی ہے کہ ما و منی بین آپ سے دہووے اور جاننا چاہیے کہ دہونا ما و منی کا پاکی بدن ہے
اور دہونا ما و منی کا خلاصی دام سے ہے اور جو دام سے خلاص ہو ساتھہ اصل اپنی کے پہونچے
اور جو ساتھہ اصل اپنی کے پہونچا او سنے انی اعلم بذات الصدور کی بانگ مارے مراقبہ
بست و پنجم ۲۵ ان اللہ بصیر بالعباد ٭ جاننا چاہیے کہ خدایتعالی بینا ہے اوپر بندون کی لیکن
اہل مراقبہ کو چاہیے کہ صلابت زوزن محل سلطانی معنی اس آیت مذکورہ آپکو با دب نگاہ رکھے
اور بجز خود راست و چپ و تحت و فوق کی طرف نہ دیکھے جیسے کہ سیاست سلطانی کی ضرب سخت ہے
راست و چپ کے دیکھنے سے راضی نہین ہوتا ہے بارگاہ سلطانی مین نظر اپنی طرف چاہیے
یا سلطان کی طرف تا کہ سلطان راضی ہوا اور جو راضی ہوا اوسکو اپنے نزدیک بولاوے جو نزدیک
جاوے تو دیکھے کہ دونو ایک ذات آدم ہین جیسی کہ آئینہ مین صورت نظر آتی اور جو آئینہ مین صورت
بالیقین بتحقیق ہوا ایسی ہی نعرہ مارے بیت خود بخود بیند و خود میکند با خود کلام ٭ عارفان را
نیست دیگر جز خدا او والسلام مراقبہ بست و ششم ۲۶ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیعٌ عَلِیمٌ ٭ جاننا چاہیے کہ
خدایتعالی شنوا و دانا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ جاسوسی سلطان معنی اس آیت مذکورہ
سے اسم خودی کا زبان سے دور کرے جو اسم خود کا زبان سے دور ہوا اوسوقت بادشاہ اوسکو اوٹھاوے
اور ایسی جگہہ پہونچاوے کہ بجاے اپنے اوسکو بٹھاوے اور جبکہ بادشاہ کی جگہہ بیٹھا ملک مین حکومت
اپنی دیکھے او جو حکومت اپنی دیکھے مستی احدیت پر شب و روز گوش مارے لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ
لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَہَّارِ جو شہر احدیت مین تخت گاہ کیا تو لازم ہے کہ عدالت کرے یعنی مستحق کو ساتھ
حق کے پہونچاوے حق آنکھونکا کیا ہے کہ عالم کو مثل صورت آئینہ کی جانے و حق بینی کیا ہے کہ اسم
السمی غیر کا نہ کہے اور حق گوش کا کیا ہے کہ اوسکو عیب غیر کا نہو یعنی بخبر سننے و منہ معشوق دیکھنے کو راضی ہو
و حق ہاتھہ کا کیا ہے کہ سواے اپنے نہ پکڑے اور حق پانون کا کیا ہے کہ بیخود جاوے اور حق سر کا

کیا ہے کہ ذکر کرے وَاَمَّا بِنِعْمَتِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ شاہد اس بات کا ہے مُراقبہ بست و ہفتم ۲۷
اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ کَلِیْم یعنی خدایتعالی ساتھہ ہر چیز کے کلام کرنیوالا ہے لیکن اہل مراقبہ کو لازم ہے
کہ سن نے نغمہ معنی اس آیت مذکورہ کی آپکو بیچ رقص کے لاوے یہانتک کہ پیرہن ہستی اپنی کا پارہ پارہ
(ناچ یعنی حال ۱۲)
کرے اور دستار زمین پر مارے سر ایکطرف اور پانون ایکطرف اور خود ایکطرف اور جو ہوش مین آوے
وہی آواز نغمہ کی گوش و دل مین خیال رکھے خواہ عشق خواہ فسق خواہ نیک خواہ بد جو کچھہ اوٹھی وہی
جانے جو اوپر اس عمل کے عامل ہو عین آواز ہو جیکہ عین آواز ہو گیا دیکھے کہ جو کچھہ کہے خود ہی سوائے
آواز خود دوسری نہین سلام احدیت سے بانگ مارے انی علی کل شئی کلیم مراقبہ بست و ہشتم ۲۸
اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ شَہِیْد یعنی جاننا چاہیے کہ خدایتعالی اوپر ہر چیز کے گواہی دیتا ہے لیکن اہل
مراقبہ کو لازم ہے کہ سن نے گواہی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو خودی سے بے دعوی کرے کہ قضیہ
خصوصیت دوتائی سے پاک ہو کر پکارتا ہو اَشْہَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ کو اوپر زبان
حال اپنی کے پڑہے مراقبہ بست و نہم ۲۹ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ قَدِیْر جاننا چاہیے کہ خدایتعالے
اوپر ہر چیز کے قادر ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قدرت معنی اس آیت مذکورہ سے تدبیر کو دور کرے
اور آپکو تقدیر مین شمار کرے بطور سیپ کے کہ سیپ مین موتی دریائے تقدیر سے بے تدبیر ہو
اوسوقت اسرار اندر اوسکے پیدا ہو اور جو اندر اوسکے اسرار پیدا ہوا سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ کی
ہر صدف مین تجلی ہو اور جسوقت اسرار کمالیت کو پہنچے صدف سے باہر آوے اور اوس حالت مین جگہہ
اوسکی مساوی ہو خواہ جنگل خواہ دریا خواہ صندوق یا گلی مین ہو اور جس جگہہ پڑا رہے بطور خود رہے
کوئی جگہہ اوسپر غالب نہ آوے بلکہ وہ سب پر غالب رہے (گلی ۱۲) اور جو اہل مراقبہ ساتھہ اس مقام کی پہونچے
ہستی معدومی اس علی کل شئی قدیر سے نعرہ مارے مراقبہ سی ام ۳۰ وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ وَاللّٰہُ
خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ یعنی فریب کیا ہے اوس خدا سے اور وہ خدایتعالی بہترین فریب کنندگان ہے
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ کرشمۂ معشوقی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو بیچ عشق خدا کے کرے
یہانتک کہ نیک و بد و خوشبوے و بدبوی و دشنام و قرآن اوسپر رکھین بتفریق پس تفریق نکرے
اوس سے کہ یہہ تمام مکر ہاے خدا ہے جو تمام مکرہاے خدا ہے اوسوقت اگر خود انا الحق کہے وہ
بھی برحق ہے اور اوسپر کوئی نقصان نہین آتا ہے جیساکہ جوش و خروش عشق مین کہتا ہے
قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُؤَاخِذُ الْعُشَّاقَ بِمَا یَصْدُرُ مِنْهُمْ مراقبہ سی و یکم ۳۱
هُوَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ یعنی خدایتعالی ایک اور قہار ہے مراد قہار سے کیا کہ اپنی ملک مین

بجز اپنے دوسرے کو نہین چھوڑتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قہر سلطانی معنی اس آیت مذکورہ سے
اپنے ملک کو ترک کرے اور ایسے ملک مین جاوے کہ بوے ملک خودی کی نہ آوے جو بوے
ملک خودی کی نہین آئی مانند پھول کے ہوا اور جبکہ مثل گل کی ہوا باران رحمت نے اوسپر برسنا
شروع کیا اوسوقت اوسمین سے شجر اسرار کا نکلا اور جب کہ درخت اسرار کا ساتھہ کمال کے پہونچا جب
اوپر ہر شاخ کے نظر کی اون ہر شاخ کو مانند اپنے دیکھا اور جب ہر طرف مانند اپنے دیکھا مستی احدیت سے
نوبت سلطانی بجائی اور معنی لمن الملک الیوم لله الواحد القهار کی اوسپر ظاہر ہوئی مراقبہ سی و دوم ان الله
یحب المطهرین یعنی خدایتعالی دوست رکھتا ہے پاکون کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ اشارت پاکی سے اس
آیت مذکورہ سے اپکو خودی اپنی سے پاک کرے پاکی کیا نفی و اثبات کو دور کرے اور مثل طالب و مطلوب کے او
اور مطلق پاک ہوا اور پاکی سے نعرہ بیباکی کا مارے کہ الطالب برد الطریق ... مراقبہ سی و سوم ان الله یحب الصابرین
خدایتعالی دوست رکھتا ہے صابرون کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ لجام اس آیت مذکورہ سے
مرکب ہارونی اپنے کو قید کرے اور واسطے چرنے زراعت مرادات کی جانے نہ دیوے سوای راہ نیستی
اور راہ نیستی کیا کہ دہنے اور بائین نہ پھیرے تا کہ مرکب خودی و خودنمائی کا قید مین آوے اور غیرت
قید ہارونی سے بے قید ہوا اور نعرہ معدومی کا مانند معصومی کے نکلے الصوفی لا مذہب له
مراقبہ سی و چہارم ان الله یحب المتقین جاننا چاہیے کہ خدایتعالی دوست رکھتا ہے پرہیزگارونکو
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ پرہیزگاری معنی اس آیت مذکورہ سے خودی اپنی سے پرہیز کرے کہ بوے
خودی و خودنمائی کی نہ آوے اگر ایسی ہی پرہیزگاری بجا لاوے جگہہ اوسکی بے جگہہ ہوا اور جب کہ جگہہ
اوسکی بے جگہہ ہوئی اوس حال مین نعرہ حیرانی کا مکان لامکان سے مارے ماعرفناک حق معرفتک
مراقبہ سی و پنجم وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ خدایتعالی فرماتا ہے کہ نہین رکھتے ہو
اپنی طرف ہلاکت کی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ نہی معنی اس آیت مذکورہ سے ہاتھہ اپنے کو دریاے
ہلاکت خودی مین نہ الو کسواسطے کہ دریاے خودی بدتر ساتون دوزخ سے ہے اسواسطے محقق تمام
اور عارف مقام فرماتے ہین بیت گر ترا هوئی بماند از خودت * ہفت دوزخ بر براید از بدت *
پس فرض ہے کہ امر خدایتعالی کا بجا لاوے دوست دولت خودی و خودنمائی کو دور کرے اور
جبکہ خودی سے بیخود ہوا اوسوقت ہلاکت دوزخ خودی سے خلاص ہوا اور رضوان لقا مین پہونچے
یعنی خدا ہوا اور فراغت سے نعرہ خوشی کا مارے لیس فی الجنة حور و لا لبون و لا عسل و لا خمر
الا الله مراقبہ سی و ششم ان الله علی کل شیء علیم خدایتعالی اوپر ہر چیز کی علاج کرنیوالا ہے

لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ خزانہ علاج یعنی اس آیت مذکورہ سے دوا کھاوے کہ مرض بشریت و خودیت کا
دور ہو اور اگر کھانا نجانے تو اس طریق سے کھاوے کہ اول ماسوا اللہ کا پرہیز کرے بعدہ وارد و اللہ
کی کھاوے کہ اثر پذیر ہو اور جبکہ دارو موثر ہوئی معذور ہی جاوے اور خوشی ہو اور جو خوشی کل ہوئی
خزانہ خودی اور دوتائی سے اور غلبہ فرحت کل سے نعرہ زنان آوے۔ واللہ ان اللہ انا اللہ
مراقبہ بسی و ہفتم واللہ علی کل شیء وکیل یعنی وہ خدا اوپر ہر چیز کے تدبیر کرنیوالا ہے مگر اہل
مراقبہ کو لازم ہے کہ اپنی تدبیر سے باز رہے اور بفراغت تمام اپکو خدا کے سپرد کرے جو ایسا مدبر
اوسکے سرپر ہو پس تدبیر خود خام ہے چاہیے کہ تدبیر اپنی اوسی کے اوپر موقوف رکھ کر بطور معصوم
رہے الصلوۃ والسلام مراقبہ سی و ہشتم اللہ نور السموات والارض یعنی تجلی
خدایتعالی کی آسمان و زمین میں ہے اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تجلی یعنی اس آیۃ مذکورہ سے آپکو مانند
موسیٰ کے پست کرے یہانتک کہ بیہوش ہو جاوے اور کوہ ہستی خودی و خودنمائی کا سوختہ ہو
اوسوقت سرمہ ہو اور جبکہ سرمہ ہو گیا قبولیت اوسکی آنکھ اولیاء و انبیاء اور خاص و عام میں پہونچی
اور جو آنکھوں میں پہونچا دروازہ تجلی چشمان کا اوسپر مفتوح ہوا کہ ایسا کسی جگہہ نپایا جاوے بدرجہ مسکینی
کے پہونچے اور درجہ مسکینی ایک مقام ہے کہ اوس مقام کو سرور کائنات نے خود التجا کیا جیسا کہ کہا
اللھم احینی مسکینا و امتنی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین ✣ مراقبہ سی و نہم
قل الروح من امر ربی خدایتعالے فرماوے کہ کہو اے محمد کہ روح امر پروردگار کی ہے اہل مراقبہ کو
لازم ہے کہ امر یعنی اس آیت مذکورہ سے موت غفلت اپنی کو مانند عیسیٰ کے زندہ کرے جیسے کہ
روح امر خدا ہے جو روح امر خدا ہو کیونکر امر خدا سے جدا ہو اور جبکہ امر خود جدا ہو ج دخ ہووے بعدہ
خ سے ساتھ ج کے ہو جلالیت سے جاوے غربت نقطہ جیم کی سوختہ ہو وہ خدایتعالے رحمان و رحیم
نقطہ شفقت کا اوسکے سرپر رکھے پھر خ ہو پس جوہر عقل و شعور دان ہو وہ ایسی صاحب سے کہ
رحمان و رحیم ہے ہرگز نہ بھاگے اور اگر بھاگے گا تو سوائے اوسکے ملک کے اور جگہہ کہاں پاوے پھر
شرمندہ ہونا ہے بہتر یہی ہے کہ نیہ خ سے ہرگز ج کیطرف توجہ نکرے جو ساتھ ج نہ آوے کام اوسکا
کشادہ ہو اور آوازہ رسا سے عرفان ہمارے سے نعرہ مارے فاستقم کما امرت مراقبہ چہلم انی بری
مما تشرکون خدایتعالے فرماتا ہے کہ مین جانتا ہوں اوس چیز کو کہ شرک کرتا ہے خلاف ساتھ اوسکے
اہل مراقبہ کو چاہیے کہ سخنے بیزاری یعنی اس آیت مذکورہ سے خانمان اپنا مع خودی و خودنمائی
اپنی کے آگ میں جلاوے کہ بساط خانہ نیستی میں بال کی برابر نرہے اور جب کہ بال کی برابر نرہا

مفلس ہوا اور جو مفلس ہوا اوسوقت المفلس فی امان اللہ ہو پس جو المفلس فی امان اللہ ہوا تو صحن
شفقت اوس پروردگار مین بطور معصوم بازی کرنے والا ہوا اور جو معصوم صفت ہوا خدا یتعالے
اوسپر کرم فرزندی کا فرماوے قولہ تعالیٰ المال مالی والفقر عیالی ۞ مراقبہ چہل و یکم انہ یعلم
الجہر و ما یخفیٰ　یعنی خدا یتعالی جانتا ہے آشکارا اوس چیز کو کہ پوشیدہ ہے اہل مراقبہ کو لازم ہے
کہ فرسلیمانی معنی اس آیت مذکورہ سے دیو ہستی و خودی و خودنمائی اپنے کو مسلمان کرے کہ ظاہر و
باطن اوسکا ہو تسلیم باطن کی کیا یعنی بے یقین ہو کہ نہ غیر جانے اور نہ عین جانے اور تسلیم ظاہر کہ کچھ
مفید نہ ہو یعنی کوئی کام و کوئی چیز سے انکار نکرے اوسوقت تسلیم ظاہر و باطن کی ہوا اور جبکہ تسلیم
اوسکی حاصل کی میدان حدیث مین چوگان ارادت سے گیند سر اپنے کو آگے ڈالے کہ ساتھ حال پہونچاوے
اور جو کوئی بجال مین پہونچے نعرہ لا الٰہ کا مارتا ہوا اوٹھے مراقبہ چہل و دوم یسبح للہ ما فی السمٰوات
و ما فی الارض　یعنی یاد کرتی ہی خاص اوس خدا یتعالی کو جو چیز کہ آسمان اور جو چیز کہ زمین مین ہے
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ غوغاے معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو فی ونا کی مانند فراموش کرے
جو ایسی فراموشی حاصل کرے مُنہ اوسکا ساتھ مُنہ نا ے کے پہونچے اوسوقت کیا دیکھے کہ درونی
و نا ی ایک آواز ہے اگرچہ اسم نے و نا ے کا ایک ایک ہے جو اس مقام کو پہونچے نعرہ الا اللہ کا
کہتا ہوا اوٹھے مراقبہ چہل و سیوم وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ　یعنی صبر کر اوسپر کہ جو نعمت خدا یتعالے
نے تجھپر عطا کی ہے اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سخاوت معنی اس آیت مذکورہ سے بخل خودی اپنی کو
ترک کرے کہ سخی ہو اور بخل کیا خزانہ ہستی کی محافظت کرے اور سخاوت کیا کہ خزانہ ہستی و خودی اپنی کو
چھوڑے اور برباد کرے جو خزانہ ہستی و خودی اپنے کا برباد دیا تو چوروں خطرات حرص و ہوای ہوس سے
فارغ بیٹھے اوسوقت جان نفسانی کو کہ خودی و خودنمائی ہے اور اوپر تخت ربانی کے بیٹھے غیب سے
اور مانند بادشاہ کے نعرہ انصاف کا مارے اور کہے کہ البخیل عدو اللہ ولو کان زاہدا و السخی
حبیب اللہ و لو کان فاسقا مراقبہ چہل و چہارم و نہی النفس عن الھویٰ فان الجنۃ ہی الماویٰ
یعنی جو کوئی کہ باز رکھے نفس آپ کو حرام اور گناہ اور ہواے حرص سے پس جگہہ اوسکی بہشت مین ہو لیکن
اہل مراقبہ کو لازم ہی کہ باز داشت اس آیت مذکورہ سی آپکو دوزخ ہستی و خودی و خودنمائی سی باز رکھی کہ بہشت نیستی مین
پہونچی اور جو بہشت ہستی مین پہونچا شہباز عالم غیب ہوا اور لامکان مین پرواز کرے اور جبکہ لامکان مین پرواز
کرنیوالا ہو وجود خود کو معشوق اپنا دیکھے اور آپ اوسکا عاشق ہوا اور حرارت عشق سے نعرہ عاشقی کا مارے
ساتھہ معشوقی کے اور کہے محمد رسول اللہ مراقبہ چہل و پنجم　فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی

یعنی خدا یتعالی فرماتا ہے کہ اے بندگان میری طرف آؤ کہ تمکو داخل کرون بہشت مین لیکن اہل مراقبہ کو
چاہیے کہ محفل مین صدق کے ساتھہ آوے بندہ ہوا اور بندہ کیا کہ اپنا اختیار نرکھے اور جو کہ اپنا
اختیار رکہے بندہ نہین ہے بلکہ بیچ مراد کے بندہ ہوا ہے اور جسوقت کہ بند مراد کا کھولا اوسوقت بیچ
بہشت کے نامرادی آوے اور پھل درخت طوبی کا کھاوے جب لایموت ہوا اور دریاے معرفت
مین موج مارے اور جبکہ دریاے معرفت مین موج مارے کہے لا آلہ انا الحق مراقبہ چہل و ششم
عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ یعنے سکھلایا خدا یتعالی نے آدم کو جو کہ نہین جانتا تھا لیکن اہل مراقبہ کو
چاہیے کہ مدرسہ اوستاد مین بمعنی اس آیت مذکور کی آوے اور کتاب لا آلہ الا اللہ محمد الرسول
اللہ کی آگے رکھے اور اوستاد سبق دیوے کہ نہین ہے کوئی بجز ذات واحد کے بعدہ لازم کہ عقدہ
محمد الرسول اللہ کا اوستاد سے حل کرے جو اوستاد بکرم خویش جواب راست فرماوے
خدا و محمد صلعم کو مثل برف و آب کے جانے اور وجود برف اپنے کو دریاے احدیت مین ڈالے
جبکہ دریاے احدیت مین پڑا اوسوقت خدا و محمد کو مانند موج دریا کے اپنے مطالعہ سے پاوے
اور جو مطالعہ غلبہ کرے اوسوقت ذوق مستی عشق و محبت سے اوپر زبان کی ظاہر کرے بیت
ہر یک وجود برف ہست روح ہست ہمچو آب ٭ اندک تفکرے بکن و باز رو بجواب ٭ علم الانسان
مالم یعلم اس معنی سے ہے مراقبہ چہل و ہفتم لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ٭ خدا یتعالی
فرماتا ہے کہ ہرگز نیک کام کو نہین پہونچوگے جبتک کہ خرچ نکروگے وہ چیز جسپر محبت زیادہ رکھتی ہے
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ غنیت معنی اس آیت مذکور سے آپکو غنی مطلق کرے غنی مطلق کیا کہ نہ
آپ رہے نہ خدا جبکہ کوئی نرہا احتیاج اوٹھے اور بے احتیاج ہوا در احتیاج دوئی کی حالت مین
ہوتی ہے جبکہ ایک ہوا احتیاج کہان رہے غنی کل ہوا مستی غنیت کل سے خبر اوسکو اوپر کل کے
پہونچاوے اوسوقت کہے ہو اللہ الغنی و انتم الفقرا مراقبہ چہل و ہشتم قُلْ هُوَ اللّٰہُ
اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یعنی کہہ اے محمد کہ خدا یتعالی ایک ہے اور پاک ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ
دریاے احدیت معنی اس آیت مذکورہ سے وجود خودی اپنی کو دیکھے یہانتک کہ غرق ہو کچھہ نرہے
نہ اول نہ آخر نہ ظاہر نہ باطن نہ وحدت نہ کثرت جو خودی و خود نمائی سے کچھہ نرہا اوسیوقت پاک
مطلق ہوا اور جب کہ پاک مطلق ہوا ان اللہ الاحد الصمد کہتا ہوا اوٹھے مراقبہ چہل و نہم
الحمد للہ رب العالمین ٭ یعنی سپاس و ستایش خاص اوس خدا کو ہے کہ وہ خداے پروردگار
کل جہانیان کا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ حرمن ثنا معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو ثنا گوئی

حق تعالیٰ مین مستغرق کرے جہانتک کہ ہوی ہوہی اپنے سے ثنا حق تعالیٰ کی سنے جو ایسی ثنا ہیں آور
حرف علت کا درمیان سے اوٹھی اور جب کہ حرف علت کا درمیان سے اوٹھا خدا یتعالیٰ اپنے کرم سے علم
احدیت کا کھڑا کرے اور جو علم احدیت کا کھڑا ہوا اوسوقت خودی اپنے سے گذرا اور جملہ خدا ہوا اور جو
جملہ خدا ہو ملک لایزالی کی ابساط اپنے مین دیکھے اور جسوقت ملک لایزالی کی اپنی ابساط مین نظر آئے
ہستی عشق سے احدیت خود بخود پڑہنا قبول کرے الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم
مالک یوم الدین تا آخر مراقبہ پنجاہشم احمد لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ معنی احد پر غور کرے اور
معنی احد کے وہ ہین کہ سب وہی ہی جو جلہ اوسکو جانا ایس جب کہ کچھ نرہا مطلق ہی یقین ہوا جو ہمیشہ دل یقین ہی
ساتھ اصل کے پہونچے

ذکر ہذا باسم یاد کردن

مجکو یہ ترکیب درویش باعمل جناب عبد الوہاب خان صاحب ولد الف خان صاحب مرحوم
قوم ناغر شاخ یونس خانی کہ انسے مجکو نہایت اعتقاد ہے بلکہ انکو فقیر بجاے مرشد کے جانتا ہون
آپنے فرمایا کہ تو اسطور سے ذکر خفی کیا کر چنانچہ وہ یہ ہے کہ اول داہنے نتھنے کو داہنے ہاتھ کی انگشت
شہادت سے بند کرے اور بائین نتھنے سے دم اینچے اس صورت سے بروقت کشش دم اول سے
اپنے کو خم کرے یعنے جھکے بعدہ ناف سے دم اینچے اور دماغ کو جانی دیوے اور بوقت کشش دم زبان کو تالو سے
لگاوے جب تک ذکر کرے زبان کو خم رکھے اسمین ایک بھید ہے اور بروقت کشش کرنے دم
جیسے کہ جھکا تھا ویسی ہی اوٹھتا آوے جب جانے کہ کل دم آگیا یعنے یہ کل دماغ مین پہونچ گیا
اوسوقت انگشت دور کریں لیکن زبان بدستور خم رہے اور ذکر اللہ کرے یعنی قلب پر زور دیکر قلب سے
ذکر کرے گویا اوسوقت آنکو کم کرے طالب کو چاہیے کہ دو دو چار چار گھنٹہ ویا کم وبیش فاصلہ سے
اسکا ذکر کرے اور شوق رکھے گا اوسیقدر فوائد عظیم حاصل ہونگے اول سات مرتبہ ایکدم کی کشش مین
قلب سے ذکر اللہ کرے اور ایسے ہی ہر روز ایک ایک ذکر بڑہاتا جاوے انشاء اللہ تعالے عرصہ
ایک سال کامل یا کم وزیادہ ایام مین قریب چالیس پچاس ضرب بکشش یکدم حاصل کرے گا
اور اس کام کے واسطے گوشہ تنہائی چاہیے ویا منہ پر نقاب ڈال لیا کرے اور جہان چاہے وہان
یہ ترکیب کر لیا کرے عرصہ ستہ سال مین ذاکر کامل ہوجاوے گا اگر ابتدا اسکی موسم سرما مین کرے
تو نہایت مناسب ہے کیسلیے کہ یہ گرمی لاتا ہے اور جو بوقت تہجد ذکر کیا کرے تو بہت ہی خوب ہے
اور اوسوقت کا ذکر تاثیر زیادہ رکھتا ہے اور یون تو خیال ذکر کا ہر ساعت وہر لحظہ قلب سے جاری رکھے

اور ہر وقت قلب پر نگاہ رکھے کسیوقت تصور سے خالی نرہے اور قلب کو ایسا دابے جیسے مرغی
انڈا اپنے کو دابتی ہے خدا نے چاہا تو ایام سرما مین ہی طالب کو اسکا لطف حاصل ہوگا لیکن عشق
اسکا شرط ہے بدون عشق کچھہ نہین ہوتا ہے چنانچہ اس بارہ مین کیا اچھا کسی اُستاد کا شعر صادق
آیا ہے شعر جس دلمین عشق کی بنیاد نہو ٭ گر خانہ خدا ہو تو آباد نہو ٭ عشق کیا عمدہ شے ہے
بدون اسکے کچھہ حاصل نہین ہوتا ہے اگر مجازی ہو تو بھی بہتر ہے ہزار برس کی عبادت عشق کی
ایک لمحہ کی تڑپ کی برابر ہے اسکا مزہ تو اونکو خوب حاصل ہے جو عاشق صادق ہین ہم ایسے کو
اسکا کیا مزہ ہی چنانچہ یہ شعر کسی اُستاد کا اپنے حسب حال ہے شعر بلہوس شود تجھے عشق سے
کیا ہوتا ہے ٭ ہڈیان کھاکے کہین سگ بھی ہما ہوتا ہے ٭ اور بدون مرشد کوئی شے
حاصل نہین ہوتی تاہم اپنی جانب سے اسکی چھیڑ چھاڑ چلی جاوے بقول اُستاد بیت چھیڑ
خوبان سے چلی جاوے اسد ٭ گر نہین وصل تو حسرت ہی سہی ٭ بقول شخصے کہ پیسے جاوے
دال نہین تو ولیا ہی سہی بہر حال مرشد کی جست وجو رکھے جوینده یابنده وہ کون شے ہے کہ
کہ جسکو بشر ڈہونڈہے اور وہ دستیاب نہو جنکی اچھی قسمت ہوتی ہے اونکو کم محنت مین یا بدون
محنت کی دستیاب ہوجاتی ہے اور بدون محنت کے بھی ملجایا کرتی ہے مگر اوسکا مرتبہ کم ہوتا ہی
کیونکہ بدون مشقت کے جسکو خزانہ میسر آتا ہے وہ نہایت بیدردی سے اوسکے مصارف مین
مشغول ہوتا ہے کسلیے کہ اوسکی قدر سے واقفیت نہین رکھتا ہے اور جسنے کہ محنت سے بہم پہونچایا کر
ذخیرہ کیا اوسکو اوسکی قدر خوب معلوم ہوتی ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے اور اکثر قسمت والون کو
دیکھا اور سُنا کہ جسقدر وہ خرچ کرتے ہین اوس سے زاید اونکو خداوند کریم پہونچاتا ہے اللہ تعالی
جل شانہ نے ایسے شخص بھی پیدا کیے ہین کہ جنکی تصنیفات سے بندہ نے اس رسالہ کو تحریر کیا ہی
لیکن ایسی بہت کم ہوتی ہین اور یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جمع کرنے وپوشیدہ رکھنے خزانہ کا دستور ہے
کہ اوسکو پوشیدہ رکھا جاتا ہے جو پوشیدہ نرہے گا تو رایگان جاویگا جہانتک ممکن ہو پوشیدہ
رکھے اور قاعدہ یہ ہے کہ جبتک دانہ غلہ وغیرہ زمین مین پوشیدہ نکیا جاوے نہ اوگے گا اور جو دانہ
کہ باہر زمین کے رہ جاویگا وہ ہرگز نہ اوگیگا پس جہانتک ہوسکے اس راز کو پوشیدہ کرے اور اس
راز کو وہ ظاہر کریگا کہ کچھہ سرمایہ نرکھتا ہو بلکہ اوسکو ایمان جانے کا خوف ہے ویا وہ شخص ظاہر کریگا
کہ خزانہ بی انتہا رکھتا ہو اوسکو کچھہ خوف نہین جو پوشیدہ کرے اور وہ پوشیدہ کرنا گناہ جانتے ہین
جاے غور ہے کہ جسکو شارع نے پوشیدہ کیا تو پھر پوشیدہ کرنا لازم آیا اور شے درویشی کیا ہے

فقط ظن کا پختہ کرنا یعنی خیالات کا جو کہ صحیح ہین اور ظاہر اونکا کہنا کفر عاید ہوتا ہے اوس ظن کو
اپنے خیال وذہن مین پختہ کرے کسی نوع دل کی اندر شک وشبہہ نہ رکھے غرضکہ یہ معاملہ تعلق
مقسوم سے ہین بدون مقسوم اور مرشد. کامل حاصل ہونا اونکا دشوار ہے مگر ہان ایسی تصنیفات
اور صحبت درویشون سے شوق بڑہتا رہے گا اگر اسکا عشق رہا تو مرشد رہنما بھی مل جاویگا
کیونکہ اللہ تعالیٰ کسیکی محنت رایگان نہین جانے دیتا ہے طالب لوگ اول اپنے کو کافر کہلا کر
مسلمان ہوتے ہین اسکا مزہ تو وہی خوب جانتے ہین جو کہ اس راز سے واقف ہین ہم جیسے
کیا جانی جو سہوا بھی اس راہ پر قدم نہ رکھا اور جسنے اپنی عمر مین جو کھانا کہ نکھایا ہو اور اوسکا ذایقہ
اوس سے پوچھا جاوے پھر بتا تو وہ کیا بیان کر سکتا ہے نہین ہرگز نہین کریگا بلکہ کوئی اوسکے
ذایقہ کی تعریف کریگا تو وہ ہنسی مذاق مین اوڑاوے گا بلکہ اوسکے کہنے کو لغو جانے گا بموجب شعر
شعر جسے عشق حق کا ہوتا عطا ہوا اوسے لوگ کہتے یون ہین باولا ذاکر کو لازم ہے کہ گوشہ تاریک مین
بیٹھکر بذکر حق مشغول ہو ہر وقت نماز آپکو گم کرے اور اللہ تعالیٰ کو قائم کرے یعنی کل شئی ہین اوسکی
موجودگی جانے اور اس حدیث شریف پر نگاہ رکھے قلوب المومنین عرش اللہ تعالے جبکہ
قلب مومنین کا عرش ہے تو خیال کرے کہ اسکے اندر بلا شبہہ اللہ تعالے ہے اوسوقت
اوسکو ظاہر کرکر آپ کو گم کرے یعنی ساجد ومسجود اوسی کو تصور کرے جو تجکو خطرات آوین اونکو
مت روک آنے دے اگر روکے گا تو تیرا نفس تجھسے ضد کریگا بروقت ضد کی وہ غالب آویگا کیونکہ
اگر کوئی اشد حجت کے ساتھ اسکو دباوے تو نہین دبتا ہے پس یہی مناسب ہے کہ آنے دیوے
اور اپنے مطلب سے کام رکھے کہ خطرات مذکورہ خود بخود رفع ہوجاوینگے جس طرح کہ تیرا اشتیاق بڑہتا
جاویگا اوسی طرح یہہ زیر ہوتا جاویگا جانب خطراب کے دلکو مطلق رجوع نکرے آنے دیوے
اونکا روکنا اچھا نہین ہے کیونکہ روکنے سے فتور زیادہ پیدا ہوگا اور بروقت نماز تہجد کی سجدہ گاہ
سے دو تین ہاتھ اونچی ایک مقام پر نگاہ رکھے بلکہ ہر نماز مین اسکا خیال رکھے انشاء اللہ تعالیٰ
بعد چند روز کے انوارات سرخ وزرد وسبز یعنی عیسائی وموسائی ومحمدی نظر پڑینگی دگاہ گریہ
دگاہ خندیدگی آویگی اب آگے اس سے مرشد سے راستہ ملیگا میرا منہ اس لائق نہین جو لعل اوگلی
یہہ تو ایسا منہ ہے کہ جس سے امورات خرافات ظہور مین آتے ہین یہ جو رقم ہوا سُنا سُنایا
بزرگون اور درویشون سے جو کچھ اسوقت یاد آیا اور مناسب معلوم ہوا تحریر کیا لیکن سبب عشق
سے تعلق رکھتا ہے عشق پیدا کرے تو سب حاصل ہوسکتا ہے اور بطفیل حضرت عشق کے

مرشد بھی مل جاتا ہے اور اللہ تعالی نے اس دنیا کی بنا عشق پر ہی رکھی ہے کوئی شے عشق سے خالی نہین ہے ہر ایک شے بین تعشق موجود ہے کسیکو کچھہ عشق اور کسیکو کچھہ عشق غرضکہ ماہ سے تا ماہی عشق معمور ہے یعنی ایک مخلوق اوسکے فرشتے نوری ہین اونکی بنا عبادت پر ہے بلکہ اونکی خوراک بھی یہی ہے اونکو عشق عبادت کا ہے لیکن جو عشق کہ آدم کو یعنی تڑپ و بیقراری مثل سیماب کے عطا کیا وہ فرشتونکو بھی نصیب نہین ہے اسکی ہی باعث آدمی کا رتبہ فرشتون سے زیادہ ہوا اللہ جل شانہ نے اگرچہ محبت اور عشق اکثر مخلوق کو عطا کیا لیکن جیساکہ عشق سوزش بشر کو عطا کیا ہے ویسا کسیکو نہین اور اسی باعث اپنا خلیفہ فرمایا یہہ خلیفہ کا لفظ بہت وسیع ہے شرح اسکی کثیر ہے اور بھید اسمین بہت ہے چنانچہ فرمایا کہ حملہا الانسان انہ کان ظلوما جہولا بقول حافظ آسمان بار امانت نتوانست کشید ❊ قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند اسجگہہ ظلوما جہولا کا لفظ عجب اسرار ہے اور کمال پیار کا ارشاد ہوا ہے تو صاف جای غور ہے کہ جب وہ ایسا مالک الملک قدیم لایزال ذات منزہ بیچون وچرا وحدہٗ لاشریک ایسی عنایت فرماوے تو اس بشر ضعیف البنیاد سے اوسکا کیا بدلا ادا ہو سکے مگر صوفیہ کرام ایسا فرماتے چلے آئے ہین کہ اسکا بدلا کچھہ ہے تو قدرے قلیل جان اور روح ہے یعنی روح سے ذکر کرے اور جان کو تصدق کرے اور اپنے کو گم کرے اور حق کو ظاہر کرے بقول مولانا روم تو مباش اصلا کمال اینست وبس ❊ تو درو گم شو وصال اینست بس ❊ یعنی اپنی کو نفی کرے اور اوسکا اثبات کرے اور اپنا کام اور تمنای کچھہ نہ رہے بقول حافظ مرا کارم زخود کامی بہ بدنامی کشید آخر ❊ اور نفی اثبات کا یہہ سبق ہے کہ لا الٰہ یعنی نہین کوئی اللہ تو اللہ کی تو جبکہ یہہ مقصود اپنا اللہ کو کر چکا تو پھر غیر سے مدد کیا ضرور ہے خواہ اپنے دست بازو ہون چنانچہ قولہ تعالی ایاک نعبد وایاک نستعین تو یہہ اقرار چند بار ہر روز کرتا ہے اور توڑتا ہے تو اسلام کامل کہان درویشی تو چیز دیگر ہے بقول شخصے شعر وصال اوسکا عوض جان کے میسر ہو غنیمت ہے ❊ متاع حسن جانان جان دینے پر بھی سستی ہے ❊ مطابق اسکے جیساکہ مولانا محمد رمضان صاحب فرماتے ہین ؎

روٹی کارن احمدی تیم کومت تیاگ ❊ سر کے سانٹے رب ملے تو بھی دھن دھن بھاگ ❊

بقول حافظ ؎ حضوری گر ہمین خواہی ازو غافل مشو حافظ ❊ متی ما تلق من تہوا دع الدنیا واہملہا ❊ بقول شاہ بوعلی قلندر صاحب ؎ ہیچو پروانہ نسوزی بال وپر ❊ کے شوی ہمرنگ آتش سر بسر ❊ اور خدای عزوجل کی مخلوقات بہت ہین ازانجملہ ایک مخلوق اس دنیا کو بھی تصور کرکے

مجھسے ایک صاحب فرمانے لگے کہ اللہ تعالی کی بہت مخلوقات ہین مثل اس دنیا کی اور اللہ تعالے
ہر روز ایک قیامت برپا کرتا ہے جسمین حساب کتاب اپنی مخلوقات کا کرتا ہے جیسا کہ ایک روز
جن و بشر کے واسطے روز قیامت کا مقرر ہوگا اور ہونا اوسکا ضرور و برحق ہے اور اسی سبب ہمارے
دلونپر ہول و دہشت طاری ہے مگر اللہ تعالی کو اوس روز کی شرم ہے اپنا فضل و کرم صادر کریگا
بیت ہرگاہ کہ بودم در عدم گفتم نہی پیدا بکن ؛ از خود تو پیدا کردہ خود کردہ را داری جیا؛ اور ایک روز
یہ بھی ہوجاویگا اگر کوئی صاحب یہہ طنز کرین کہ یہہ امر بھلا کب قیاس مین آتا ہے کہ قیامت کے دن
تو بڑے ہونگے یعنی ایک دن ایک ایک سال کے برابر ہوگا اور دوسرا روز مثال شش ماہ اور
کوئی ہفتہ کی مانند باقی برابر ہونگے یہہ اسمین ہر روز ایک قیامت کا ہوتا ہے پس کب گمان ہوسکتا ہے
اسکا یہہ جواب ہے کہ غور کرو کہ آنحضرت صلعم کو عروج معراج ہوا تو آسمانونکے عجایب و غرائب کی سیرین
کسقدر عرصہ گذرا تھا اور اس دنیا مین آپکو اسقدر عرصہ ہوا کہ بستر کی گرمی بھی موجود تھی او زنجیر حجرہ
بھی حرکت کر رہی تھی اسلئے یہہ مقام چون و چرا کا نہین ہے بجز خاموشی و سکوت کے اور حضرت
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ذکر ہے کہ ایک قطار شتران کی ایک سوزن کے ناکے مین سے
جاتے دیکھی آپ فرمانے لگے آمنّا و صدقنا اوسکی شان سے یہہ امر کچھہ بعید نہین ہے کیا تعجب
ہے ایسا ہی ہو کیونکہ ثابت ہوتا ہے کہ جس روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج نصیب
ہوئی اوسوقت آسمان پر نبی مقبول نے ایک قطار شتران کی مع بار صندوقہا جاری دیکھے کہ آنحضرت
صلعم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کب سے جاری ہے اور کہان جاتی ہی حضرت
جبرئیل عم نے عرض کی کہ یا رسول اللہ اسکا علم مجکو بھی نہین ہے جسوقت سے حق تعالی نی اپنی
قدرت کاملہ سے مجکو پیدا کیا ہے جب سے اس قطار کو اسیطرح روان دیکھتا ہون اوسوقت حکم
والسجان باری ہوا کہ ہمکو اسکے جاری کرنے سے ایک بھید یہ بھی تھا کہ نبی آخر الزمان بتقریب معراج
آسمان پر تشریف لاوینگے اور کل آسمان ہا کی عجائب و غرائب کی سیر کرینگے از انجملہ ایک اسکی
بھی سیر ہوگی جب اسکا راز منکشف ہوگا پھر حکم رب الجلیل ہوا کہ انمین سے ایک شتر کو پکڑ لاؤ
اور اوسکو بٹھلاؤ اور جو دو صندوق گران اوسکی ہر دو جانب بار ہین اونمین سے ایک صندوق
کہ جسپر قفل ہے اور کلید اوسکی بسم اللہ ہے کھولو چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حسب الحکم
رب العزت ایک شتر کو قطار مین سے لاکر بٹھلایا اور ایک صندوق کے قفل کو کنجی بسم اللہ الرحمن الرحیم
سے کھولا تو اندر اوسکے ہزار ہا بیضہ مانند مرغ کی تھی اور ہر ایک بیضہ پر قفل تھا بموجب حکم کے اونمین سے

ایک بیضہ کا قفل بسم اللہ کہکر کھولا تو دیکھا اندر اوسکے دانہ خشخاش ہین اور ہر ایک دانہ پر قفل لگا ہے
اس ایکدانہ کے قفل کو بھی بموجب حکم کے حضرت جبرئیلؑ نے بسم اللہ کہکر کھولا تو ایک دروازہ نظر پڑا
اور اندر اوسکے ایک میدان ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوس دروازہ کے اندر تشریف لے گئے
تو بموجب آبادی اس دنیا کے آبادی دیکھی آپکا گذر ایک شہر کے اندر ہوا ایک جگہہ پر مجموعہ مردمان کا
نظر پڑا اوس طرف کو تشریف لے گئے وہان ایک عالم درس کہہ رہا تھا اوسوقت وہ عالم یہ
بیان کرتا تھا کہ اللہ تعالی کی قدرت کا بھید کسینے نہ پایا اور نہ پاویگا اللہ تعالی نے ایک دنیا کی بنا اسطور پر
رکھی ہے یعنی اول پانی ہے اور بالاے اوسکے ایک کلوخ گل ہے اور اوس گل پر اپنی ایک
مخلوق کو اپنی عبادت کے واسطے پیدا کیا ہے اور وہان بھی نبی آخر الزمان پیدا ہوے ہین اور اونکی شان مین
خود خدا یتعالی فرماتا ہے کہ لولاک لما خلقت الافلاک غرضکہ آپکی تعریف بیان کرتا تھا کہ اہل مجامع نے
تکرار کرنا شروع کیا کہ حضرت یہ خیال مین نہین آتا ہے کہ پانی کے اوپر مٹی قایم رہے اور اوسپر آبادی ہو
اوسوقت حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو کہنا اسکا راست تصور کرو فی الحقیقت اوس مخلوق کی آبادی
کلوخ گل پر ہے اور اوس مخلوق کا نبی آخر الزمان مین ہون جب وہان کی اہل مجمع کو یقین واثق آیا اسلیے
اوپر انکا قول صادق آتا ہے البتہ بھید الہی کسی نے نہین پایا اور نہ پاویگا اسکا کچھہ انتہا نہین ہے
جسطرف بنظر تعمق دیکھو اوسکی قدرت موج زن ہے بشر کا کیا امکان جو چون وچرا کرے اب بحسب
فرمودۂ حضرت حافظ جی صاحب کے بیان کیا جاتا ہے ہدایت النبی قادری مرحوم باشندہ گوالیار
ولد سید چراغ الدین جد بزرگوار انکے محمد اسمعیل خان عرف نواب دلاور خان نامی بعہد سلطان بہلول
لودی ولایت سے ہند مین تشریف لائے اور وہ دادا بھی جد امجد راقم ہذا کے ہوتے ہین اوسوقت
ہمراہ اونکی قوم سید بھی تشریف لائی تھی اونمین سے چند خانہ اس قوم بزرگوار کے آجتک ہم لوگونکی
ہمراہ کرولی مین ہین والد انکے سید چراغ الدین مرحوم جبکہ قصبہ سنبل گڈہ واگذاشت ہوا یہہ صاحب
سنبل گڈہ سے گوالیار تشریف لیگئے تھے اوس جگہہ برہرۂ سواران بکہ نوکر ہو گیے اسواسطے بودوباش
اپنی گوالیار مین اختیار کی یہہ صاحب یعنی حافظ ہدایت النبی قادری درویش باکمال وخدا پرست
گذرے ہین انکو فیض حضرت جی گوالیری جو کہ حضرت جی سنگڑہی مشہور ومعروف ہین پہونچا اور انسے
طالب جناب عبد الوہاب خان صاحب ہین اب جو کہ تحریر ہوتا ہے یہ تصنیف سید حافظ جی صاحب کا
قول جاننا چاہیے حضرات صوفیہ نے تین ۳ مقام مقرر کیے ہین احدیت اور وحدت
اور واحدیت وہاہوت ولاہوت وجبروت وملکوت وناسوت بھی کہتے ہین اور

حقیقت الحقایق و معرفت و طریقت و شریعت بھی نام ہین اور یہہ اصطلاح ہندی سے کہ ہوا و آب
و خاک سے جانو کہ احدیت مرتبہ ہے کہ بے علمی و بیرنگی و نیستی و غیب و سہو و غفلت خود اپنی مین ہے
اور واسطے خود مراد اوس سے ہے اور وحدت مرتبہ علم کا ہے کہ پہچانتا و جانتا اور سمجھنا اپنا آپ مین ہے
وہ احدیت مرتبہ مراتب علم و روح و دل سے ہے اور جان کہ بیعلمی تیری بیچ تیرے مرتبہ ذات کا ہی
کہ اپنے بین آپ ہمیشہ محو و بیخود و غایب و فراموش و نسیان و سہو و غافل و نادان ہوتا ہی تو تجکو چاہیے
کہ ہر دم اس مرتبہ سے آپکو آگاہ رکھے اور جو اس مرتبہ کا شغل تو کرے تجکو تعلیم کرون مین کہ اول رات کو
با وضو قبلہ کی طرف منہ کرکے دو زانو بیٹھ کہ تیرے پاس کوئی نہ آوے یعنی دروازہ حجرہ کا بند کرکے آپکو
بہمہ وجوہ خاموش مثل بت ہوکر بموجب شعر حضرت مرشدی مولائی جناب حضرت صاحب قدس اللہ
سرہ شعر تو اوسکی بزم مین خاموش رہ جون بت کدہ مین بت تمام اے یار یہہ کھلتا نہین پیلا
حیرت کا ✤ بیٹھے تو اور آنکھ کو چندے بیچ مشاہدہ بیرنگی کے بند رکھے بشرطیکہ پلک برہم تمہارے
اس حالت مین آنکھ بند کرے جیساکہ بیچ آنکھ کھولنے کے آنکہ بیچ مشاہدہ ذات کا رکھتا ہو اور
باطن مین اوسی طریق بیچ ذات کے رکھے اور ذکر سوائے مشاہدہ تا نام اللہ زبان پر نہ لاوے خبر
خاموش رہے بموجب شعر حضرت جی رحمۃ اللہ علیہ کی شعر یا تو غیبت ہے یا ہے بی ادبی ✤ یار و
ست نام لیا کرو خدا کا ✤ بیچ اثر خاموشی کے ایسا مصروف ہوکہ سوائے خاموشی و انوار لطیف
آپ بین بیچ خیال و قیاس و وہم و گمان پیدا نہ ہو تجکو چاہیے کہ ایسے انوار لطیف اپنی مین قرار دے
تاکہ تو نرے ہے صرف انوار لطیف رہین جسوقت کہ تو کثرت اس شغل کی کرے مقام حیرت کا بیچ حیرت
کے کھلنے والا ہوا اور ہمیشہ صرف متحیر آپ مین رہے اوسوقت کہ تو آپ مین نرے ہے تمام عالم نظر مین
خواب و خیال کی مانند دکھلائی دے تو حق مین اور حق تجھمین ہو بموجب شعر حضرت مولوی معنوی
شعر تو در وگم شو وصال اینست و بس ✤ تو مباش اصلا کمال این ست و بس ✤ یہہ طریق شغل
پانچکا ہے اور صاحب اس شغل کا از فرا و رہتا ہے یہہ شغل منتہی کا ہے نہ مبتدی کا دوم شغل
مرتبہ وحدت کہ اوسکو مرتبہ علم کا کہتے ہین وہ صرف آتا ہے جو تو چاہتا ہے کہ بیچ شغل اس مرتبہ کے
مشغول ہو تو چاہیے کہ رات کو یا دن کو حجرہ تنہائی مین بدو زانو رو بقبلہ بیٹھے حواس ظاہری و باطنی اپنے کو
آپ مین جمع کرکے ہر طرف سے دروازہ بند کرے اور علم کو آپ مین رکھکر اور آپکو اپنے مین پہچان کر
معرفت کو آپ مین دیکھے اور آپکو حق بینی جانے اور کہے اسم ذات یعنی اللہ کو اپنے ساتھہ مخاطب
کرے یعنی آپ کو اللہ اللہ کہے تو اور اسم اپنے کا بھی اسم حق جانے جو آپکو حق جانے اسم اپنے کو

بھی حق جان کثرت اس شغل کی کرے انوار معرفت و شناسائی و لذت و حلاوت تجھمین پیدا ہو تجکو تمام
حق بینی و دانی کا چھپا ہوا پوشیدہ لذت و سرور پیدا ہوا اور تجکو محو و مستغرق کرے اور حیرت ساتھہ تیرے
منہ دکھلاوے بموجب شعر حضرت جی کے شعر علم کو اپنی طرف علم کو رکھہ اپنے رجوع ؛ تا حقیقت مین
تجھی روح کی حیرت ہوئی ؛ کیا کہون مین مذاق و حلاوت اوسکی بیان نہین ہو سکتی بموجب شعر حضرت جی
قدس اللہ سرہ کے شعر تجھسے ہرگز رکھون نہ پوشیدہ ؛ حال دل گر بیان مین آوے ؛ شغل سوم
مرتبہ واحدیت کہ اوسکو ذکر روحی و قلبی کا کہتے ہین اول تجکو طریق ذکر روحی کا یاد دلاؤن بعدہ ذکر قلبی کا
لکھونگا اگر ذکر روحی کرے تو حجرہ مین تنہا دو زانو رو بقبلہ بیٹھے اور پریشانی ہر طرف سے آپ کو اپنے مین
یکسو جمع کرکے اور ساتھہ اپنے مخاطب ہوکر کہے کہ رو حُہ رُوحُہ کلامُہ کلامُہ علمُہ علمُہ ذاتہ کی مجھمین اور تمام
عالم مین ذات حق کی محیط ہے اس خیال و تصور مین آپ مین متوجہ رکھے اور محو کرے جو اثر محویت
اور انوار لطیف و شکر کی تجھہ مین پیدا ہون آپکو اوسمین محو کرے اور ہمیشہ نظر جا بذات پر رکھے کیا انسان
سے اور کیا حیوان سے اور حرکات و سکنات ہر ایک کی پیش نظر تیرے آوے حرکات و سکنات
حق دیکھے اور جانے کی مانند کثرت اس ذکر کی کرے حرکات و سکنات تمام عالم کے بیچ نظر تیری حق آوے
چہارم ذکر قلبی اگر ذکر قلبی کری چاہیے کہ جگہہ تنہا مین بدو زانو رو طرف قبلہ بیٹھہ کر ہر طرف سے آپکو یکسو
کرکے خیال اپنے کو کہ مانند باد روان و اسپ دوان کی ہو بیچ مقام دل کہ دو انگشت زیر پستان رکھے اور
صورت دل کی خیال نکرے صرف متوجہ رہے اور زبان دل سے ہمیشہ ساتھہ اپنے گویا رہے بموجب
شعر حضرت جی قدس اللہ سرہ شعر برابر سو زبان کی یہہ حدیث النفس ہے گویا ؛ دلا دعوی
خموشی مین غلط ہے بی زبانی کا ؛ جان من ہزار ہزار خیال و خطرات پیش آتے ہین اور وہ زبان و
دل ہے تجکو چاہیے کہ روزن زبان و دل مین صرف اللہ اللہ کہتا رہے اور چشم و گوش کا مشاہدہ رکھے
مگر آنکھہ بند رکھے اور جب تک کہ حواس خمسہ ظاہری و باطنی سے متوجہ نہو فائدہ کامل نپاوے
مگر اول اندک آنکھہ کھول کر یہہ ذکر کرے جو اثر خاموشی و غشی و سرور تجھمین پیدا ہوا اوسوقت آنکھہ
بند کرکے ذاکر ہووے اور وقت آنکھہ بند کرنے کے خطرات و خیالات تیرے دلمین بہت پیدا ہون
تجکو چاہیے کہ علم اپنا دو قسم کرے ایک کو مایل ذکر رکھے اور دوسرے کو واسطے دفع کرنے خطرات کے
مقرر کرے جو کثرت اس ذکر کی کرے تیرے دلمین حیرت و ذوق و لذت و سرور و گریہ و انوار پیدا ہون
آپکو اوسمین مستغرق کرے بعد چند سے شورش و گریہ و قہقہہ وامن حال تیرے کا پکڑے اور تجکو
جوش مین لاوے جسوقت کہ تیرا یہہ حال ہوا اوسوقت جاننا چاہیے اور یہہ حال بغیر صحبت مرشد کامل

صاحب حال وقال و پشت پناہی جذبی متعدی مواحد تنہائی مین ہرگز ہرگز نکرے کیونکہ کچھ حاصل نہوگا
تجکو چاہیے کہ اول صحبت مرشد مین ذکر کرے اور حاضر حضور اوسکی ہو تو اور حال پیدا کرے تو بعدہ اگر
تنہا کرے فائدہ پاوے جانمن مشکل ہے کہ یہ حال تجکو بدون توجہ مرشد مواحد کی حاصل ہووے
بموجب شعر حضرت جی صاحب شعر تلاش اوسکی نہوویگی تمسے اے یارو ٭ تلاش اوسکی کرو جسنے
کی ہو اوسکی تلاش ٭ پس جسوقت کہ لطیفۂ قلبی وروحی وسری وخفی تیرے اوپر ظاہر ہون اوسوقت
تیری نظر مین انوار زرد وسرخ وسفید وسیاہ آوینگے اور خطرات ووسواس وخیالات ووہمات
جاوید وناقص وغیبت کے تجھہ مین آوینگے یہہ مقام نفس کا ہے اور خیالات نیک وتوفیق
وطاعت وعمل خیر تجھسے آوین یہ جگہہ تیرے قلب کی ہے وذوق ولذت وحلاوت ومعرفت
خودی کی خود تجھہ مین ہین اور یہہ جگہہ قلب اعلی تیرے کی ہے اور معرفت حق اور ایک ہونا
اور رہنا تجھمین یہہ مقام تیری روح کا ہے نفس وقلب وروح وعلم وبی علمی وخیال نیک وبد ذوق
وحلاوت وحجاب وبے حجابی سب تجھمین ہے لیکن جبکہ توہی ہے تمام تجلیات ظاہری و
باطنی کا حجاب تجھہ مین ہے جب تک کہ تو ایمان نہ لاوے مرتبہ تیرا ظاہر نہوگا چاہیئے کہ عادت
تصور کی ہمیشہ کرے کہ یار ہے اغیار نہین ہے آپکو اور سبکو یار جانے و دیکھے جو چیز کہ آگے
تیرے آوے کیا انسان اور کیا حیوان اور کیا شجر اور کیا حجر سے سبکو یار دیکھے اور جانے
بموجب شعر حضرت پیران پیر سید فتح علی قدس اللہ سرہ شعر آن حقیقت راکہ در دیر وحرم جویند
خلق ٭ آشکارا در دل بیدار می بینیم ما ٭

مشاہدات

دربیان مشاہدات یعنی روبرو ہونا کیا یعنی جاننا علم کو مانند صورت آئینہ کی

مشاہدہ اول بسم اللہ الرحمن الرحیم دیکھے تمثیل بسم اللہ کیا مقصود واحد بصورت بسم
وبصورت اللہ وبصورت رحمن وبصورت رحیم ظاہر ہے اسی طور چار صورت عناصر اربع کی ساتھہ
پاک واحد کے جانے اور جو عقل قرار قبول کرے غلبہ شکر سے نعرہ مارے بیت ندیدم مطرب و
ساقی ہمہ اوست ٭ خیال آب وگل در رہ بہانہ ست ٭ مشاہدہ دوم بعبارت دیگر
ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولا الی اعمالکم ولکن ینظر الی قلوبکم ونیاتکم یعنی معلوم کرنا چاہیے کہ
اللہ تعالی نظر نہین کرتا ہے طرف صورت تمہاری اور نہ طرف عمل تمہاری کے ولیکن نظر کرتا ہے
طرف دل اور نیت تمہاری کے مگر طالب مشاہدہ کو لازم ہے کہ اشارہ معنی اس حدیث مذکورہ سے

اعمال اور صورت اپنی کو صور نیستی کا پھونکے اور جبکہ صور نیستی کا پھونکا ہستی آسمان و زمین ہین
پرواز شروع کی اور جبکہ ہستی و خودی پر پرواز کیا آئینہ دل کا صاف ہو جو حق تعالی منظر کرم آئینہ دل
اوسکا صاف کرے اوس وقت اوس پر نظر کرم عنایت الٰہی فرماوے جو نظر کرم و عنایت (اُڑنا ۱۲)
کی صفائی باطن سے آئینۂ دل اپنے کو مانند صورت آئینہ کی دیکھے جب ذوق بینائی سے نعرہ یکتائی
کا مارے اور کہے رَأَیْتُ رَبِّی بِرَبِّی وَمَنْ یَعْرِفُ اللّٰہَ بِغَیْرِ اللّٰہِ مشاہدہ سوم بعبارت دیگر
کُنْتُ کَنْزاً مَخْفِیّاً فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ خدا تعالی فرماتا ہے کہ تھا مین گنج پنہان مین
پھر چاہا کہ پہچانا جاؤن مین پس پیدا کیا مین نے خلق کو تحقیق پہچانا گیا مین لیکن طالب مشاہدہ کو
چاہیے کہ اینوہی لشکر معنی اس حدیث سلطانی سے آنکھہ نفسانی کو بند کرے تو غبار پریشانی کا
نہ بھرے جو غبار پریشانی کا نہ بھرا اوسوقت جمال سلطانی کا عیان ہوا اور آنکھہ کھولی اور جبکہ آنکھہ
کھلی مساوی ہو روحانی و نفسانی جو مساوی ہوئی روحانی و نفسانی پس بیٹھے اوپر تخت ربانی کے
اور جس وقت کہ تخت ربانی پر بیٹھا اوسوقت ذوق سلطانی سے کہے مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ
مشاہدہ چہارم بعبارت دیگر اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ یعنی خدا تعالی نے اپنے
صورت پر آدم کو پیدا کیا لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اپنے جمال کو مشاہدہ حق کا دیکھے اور
بلکہ ہر ایک وجود کو اسیطرح پر دیکھے جیسا کہ اسمین محقق تمام اور ایک عارف مقام فرماتا ہے
بیت گر تجلی خاص خواہی صورت انسان ببین ٭ از ذات خود شد آشکارا اندران خندان ببین ٭
ہر ولی سالک طالب کو کہ ایسا مشاہدہ تحقیق ہو دریاے تحقیق سے بعالم تفریق آگاہی پہونچاوے
التوحید اسقاط الاضافتہ و بقولی ضمیر طرف آدم کی ہے یعنی پیدا کیا خدا تعالی نے آدم کو بصورت
اوس آدم کے پس طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اس معنی سے بھی جمال اپنے کو مشاہدہ حق کا دیکھے
مانند خاتم کے اگرچہ بصورت خاتم کی ہین لیکن اوسکی اصل مین تغیر نہین ہے جیسی کہ تھی ویسی ہی ہے
بسبب صورت کے اضافت ظاہر ہوئی و لیکن اضافت بیانیہ ہے نہ کہ اضافت حقیقی فہم من فہم ٭
مشاہدہ پنجم بعبارت دیگر اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ وَیُحِبُّ الْجَمَالَ یعنی خدا تعالی نیک ہے اور
نیک خصلتون سے محبت رکھتا ہے نیک خصلت کیا یعنی سیرت و صورت خودی و خودنمائی اپنی کو
درمیان سے اوٹھاوے کہ آئینہ دل کا صاف ہو جبکہ آئینہ دل کا صاف (خصلت) ہوا مقصد اپنی کا عکس آپ دیکھے
اوسوقت دریاے مشاہدہ مین پیرے اوس حالت مین مراتب بی فی احسن کی صورت نرکھے اسکی معنی
مین مولانا روم فرماتے ہین بیت اے قوم بحج رفتہ کجائید کجائید ٭ معشوق ہمین جاست بیائید بیائید

آنہا کہ طلبگار خدا ئید خدا ئید * حاجت بطلب نیست شما ئید شما ئید * مشاہدہ ششم بعبارت دیگر یا عبدی انا اقرب الیک منک خدا تعالی فرماتا ہے کہ اے بندہ میرے مین نزدیک ہون طرف تمہاری تمسے لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اشارہ معنی اس حدیث سلطانی سے وہم نفسانی کو حک کرے کہ مشاہدہ ربانی مین کچھہ نقاب نہ ہے مانند حرف سیاہی کے ہوجاوے یعنی خلقت حرف سیاہی سے ہے اگر حرف متاخمہ ہو تو بجز اپنے کسیکو معلوم نہووے اور جانے کہ تمام حروفہا کتاب مظہر بگذاشت سیاہی ہے اگرچہ ساتھہ لکھنے نقش کی ہر ایک کا نام علیحدہ علیحدہ رکھا گیا ہے جو طالب مشاہدہ اس تمثیل کو پاوے اس عالم مین مجاز اپنا لیا دیکھی کہ دریا ہے جبکہ جانا دریا ہے پس موجہائے مشاہدہ کی خود بخود اوسمین مارے اور جو خود بخود موجہای مشاہدہ کی مارین جواہر الانسان سری وانا سرہ کا خدا تعالی فرماوے کہ انسان راز میرا ہے اور مین راز انسان کا ہون مگر طالب مشاہدہ کو لازم ہے کہ اشارت مولی نفی و اثبات کو تصور کرے کہ لا الہ ہے و لا الہ دوئی مین ہے اور اوس جگہہ دوئی نہین ہے مشاہدہ مشاہدہ مین ہے *

مشاہدہ ہفتم بعبارت دیگر لا الہ الا اللہ یعنی نہین ہے کسی چیز الہی مین بجز اللہ واحد کے لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ معنی کلمہ طیب سے آپکو طیب کرے طیب کیا کہ برابر ایک بال کی عزیز ہے جو بجز ذات واحد کی رہے موحد ہوا اوسوقت جس طرف کہ نظر کرے اپنا مشاہدہ دیکھے بحسب اس بیت کے بیت وجود محض مطلق را ہمہ جا ہر زمان دیدم * بہر سوئے بہر کوئے بہر مظہر عیان دیدم * اے عزیز میری عبارت کی انتہا نہین ہے ہرچند کہ طویل کیا جاتا اسواسطے مختصر کیا گیا کسواسطے کہ جگہہ اوس کسی کی ہے جسکو ایک حرف بس ہے پس پیش پس راست و چپ تحت و فوق اور در و دیوار مین مشاہدہ در مشاہدہ مضمون اس بیت کے ہے بیت در و دیوار

من آئینہ شد از کثرت شوقم * ہرکجا می نگرم روے ترا می بینم

باب ہشتم دربیان مقالات

سنو کہ ایک ایک مقام ہے بیان اوسکا کیا جاتا ہے کہ جو یہہ ہمارے لایزالی بمکان لامکان سر مراقبہ مین رکھتا تھا جیسا کہ بجز اپنے نہ رکھتا تھا اوس مقام کا نام عارفون نے ہوت رکھا ہے اور جو بعلم اپنے آیا کہ خود بخود اس مقام کا نام لاہوت ہوا اور جو سر اوٹھایا اور نظر آپ مین پڑی اجزا سے وجود کو یک بیک مشاہدہ کرنے لگا جب نام اس مقام کا جبروت رکھا جو ساتھہ فنا اپنی کے آیا نام اوس مقام کا ملکوت ہوا جبکہ لذت وجود کی آئی نام اس مقام کا ناسوت ہوا اور جس مقام مین کہ کھڑا ہوا اسی نام سے ہین اگر

لذات فقط بین کھڑا ہوا اوسکا نام غفلت ہے اگر ہیچ وصف کی جاوے علم الیقین کہین اور جو مشاہدہ
بین جاوے علم الیقین کہین اور اگر بخود کھڑا ہو حق الیقین کہین اور جو خود بخود ہو حق الحق کہین یہہ
چارون مقام تفرج گاہ اوسکی ہین گواہ شاہد ہین حق الحق بالاخانہ کی مانند ہے اور حق الیقین مثل گھر کی ہے
اور عین الیقین مثل صحن خانہ ہے اور علم الیقین مثل دیوانخانہ ہے اور لذات وجودی مثل مطبخ خانہ و کارخانہ
کے ہے فہم من فہم اب بیان اس طرف کی مقامات کا سنو کہ جو ارواح پاک فی دریای
احدیت سے موج ارادت مین سر اوٹھایا ذات الف اپنی کو موج الف مین پایا ہر موج مین صورت
الف الف کی مانند پائی اور ہر صورت مین خوبی الف الف کی دیکھے اور خوبی مین لذات الف الف کی
چکھے جبکہ لذات الف الف کی چکھے شہر لذات مین متمکن ہوا اور جسوقت نغمہ حب الوطن من الایمان کا
اوسکی کان مین پہونچا دلمین اثر کیا مایل اصل وطن اپنی کیطرف ہوا اور کہا کہ کونسی راہ سے جاؤنگا
چنانچہ عارفون نے دو راہ کی ہین ایک راہ تقدیر اور دوسری تدبیر راہ تدبیر مین چار منزل ہین شریعت
طریقت حقیقت معرفت اگر چاہے کہ براہ چارون منزل کی تفرج کنان جاوے اول برزخ مرشد کو
راہبر کرے اور توشہ یقین کا اوپر کمر صبر کے باندہکر روان ہو جو منزل شریعت مین آوے
چاہیے کہ سینہ اپنے کو اوصاف ذمیمہ سے پاک کرے یعنی غفلت و خواب و طمع و خشم و کینہ و
خیانت و نادانگی و کاہلی و تکبر و بخیلی و پندار و غیبت و حسد کو دل سے ترک کرے اکل الحلال
وصدق المقال کا شیوہ اختیار کرے اور پانچ چیز پر استقامت کرے نماز و روزہ و حج و زکوٰۃ
و کلمہ طیب قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی خمسۃ اشیا چاہیے کہ اس منزل مین مقام نکرے مسافر
ہووے آگی منزل طریقت کی آوے جبکہ اوس منزل مین پہونچے تھوڑی کوشش مین بااختیار ہو
چنانچہ اس باب مین خواجہ حافظ فرماتے ہین مصرع تکیہ بر تقوی و دانش در طریقت کافریست ؛
چاہیے کہ اوس منزل مین مقام نکرے روانہ ہو تو نظر اوپر توکل کے ہو آگے منزل حقیقت کی
آوے جو اوس منزل مین پہونچے تمام حق دیکھے اور شوق مستی دیکھنے حق سے نعرہ مارنے و کہے
ما رایت شیئاً الا رایت اللہ فیہ چاہیے کہ اس منزل مین قیام نکرے روانہ ہو جیسا کہ حکم ہے سکونا
علی قلوب الابرار حرام آگے منزل معرفت کی آوے جو اوس منزل مین آوے بخود دیکھے و بخود کہے و بخود
سنے قال النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام الشریعت اقوالی والطریقۃ افعالی والحقیقۃ احوالی والمعرفت وصالی
اور راہ دوم تقدیر ہے اوس جگہہ اختیار اپنا ترک ہی جس جگہہ ہوا وہی جگہہ وطن اصلی ہے کیونکہ
کاربار خدا کا ہے دوسرے کسی کا نہین کہ اختیار کرے قال النبی علیہ السلام الاختیار شوم فہم من فہم ؛

باب نہم دربیان رموزات

آغاز چہار منزل یعنی شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت جاننا چاہیے کہ شریعت بمعنی لغوی شروع کرنا یعنی حق کی طرف رجوع کرنا جیسا کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ پانچ چیزیں ہیں اول کلمہ طیب کہنا دوم پنج وقتی نماز گزارنا سوم روزہ رکھنا چہارم زکوۃ دینا پنجم حج کو جانا اور ان پانچ چیز کے سوائے درد و رنج ہے خود سرور عالم نے فرمایا ہے کہ بنی الاسلام علی خمسۃ اشیاء جو ان پانچ چیز کو بجالاوے وہ اوپر ماہیت و حقیقت اوسکی مقید و محرم و واقف ہو اوسوقت مسلمان ہو اور ماہیت کا اوسکے بیان کیا جاتا ہے سنو۔ رموز اول کہنا کلمہ طیب کا کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ جو طالب صادق ہو لا الہ الا اللہ کے کہنے سے ماہیت اور مقصد اوسکا پاوے اور ایسا پاوے کہ بدنہ بد کی مثال ہو بیت عجب بد بودنی ما بودنا بود۔ عجب شد مظہر ما ہست ہم نیست۔ جیسا کہ اس باب مین کسی بزرگ نے کہا ہے بیت فنا اندر فنا یعنی فنا است بقا اندر بقا یعنی بقا است۔ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنی یخرج الحی من المیت و یخرج المیت من الحی کی اوسپر ظاہر ہوں اور فنا سے مقام مین آوے رموز دوم نماز کی گزارنے مین جاننا چاہیے کہ نماز گزارنا فرض عین ہے اور گزارنا دل و جان سے فرض عین ہے اور اگر بے ریا نماز گزارے اسلام اسلام عین ہے اور گزارنا نماز بے ریا کا بھی دل و جان سے فرض عین ہے اور اگر با ریا نماز گزارے کفر عین ہے اور گزارنا اوسکا فرض عین ہے چاہئیکہ نماز بے ریا گزارے اور اسطرح گزارے کہ جیسا اس جگہہ کہا ہے من اراد العبادۃ بعد الوصول فقد اشرک باللہ العظیم جو کوئی ایسی نماز گزارے اور ادا کرے معنی واعبد ربک حتی یاتیک الیقین کے اوسکو ظاہر ہوں اوسوقت مصلی مسلم ہو اور نماز اوسکی قبول ہووے اور جو قبول ہوئی اضافت اوسکو ہوئی معیت عبد و رب کی یانی مانند برف و آب کی اوسوقت برف گیا اور آب سالک ہوا سیراب یہان سے ہے کہ کہا ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من عرف نفسہ فقد عرف ربہ جو سالک اس مقام پر پہونچے شراب لذت وحدت کی چکھے اوسوقت معنی لا الہ الا اللہ کے اوسپر ظاہر ہوں۔ رموز سوم روزہ رکھنا معلوم ہوا کہ روزہ بمعنی راز ہے یعنے منہ باندہنا راز ہے کہ کہا ہے صوموا برویتہ وعبت ہے وافطروا برویتہ جان کہ روزہ رکھنا فرض یعنی رکھنا خود عین فرض ہے تحقیق اسی طور ہے آمنا و صدقنا جس کسی نے آپکو عین درست پایا اوسوقت عین آپکو دیکھا کہ عین ہوا حدیث من رانی فقد رای الحق زبان سے کہے بیت جو او عین من

ومن عین اویم پا نا الحق خویشتن را چون نگویم جیسا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رأیت ربی بربی
جو سالک اس مقام پر پہونچے معنی اللہ نور السموات والارض کے اوسپر ظاہر ہون رموز چہارم
زکوٰۃ کے دینے مین جاننا چاہیے کہ زکوٰۃ دینا فرض ہی یعنی دینا اپنا فرض ہی جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
ان اللہ مع المتقین تحقیق اسی طور ہے جس کسی نے آپ کو کھویا خدا کو پایا کہ کہا ہے بنایا اپنا پاونا او سکا
ہے اور نہ دیکھنا اپنا دیکھنا اوسکا ہے یہانتک کہ سالک آپکو خودی سے نہ اوٹھا سکے اگر زاید ہو تو
مانند برہان کے ہو دنیا دار قارون کے مانند ہو کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ہے کہ حب الدنیا راس کل خطیئۃ وترک الدنیا راس کل عبادۃ جو سالک یہانتک سیر کرے
تو کلی تفرقہ اپنی کی سیر کرے اوسوقت معنی انما الٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ہو الرحمٰن الرحیم کے
اوسپر ظاہر ہون ٭ رموز پنجم حج کے جانے مین جاننا چاہیے کہ جانا حج کا فرض ہے
یعنی جانا اپنا فرض ہے تحقیق اسی طور ہے اپنے جانے مین خدا ہی ہے اور اوسکے جانے مین خودائی
ہے اور جس جگہہ کہ خودائی ہے خودنمائی ہے اور جس جگہہ کہ خودنمائی ہے جدائی ہے اور جہان کہ
جدائی ہے بےنمائی ہے اور جس جگہ بےنمائی ہے یہ آیت اوسپر نازل ہوئی ہے ومن کان
فی ہذہ اعمیٰ فہو فی الاخرۃ اعمیٰ واضل سبیلا چاہیے کہ وہ کام کرے کہ کوئی نکرے اور وہ یاری کرے
کہ کوئی نکرے اوسوقت حج درست آوے اور مقصد راست دکھلائی دیوے جب کہ سالک یہانتک
سیر کرے اوسوقت معنی فاینما تولوا فثم وجہ اللہ کی اوسپر ظاہر ہون رموز ششم طریقت
ہونے کے بیان مین جاننا چاہیے کہ طریقت کے معنی اصطلاحی مجاہدہ کرنا اپنے نفس مین
یعنی سہو کرنا نفس کو نفس مین سالک یہانتک سیر کرے کہ معنی والذین جاہدوا فینا لنہدینہم
سبلنا کی اوسپر ظاہر ہون اور طریقت بمعنی لغوی راہ چلنا یعنی آپ مین جانا ہین تحقیق اسیطور ہے
خدا کو پاونا آپ مین ہے نہ آسمان اور نہ زمین مین جیسا کہ حدیث مین آیا ہے کہ القلوب بیت اللہ
جس نے گھر کو پایا صاحب گھر کو پایا جسنے صاحب کو پایا آپ کو پہچانا اور جس نے آپکو پہچانا خودی
اپنی کو اپنے عالم مین پائی اوسوقت معنی کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق
کی پائی ٭ رموز ہفتم حقیقت ہونے کے بیان مین جان کہ حقیقت کے معنی لغوی
حق ہونا اور اضافت لیجانا اور معیت پھاڑنا اور آرزو کرنا ہے جیسا کہ کہا ہے الفقر لا یحتاج الا اللہ
جو سالک اس جگہ تک سیر کرے اوسوقت معنی قل ہو اللہ احد کی آخر تک اوسکو ظاہر ہون ٭
رموز ہشتم معرفت کی ہونے مین جاننا چاہیے کہ معرفت اسم ظرف ہے معنی اسکے

پہچاننا یعنی تمام جگہہ پاک ذات واحد کی پانا اور اسمین ظہور کونین طرح طرح غیر مکرر پانا حق دل
کی ہے اگرچہ صورتین مختلف دہشت ناک یا پاک پیش آوین خوف و ذوق بچاہیے احدیث مین
محکم اس جگہ تک ہے کہ کہا ہے الایمان بین الخوف والرجاء جو سالک اس جگہ تک پہونچے
معنی الحمد للہ رب العالمین آخر تک اوسکو ظاہر ہون ؛ بیان چار منزل کا دوسری طرح سُنو
ناسوت و ملکوت و جبروت و لاہوت ؛ رموز نہم لاہوت مین ہونے کی
جان معنی لفظ لاہوت یعنی نہین ہے وہ سواے تیرے اگر کہین کہ سبیر کیونکر اوسکی ہوئی کلام رب
العالمین سُنو کہ حضرت پیران محی الدین سے کہا یا غوث الاعظم جسم الانسان ونفسہ وقلبہ وروحہ
وسمعہ وبصرہ ویدہ ورجلہ وکل ذالک اظہرت لہ بنفسی لا ہو الا انا ولا انا غیرہ جو سالک اس جگہ
تک سیر کرے کیا بیت لوح محفوظ انی انا اللہ لا الہ الا انا کا اوسکے اوپر پوشیدہ نرہے ؛ رموز
دہم جبروت مین ہونے کی یعنی مشاہدہ ہونا رب کا اس جگہ کہا ہے یا ارأیت شیئا
الا رأیت اللہ فیہ جو سالک اسجگہ سیر کرے معنی ان اللہ علی کل شیء محیط کی اوسکو معلوم ہوین
رموز یازدہم لاہوت مین ہونے کی یعنی پاک صاف ہونا ماسوی اللہ سے ان اللہ
جمیل ویحب الجمال ہمہ حال اللہ اللہ اللہ کہنا اور ہو ہو جاننا جیسا کہ کہا ہے بیت خیال
غیر حق را در درون ؛ این ریاضت سالکان را فرض دان ؛ جو سالک اسجگہ تک سیر کرے اوسکو
معنی وہو معکم اینما کنتم کے دکھائی دیوین رموز دوازدہم ناسوت مین ہونا جان کہ
ناسوت کے معنی غافل ہونا اور غفلت بد اور معنی امد بمعنی بد اگر غفلت صفت کی گئی ہو اوصاف
ذمیمہ کے ساتھہ وہ بمعنی بد ہے ان الانسان لفی خسر الا الذین امنوا وعملوا الصالحات
اوسکے اوپر نازل ہوئی ہے اور اگر غفلت موصوف ہو باوصاف حمیدہ وہ بمعنی بد ہے یعنی جیسا کہ تھا
ویسا ہی ہے ایسا تھا کہ خبر وحدت وکثرت کی نہین رکھتا تھا اور شرک اور اضافت نرکھتا تھا
مطلق تھا بلکہ بے تعین تھا جیسا کہ ماسلف نے کہا ہے النہایۃ ہو الرجوع الی البدایت وہ مقام
ہاہوت ہے پس ہاہوت اور ناسوت دونو ایک جگہ ہوئی جیسی کہ تھی ظاہر ہوگی کہ کہا ہے من
عرف اللہ کل لسانہ جو سالک اس مقام پر پہونچے وہ تیس ہزار کلام کہ عوام الناس محمد مصطفے
صلی اللہ علیہ وسلم سے پوشیدہ تھے علم خود سے اوسپر ظاہر ہو وجہ دوسری نجانتے ناسوت
اور جانتے ملکوت کی اور جبروت دیکھنا اور لاہوت ہونا اور ناسوت و ہاہوت مین گذرنا پھر ناسوت
و ہاہوت ایک ہوئی وجہ دوسری نہونے ہاہوت اور لاہوت مین متفقی اور جبروت مین دیکھنا

اور ملکوت مین سُننا اور ناسوت مین نہونا پھر ناسوت و ہاہوت ایک ہوئی وجہ دوسری ناسوت مین
مانند خواب کے اور ملکوت مین بیداری کے مانند اور جبروت مین پایا اور لاہوت مین خود یار اور ہاہوت
مین بے یار پھر ناسوت و ہاہوت ایک ہوئے عارف باللہ ہر چہار منزل مین مرکب ہے مانند حلوے
کے اور چار چیز سے اوس سے کہ ہر چہار صفت موصوف ہین صفت موصوف سے جدا نہین ہوتا ہے
رموز سیزدہم [13] اے عزیز ہر وجود کو ایک دیکھتا ہے تو مانند لام کی ہے اور اوسمین جان الف کی مانند ہے
اور میم اوسکا گفتگوے محمدی ہے اندر اسکے حرف اشارت مقامات ہر طرف فہم مین فہم رموز چہاردہم [14]
جو کوئی حق تعالی سے جدائی رکھے اوسکے علم سے محروم ہے اور جو کہ جدائی سے محرم نہین اوسکے
بھید سے محروم ہے اے سالک جوانمردی چاہیے کہ نہ غیر ہو اور نہ عین کہ چلنے سے راہ کی رہائی پاوے
بیت ہجر تو مرا خوشتر از بودن وصلت ٭ عجز تو مرا بہتر از بودن قدرت ٭ جسنے کہ قدر عاجزی کی
پائی منہ قدرت سے پھیرا جوہر عاجزی ایک جوہر ہے کہ ساتھ نامرادی کے کھینچتا ہے اور علامت اسکی
قدرت کی مراد کو پہونچاتی ہے رموز پانزدہم [15] خداے کو ہمسے غیریت نہین ہے اگر ایکدم دم
آشنائی کا اوس سے مارین ہم شرک دور ہوتا ہے اور کاہنی تہون مین جب تک کہ یہ اور وہ وقت
ہے اوٹھے بیت زہے جائیکہ انفاس ہست جان را ٭ خوش آن وقت ست غربا سے جہان را ٭
کشتن از خودی ہم موبمو رو ٭ تمنا ہم بریدین عشق و جان را ٭ رموز شانزدہم [16] ہر مسافر کو کہ شیر جان
تک پہونچا اوسنے گھر کو گم کیا تھا اوسی گھر مین پہونچا لیکن وہ گھر نہ چاہیے کہ مسکن اپنا کرے بلکہ
منہدم کرے رموز ہفتدہم [17] جو کوئی کہ سر رکھے سر توحید سے محروم ہے رموز ہیزدہم [18]
اے عزیز ہرگز بعلم اپنے ساتھ خدائی کے نہ پہونچے اور جو کہ بعلم اپنے نہ پہونچے ہرگز ساتھ نہایت
کے نہ پہونچے ٭ رموز نوزدہم [19] جو کہ محجوب ہے خدا سے دور ہے اور جو کہ محجوب نہین ہے مغز معنی
سے دور ہے رموز بستم [20] جو کہ بے خدا ہے غافل ہے کہ بے خدا نہو ٭ رموز بست و یکم [21]
جو کہ قدم نیستی پر مارے مشرک ہو جبتک کہ نیست نہو عارف باللہ نہو ٭ رموز بست و [22]
دوم جو کہ اثبات پر ثابت ہے کافر ہے جبتک اثبات نکرے لذت ایمان سے محروم رہے
رموز بست و سوم [23] جو کہ آپ کو خدا جانے کافر ہے جبتک کہ آپ کو خدا نجانے کفر سے باہر
نہ آوے رموز بست و چہارم [24] جو کہ راہ سے گمراہ ہے ہرگز مقام پر نہ پہونچے جب تک کہ گمراہ
نہ ہو مقام پر نہ پہونچے ٭ رموز بست و پنجم [25] جو کہ دم آشنائی کا مارے غیر ہے جب تک
کہ غیر نہ ہو یار نہ ہو ٭ رموز بست و ششم [26] جو کہ حضوری رکھے مطلقاً دور ہے جب تک دو

نہو حضور نہ کہین رموز بست و ہفتم جوکہ خلق کو بے خالق دیکھے اوسکو محقق نہ کہین رموز بست و ہشتم جوکہ خدا تعالی کو اندر اپنے جانے مشرک ہی و اگر اپنے باہر جانے مردود ہی ❊ رموز بست و نہم جوکہ ساتھہ خدا کے مشغول ہے نفسانی رکھے جبتک کہ نفسانی نہ رہے ہرزہ کہین ❊ رموز سی ام جوکہ قدم واسطے تلاش کی رکھے واہم ہے جب تک اوپر مطلوب کی نہ پہونچی قایم نہ کہین رموز سی و یکم جوکہ مراد رکھے نامراد ہے جب تک نامراد نہو مراد کو نہ پہونچے ❊ رموز سی و دوم ایک مرد ایک مدت تک آپکو بیخود پہچانتا تھا جو خدا کو پہچانا کچھہ نپایا ❊ رموز سی و سوم طالب سالہا حق تعالی کی طلب مین تھا جب کہ حق تعالی کو شناخت کیا اوسکا نام لینا غیرت آیا ❊ رموز سی و چہارم جو آپ سے گیا مین کفر کیا مین اور جو آپ مین آیا شرک دیکھا مینے ❊ رموز سی و پنجم جو بینا تھا مین کچھہ ندیکھا مین نے اور جب کہ نابینا ہوا مین بینا ہوا مین ❊ رموز سی و ششم اے جان میری خواب سے جو کچھہ کہ یقین کرتا تہا مین احول تہا مین جو یقین سی ہوا مین اور گیا مین راست ہوا مین ❊ رموز سی و ہفتم جوکہ خدا کی ساتھہ ہستی رکھی اگرچہ گم نام ہی ہستی نہ رکھی ہمارا مست نہ ہو ہستی سی مست ہو ❊ رموز سی و ہشتم ایجان میری جوکہ خواب سی بیدار نہین ہے وہی یار ہے جوکہ رکھے اغیار ہی ❊ رموز سی و نہم وہ کوئی شخص کہ خانقاہ انا الحق مین بیٹھا ہی اوسکے اوپر انکشاف نامرادی کا سنت ہے ❊ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى کی مراد پاوے ❊ رموز چہلم اے عزیز سنو کہ شرک سہ نوع کا ہے شرک جلی و خفی و اخفا لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ شرک جلی ہے و الا اللہ شرک خفی ہے و اللہ شرک اخفی ہے جوکہ جلی ہے شرک ناسوتی ہی اور جوکہ خفی ہے شرک ملکوتی ہے اور جوکہ اخفی ہے شرک جبروتی ہے اور مومن حقیقی لاہوت مین ہوتا ہے ❊ رموز چہل و یکم بندگی و بندہ ہونی مین بندہ وہ ہے کہ بندسی آپ توڑاوے ابیات نہ او در بند کسے باشد ❊ نہ کس در بندوی باشد ❊ ہمیشہ فرد خود باشد ❊ اگر او مرد خود باشد ❊ نخواہد از کسے چیزے بسوزاند تمنا را ❊ در انوقتی بود بندہ اگر راند تمنا را ❊ لیکن بندہ کو اپنی بندگی سی کام ہے نہ کہ چون و چرا درکار ہے جو کچھہ ہوتا ہے اوسکے اوپر گذرا ہے اور جو کچھہ ہوا اوسپر راضی ہوا و جو کچھہ ہوگا اوسپر نازی ہو و الا تمنا آزار ہے اور اوس مین سوزی و سازی ہوا اوس وقت بندگی بندہ کی درست آوے معنی یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم کے اوسپر دکھلائی دین ❊ رموز چہل و دوم در بیان عشق جان کہ مراد عشق سے وہ ہے کہ عاشق و معشوق اوس کا ہے وجود درمیان بہانہ کی ہے بیت عشق ہمون عاشق و معشوق او ❊ عرف ہمون عارف و معروف او ❊ جو کیا ہے مظہر واسطے دیکھنے اوسکے خود آئینہ

ہوا ہے خود دیکھنے والا اوسکا جیسا کہ کہا ہے المؤمن مرآت المؤمن جسنے اس مقام کو پایا
و اللہ الغنی وانتم الفقراء اوسپر ظاہر ہوئی ٭ رموز چہل وسوم دربیان موحد
جان کہ موحد وہ ہے کہ بے نام ونشان ہے اور جو با نام ہے ہمیشہ الآن کما کان ہے اور
طفولیت اوسکی برہان ہے بیت نہ بیند خودی را نہ بیند خدا ٭ نباشند وصالش نباشند
جدا ٭ اور حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ من عرف اللہ لا یقول اللہ
سالک نے جو اس مذکور کو معلوم کرلیا لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار اوسپر ظاہر ہووے
رموز چہل وچہارم دربیان نفس جان کہ نفس کا دو وجہ پر نام رکھا ہو بوجہ نفس اور انفاس
ذمیمہ کو کہیں اور وہ یہ ہے شرک وبغض ونفاق وحسرت وحسد وحرص وہوا وپندار وجاہ
وخودنمائی وہستی اسی قیاس پر ہر صفت ہوئی ہو جیساکہ حدیث نبوی اقتلوا انفسکم
بسیوف المجاہدات والمخالفات کہ کہا ہے من قتل نفسہ عن فانا دیتہ ٭ سالک
جو اس مقام کو دریافت کرلے ٭ ونہی النفس عن الہوا فان الجنۃ ہی الماوی ٭ اوسکو دکہلائی دے
دوجہی نفسی نفس کو کہتے ہیں جیسا کہ نفس پیدا از نفس ہے پس جو کچھ کہ نفس سے آوے
نفس ہو مثلاً جیسے کہ نیشکر سے نیشکر آتا ہے نہ کہ دوسرے سے کہ گندم گندم سے آتا ہے
اور اسی طرح آدم آدم سے آتا ہے علی ہذا القیاس شئے شئے سے آتی ہے نہ کہ دوسرے سے
آتی ہے وہ کہ نفس پیدا از نفس ہے جو اس مذکور کو دریافت کرلیا ٭ ولا تقتلوا النفس التی حرم اللہ
الا بالحق ذالکم وصکم بہ لعلکم تعقلون ٭ رموز چہل وپنجم دربیان قلب
اس وجہ سے قلب کو قلب کہتے ہیں جان کہ قلب جب تک قلب بین ہے قلب سے کبہی
حاجب ہے کبہی ناظر ہے اور کبہی عاجز ہے اور کبہی شاکر ہے اور کبہی خیر ہے اور کبہی شر ہے
اور کبہی جاہل اور کبہی عالم اور کبہی بے اوسکے اور کبہی ساتھہ اوسکے اور کبہی باہر دونوں
سے جیسا کہ کہا ہے یا لیت رب محمد لم یخلق محمداً ٭ سالک جو اس مذکور کو دریافت کرلے
معنی والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالی والبعث بعد الموت کے اوسپر ظاہر ہوں ٭ بوجہی
دوسرے قلب کو قلب کہیں یعنی قلب احدیت قدم کے مانند محکم بند ہا ہوا ہے کہ غیرت
احدیت اپنی سے کسیکو منہ نہیں دکہلاتا ہے لیکن آپ کو جیسا کہ کہا ہے لن ترانی ٭
ہیچ ہے کہاں ڈہونڈہے اور کہاں دیکھے چنانچہ واقع ہوا ہے کہ القلوب مواعید
سالک یہ مذکور معلوم کرے معنی لا تفکر وافی ذاتہ کے اوسپر ظاہر ہوں ٭ رموز چہل وششم

دربیان روح جان کہ روح بیچون وبیچگون وبی شبہہ وبے نمون ہے بعقلی ونقلی بعقلاً ۸
جیساکہ ہرچند فکر کرتے ہین کچھہ دریافت نہین ہوتا ہے اور نقلاً شریعت مین کہا ہے کہ
بیچون وبیچگون وبے شبہہ وبے نمون ہے پس یہ صفات ذات ہے جس جگہہ کہ صفات
ذات ہو وہ بہی ذات ہو کہ حق تعالے نے حضرت میران محی الدین کو فرمایا جعلت الانسان
سرّی وانا سرّہ اور حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارت فرمائی ہے کہ اگر عوام الناس مین
کوئی نیک فہم رکھے وہ یاد سے وہم قل الروح من امر ربی ۔ اور اپنے اصحابون کو ظاہر
کہا ہے کہ الروح ہو اللہ ۔ اور وجہ دوسری سنو کہ روح وقلب ونفس بیک زبان اسم
ذات ہین کہ شیخ عطار بموجب بیت کے فرماتا ہے بیت نفس روح وعقل ودل جملہ یکست
می ندانم تا اگر اینجا شکست ۔ اور حضرت نظامی فرماتے ہین بیت اے عالم نادانی چندین
بچہ میخوانی ۔ عالم کہ مقید ست دانم کہ نمے دانی ۔ سر موی تو شد برفے در علم نحو صرفے ۔
معلوم نشد حرفے وہ علم کہ ربانی العارف ہو الذی لا یعرف اللہ سواک ۔ جو سالک
اس مقام سے واقف ہو ان اللہ خلق آدم علی صورتہ اوسپر ظاہر ہو ۔ رموز چہل و
ہفتم دربیان بہشت جان کہ بہشت یگانگی مین ہے اوس سے کہ بیگانگی سے باہر ہے
جس جگہ کہ باہر بیگانگی سے ہے تمام حال بیگانگی ہے اور اس جگہہ کام ساتھہ ایک دیکھنے اور
ایک جاننے وایک سننے اور ایک کہنا کہ حضرت جنید بغدادی نے فرمایا ہے حدیث
لیس فی الجنۃ رسول اللہ ۔ سالک جو اس مقام سید مصطفی کو صیدکرے کہ لیس فی جنۃ حور
ولا قصور ولا لبن ولا عسل ضاحکا جو کہ اس مقام پر پہونچے اوسکو ابد الابد بہشت ہے
آخر کیا ہوگا اب بہشت مین ہے جو سالک اس مقام کو اپنی جگہہ کرے اوسوقت آپ کو
آئینہ کے مانند دیکھے اللہ ولی الذین آمنو یخرجہم من الظلمات الی النور جب معنی
ان الذین آمنو وعملو الصالحات لہم جنات تجری من تحتہا الانہار ذالک الفوز الکبیر
کے اوس پر منکشف ہون ۔ رموز چہل وہشتم دربیان دوزخ جان کہ دوزخ
بیچ بیگانگی کے ہے اوس سے بیگانگی اور جس جگہ کہ بیگانگی ہے بیگانگی ہے کہ حق تعالے نے فرمایا ہی
انی بری مما تشرکون جیسے کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے انی بری مما تشرکون ۔ جس
کسی سے کہ اللہ تعالی بیزار ہوا اوسکو ابداً آبد دوزخ ہے آخر کیا ہوگا نعوذ باللہ منہا اب
دوزخ سے اور آگ بیگانگی جلاتی ہے کسواسطے کہ حدیث یگانگی کی نہین دیتا اس سبب سے

سیاہی آگ بیگانگی نے فراموش کیا یگانگی آگ دوزخ کو سیاہ کہتے ہین اور سیاہی آگ کی بیچ
اوسکے بیگانگی یا فتنہ ہوا پس بتحقیق معلوم کر کہ مراد بہشت سے یگانگی ہے اور مراد دوزخ
سے بیگانگی ہے قال اللہ تعالی والذین کفروا اولیٰؤھم الطاغوت یخرجونھم من النور الی
الظلمات اولٰئک اصحاب النار ھم فیھا خالدون **بیت** یگی را بہشت دان بیگانگی دوزخ بدان
چون شدی واقف زہر دو ہر دو را از خود بدان * اور بزرگون نے کہا ہے کہ گر کرنا اپنا اوپر اپنے
ہے جو سالک اپنی کجی سے واقف ہوا یہ نیت معلوم ہوا قال اللہ تعالی ولا تلقوا
بایدیکم الی التھلکۃ * رموز چہل و نہم ۴۹ دربیان قیامت جان کہ قیامت بمعنی اصطلاحی
ٹکڑا ہوتا ہے اور وہ ٹکڑا ہوتا کئی وجہ ہے ایک مردم ہے کہ فنا ہو جاتا ہے اور ٹکڑا ہوتا ہے
دوم ہر ساعت ہے اور وہ اوپر جاتے قلوب کے ہے کہ ہر ساعت اطراف مین قلب
قلب ہے * سوم ہر روز ہے اور وہ طلوع دن ہے کہ ہر روز طلوع کرتا ہے اور تمام
عالم کو کاروبار مین مشغول کرتا ہے چہارم ایک دن اور وہ خواہش وجود سے ہے ان چہار
وجہ سے اوپر تمام عالم کے مرکب ہے * وجہ پنجم ایک وقت ہے اور وہ جانا خودی کا ہے
جو آپ سے گیا آپکو خدا سے پایا اور پھر اپنی خودی کی طرف نہ دوڑا جیسا کہ سرور عالم نے
فرمایا ہے من مات فقد قامت قیامتہ * جو سالک اس مقام پر پہونچے معنی کل من علیھا
فان ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام اوسپر دکھلائی دین مقصود کلی بیچ وجہ پانچوین
کے ہے ماوراے اسکے جو کچھ ہے بے مقصود ہے اور قیامت بمعنی لغوی قائم ہوتا ہے
تحقیق جسوقت سے کہ حق تعالی ظاہر ہوا ہے اوسکی نہایت نہین ہے قیام اوسکا ابد الابد ہے
جیسا کہ کہا ہے **بیت** قیامت شدہ رفت آخر نخواہد آمد * باقی خیال عشق است ہر دم قیام
وارد * جو سالک اس مقام پر پہونچے معنی اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم تا آخر اوسپر ظاہر ہون
رموز پنجاہ ۵۰ دربیان دنیا جان کہ دنیا بمعنی دون ہے اور جو کہ کمینہ ہو وہ نجاست ہے
اور محبت اوسکی کثافت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ
الدنیا جیفۃ وطالبھا کلاب * سالک جو اس مذکور کو معلوم کرے معنی انما الحیوۃ الدنیا
لعب ولھو کی اوسکو معلوم ہون پس فرض ہے کہ اس مقام سے گذرے ایسا گذرے
کہ گذر جاوے اوسوقت معنی الصوفی ھو اللہ کی اوسکو روشن ہون * رموز پنجاہ و
یکم ۵۱ دربیان دین جان کہ دین بمعنی دین ہے اور دین بمعنی عین ہے اور ناظر ہو بعین ذی نظر ہیا

اپنے اوپر رکھے ✤ دین من نظر علی اللہ فھو محجوب عن حقیقتہ ✤ کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ طالب العقبی مؤنث ✤ پس طالب فرض ہے کہ اس مقام سے گذرے ایسا گذرے کہ عین گذر جاوے جو عین ہوا او سوقت الآن کما کان اوسوقت ظاہر ہو ✤

رموز پنجاہ و دوم در بیان ذکر جان کہ ذکر بمعنی یاد کرنا حق تعالی کا غفلت سے ہے کہ کہا ہے فاذکرونی اذکرکم ✤ اوسکا یاد کرنا دو نوع پر آیا ایک معنی دوم لفظ پس ذکر لفظی محروم سر سے ہے جیسا کہ کہا ہے من یقول اللہ الفاظ ذاکر لفظ ✤ معنی محروم اسرار سے ہے اور نا محروم سر سے ہے کہ کہا ہے ✤ من یقول اللہ ✤ معنی فھو محروم عن سرہ لا ھو مبشر ✤ جیسا کہ کہا ہے ✤ لو کان المذکر فھو مؤنث لا ھو مذکر و لو کان المذکر فھو مذکر ✤ پس معلوم ہوا کہ یاد کرنے سے یاد کرنا ہے نہ کہ دستار پیچ گردن ✤ بلکہ ہاتھ گردن سے تحقیق دور ہونا بیگانگی کا طالب نے جو اس مذکور کو دریافت کر لیا معنی اذکر ربک اذا نسیت کی اوسپر معلوم ہوں ✤

رموز پنجاہ و سوم در بیان فکر فکر بمعنی دریافت ہے دریافت کرنا اوس دریا وطن کا جو دریا وطن کا دریافت کر لیا موتی پایا مراد دُر سے وجود ہے اور مراد دریا سے موجود ہے طالب جسوقت دریا مین غوطہ مارے اوسوقت موتی پاوے **بیت** عجب دریا کہ در وے ہست دُر پنہان ✤ عجب دُرے کہ سبے دریا نہان شد ✤ جیسا کہ کہا ہے الانسان سری و انا سرہ ✤ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنی الا نجدین والھدین اثنتین کی اوسپر ظاہر ہوں ✤

رموز پنجاہ و چہارم در بیان تلاوت کلام اللہ جان کہ تلاوت کلام اللہ کی سنت ہے اور دریافت کرنا اوسکا فرض ہے اور دریافت کرنا اوسکا کیا ہے یعنی تامل اوپر ظاہر کرنے اور اوس سے واقف ہونے کا تحقیق بیچ تامل کے ظہور اشارت کا ہے اور اوسکے پڑھنے مین عبارت ہے اور جس جگہ کہ عبارت ہے حجاب اشارت سے ہے جیسا کہ حضرت رسالت پناہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ الحافظ کالاعمی جس جگہ کہ اشارت ہے بصارت ہے اور جس جگہ کہ بصارت ہے حاضر ہے و رو برو ناظر ہے چنانچہ قاسم انوار فرماتا ہے **بیت** درہمہ جا از ہمہ روے تو در جلوہ گریست ✤ مصحف روے ترا از ہمہ رو میخوانم ✤ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ افضل العبادۃ تلاوۃ القرآن ✤ طالب جو اس مذکور کو دریافت کر لے گویا خزانہ غیب کا دریافت کیا اوسوقت معنی اقرأ باسم ربک الذی خلق خلق الانسان من علق اقرأ و ربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان ما لم یعلم کی اوسپر ظاہر ہوں ✤

رموز پنجاہ و پنجم اے عزیز بنا کلام اللہ

تیس حروف ہے اور شروع اوسکا الف اور آخر اوسکا یا اور کچھہ جانتا ہے تو کہ کون تھا اور
کون ہے تو اور کہان تھا اور کہان سے آیا یعنی آپ کو دیکھہ کہ احد و عشر ہے تو پاکہ اس سے
بھی گذر کہ دوئی نہ رہے ؛ رموز پنجاہ و ششم دربیان علم بمعنی جاننا مطلق جیسا کہ اس
باب مین ایک بزرگ کہتا ہے بیت آن شاہد لاہوتی در کسوت انسانی ہست ؛ انسان ہمان
شخص زان شان نظری کن ؛ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ
نوم العالم افضل من عبادۃ الجاہل جو طالب کہ اس علم کو تحصیل کرے اوسکو عالم العلما
کہین العلم نقطہ اوسکو ہے اور کمال اوسکا وہ ہے کہ ذات اوسکی سے اور مطلق سے بی مطلق
ہو جیسا کہ حضرت میران محی الدین نے رب العالمین مین سوال کیا کہ یا رب ما علم العلم ؛
جواب آیا کہ یا غوث الاعظم علم العلم ہو الجہل عن العلم ؛ جو سالک اس مقام کو پاوے
اوسوقت معنی ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو عالم الغیب والشہادۃ اوسپر منکشف ہون ؛
وہ اللہ ہے ایسا اللہ نہین کوئی معبود مگر وہ اللہ جاننے والا غیب کا اور حاضر کا ہے [12]
رموز پنجاہ و ہفتم دربیان حلم جان کہ حلم بمعنی سلیم ہونا ہے ایسا سلیم ہونا جیسا کہ
پانی بیچ پانی کے ایسا کہ تھوڑا اوس سے گرم کرین اور تھوڑا خشک پھر دونو کو ایک جگہہ
کرین نہ گرم خشک سے بھاگتا ہے اور نہ خشک گرم سے بھاگتا ہے اور دوسرے ہزار
کوچہ پاک و ناپاک سے آتا ہے اور کوچہ اسلام و کفر سے دریا مین جاتا ہے اور کچھہ تمیز نہین
ہو سکتا ہے کہ وہی ہے یا کہ دریا سے ہے جو کہ ایسا ہو وہ دریا ہوا اوسوقت معنے
ہو الاول والآخر والظاہر والباطن وہو بکل شیٔ علیم کے اوسکو معلوم ہووین ؛
رموز پنجاہ و ہشتم دربیان خلق و خالق جان کہ خلق خالق سے ہے جیسے کہ
موج دریا سے طالب جبکہ ان دونون کو تلاش کرے پانی پاوے کہ کہا ہے التنفوظیہ لامم
اللہ تعالی ؛ جسوقت کہ طالب اس مذکور کو دریافت کرے معنی تخلقو باخلاق اللہ
اوسوقت معلوم کرے ؛ رموز پنجاہ و نہم دربیان خلق یعنی علم سے خلق نہ کہ خلق
سے تمام انبیا و اولیا بیچ خلق کے ہوئے ہین جیسا کہ کہا ہے یا احمد آدم علی ذکری یا رب
کیف آدم علی ذکرک انماک من الناس ہر سالک کہ اس مقام کو معلوم کرے اوسوقت
معنی انا الموجود فاطلبنی تجدنی سے واقف ہو ؛ رموز شصتم دربیان خاموش
جان کہ خاموش وہ ہے کہ کوئی دم بیفایدہ نگذارے اور آپ کو میانہ رکھے یعنی آپ سے
کچھہ نکہے اور جو کچھہ کہ کہے اوسی سے کہے کہ کہا ہے من سکت سلم ومن سلم نجا ومن نجا افلح

الجنتہ ؛ ہر سالک کہ اس مذکور سے وقفیت حاصل کرے خزانہ حق معلوم کرے اوسوقت معنی
ان اللہ علی کل شئی کلیم ؛ کے اوسپر منکشف ہوں ؛ رموز شصت و یکم[۶۱] دربیان
قناعت قناعت وہ ہے کہ بے وجود بیٹھے نہ کہ یاد وجود مین بیٹھے مراد بے وجود سے وہی
کہ آپ درمیان بہانہ کے ہے جو کچھ کہ ہے وہ ہے کہ کہا ہے القناعتہ کنز الایفنی ابداً ؛
جو کوئی اس مذکور کو معلوم کرے اوسوقت معنی ان اللہ یحب المتقین کی اوسپر ظاہر ہوں
رموز شصت و دوم[۶۲] دربیان حجرہ مین بیٹھنے کے جان کہ حجرہ مین بیٹھنا وہی ہے
کہ آپ سے ہجر کرے نہ کہ آپکو چہار دیواری مین حبس کرے جیسا کہ کہا ہے من حبس فی
اربعین معک کالطیر فی القفس ہر سالک کہ اس مذکور کو معلوم کرے معنی ونفخت فیہ
من روحی اوسپر ظاہر ہو ؛ رموز شصت و سوم[۶۳] دربیان تسبیح جان کہ تسبیح وہ ہے
کہ دانہ ہای چوب سے بنائی جاتی ہے باسم اللہ اللہ بلکہ تسبیح وہ ہے کہ تمام مظہر کو جانے
اللہ اللہ چنانچہ ایک چوب سے صد دانہ طالب اوسوقت ہو کہ بناوے جیسا کہ ایک
بزرگ نے کہا ہے بیت کہ بچشمان دل مبین جز دوست ؛ ہرچہ بینی بدانکہ مظہر اوست ؛
من تعلم حرفاً مولا ؛ جو طالب کہ اس مذکور کو یاوے اوسوقت معنی افلا ینظرون الی
الابل کیف خلقت والی السماء کیف رفعت والی الجبال کیف نصبت والی الارض
کیف سطحت فذکر انما انت مذکر ؛ کی اوسکو ظاہر ہوں ؛ رموز شصت و چہارم[۶۴]
دربیان مراقبہ قرب ہوتا ہے کہ تمام حال مین وہی ہے نہ کہ سر مانند فکر زدون کے
ڈالے کہ کہا ہے من تقرب الی شبراً تقربت الیہ ذراعاً ؛ جب کہ سالک اس مقام پر
پہونچے اوس وقت معنی لی مع اللہ وقت لایسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل ؛
کے اوسکو معلوم ہوں ؛ رموز شصت و پنجم[۶۵] دربیان مجاہدہ یعنی جہد کرنا اپنے نفس
کے ساتھ جان کہ جہد وہ ہے کہ کچھ نکرے اور اگر کرتا ہے وہ جہد نہیں ہے فریب نفس
ہے جیسا کہ کہا ہے الاختیار شوم ؛ جو طالب سالک اس مقام پر پہونچے اوسوقت معنی
ما صنع اللہ فہو اخیر ؛ کی اوسپر منکشف ہووین ؛ رموز شصت و ششم[۶۶] دربیان مشاہدہ
یعنی روبرو ہونا جان کہ روبرو ہونا وہ ہے کہ آپ درمیان بہانہ کے ہے اور تمام جہان
عین العیان ہے جیسا کہ کہا ہے الم ذالک الکتاب لاریب فیہ ہدی للمتقین الذین
یؤمنون بالغیب کے اوسکو وقفیت ہو ؛ رموز شصت و ہفتم[۶۷] دربیان تقوے

یعنی پرہیز کرنا وہ ہی کہ اپنی خودی سے پرہیز کرے نہ کہ آب وطعام سے پرہیز کرنا تحقیق جو کہ آب وطعام سے پرہیز کرے وہ پرہیز ہے جیسا کہ کہا ہے من تزہد بغیر علم فقد مات کافرؐ او مجنونؐ ؛ جو کہ آپ سے پرہیز کرنیوالا ہی وہ پرہیز ہے کہ العلماء ورثة الانبیاء ؛ جبکہ سالک اس مقام پر پہونچے حقیقت اللہ کی صبید کرے اوسوقت معنی ان اللہ علیم بذات الصدور کی اوسکو معلوم ہو **رموز شصت و ہشتم ۶۸ دربیان صلاحیت** جان کہ صلاحیت وہ ہے کہ آپ سے روان ہی بے اضافت دوان ہے مانند پانی کی پانیمین بیچ دریائے وحدت کے روان ہے **بیت** صلاحیت ہمان باشد کہ باحق ہر زمان باشد ؛ نباشد بے خدا ہرگز ہمیشہ باخدا باشد ؛ اور کہا ہے من یقول الاضافت فی ذات المطلق فہو عاصی لا ہو صالح ؛ جو سالک اس مقام پر پہونچے خم وحدت سے شراب طہور اپیوے جب معنی فمن کان یرجو لقاء ربہ فلیعمل عملاً صالحاً ولا یشرک بعبادة ربہ احداً ؛ اوسپر ظاہر ہوں **رموز شصت و نہم ۶۹ دربیان ہمت** جان کہ ہمت وہ کہ دونو جہان سے مستغنی ہووے تارک ایمان و بے ایمان کا ہے اور فارغ نفس شیطان سے ہے اور صابر سبحان سے ہے و رحمان **بیت** ہر کہ صاحب ہمت آمد مرد شد ؛ ہمچو خورشید از بلندی فرد شد ؛ اور کہا ہے کہ صاحب الہمت مستغنی عن الکل سالک جو اس مقام پر پہونچے معنی اذا اتم الفقر افہو اللہ کے اوسکو معلوم ہوں ؛ **رموز ہفتادم ۷۰ دربیان مسکنت** مسکنت وہی کہ تمام مقامات و کرامات سے سکونت کرے کسی وقت اور کسی جگہہ کو رجوع نکرے **بیت** غیر صد بیچارگی گر دست آید مرد را ؛ آتش بان عشق را سوز و تمنا مرد را ؛ کہ کہا ہی اللہم احینی مسکیناً واتمنی مسکیناً واحشرنی فی زمرة المساکین جو سالک اس مقام پر پہونچے اور ہستی اپنی سے نیستی کو مارے اوسوقت معنی موتوا قبل ان تموتوا کی اوسپر ظاہر ہوں ؛ **رموز ہفتاد و یکم ۷۱ دربیان رضا** جان کہ رضا وہ ہے کہ بیچ تمام حال کے خدا سے راضی ہو یعنی ساتھہ خدا کے راضی ہو اور ساتھہ اپنی ناز کرے نیاز ہی ہو **بیت** ناز و نیاز سے باخودی کردن تماشا خوشتر ست ؛ ہر کہ داند او تماشا دیجا او خوشتر ست ؛ اور یہہ بھی کہا ہے کہ الاخلاص بناء الایمان جو سالک اس مقام پر پہونچے پھر ایمان جانے اوسوقت معنی رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ کی اوسکو معلوم ہوں **رموز ہفتاد و دوم ۷۲ دربیان ایمان** جان کہ ایمان وہ ہی کہ آپ سے بی نشان ہے اور بیچ تمام حال کے ناظر ساتھہ سبحان کے ہے جیسا کہ کہا ہی سبحانی ما اعظم شانی جو طالب اس مقام پر پہونچے شراب طہور کی خم وحدت سے پیوے اوسوقت معنی سبحان الملک الذی لا ینام ولا یموت کی اوسپر ظاہر ہوں ؛ **رموز ہفتاد و سوم ۷۳ دربیان اخلاص** جاننا چاہیے کہ اخلاص وہ ہے کہ آپ سے

خلاص ہے جیسا کہ برف بیچ پانی کے بیت اگر مرد واقف بود بیرو جود ٭ نگوید خدا را نگوید وجود ٭
اور یہ بھی کہا ہے کہ سیر و اثق المفردون جو سالک اس مقام پر پہونچے اوس وقت معنی من عرف
اللہ کل لسانہ کی اوسپر ظاہر ہوئی ٭ رموز ہفتاد و چہارم در بیان استقامت بمعنی قرار
کرنے کہ اس باب مین کہا ہے الاستقامۃ فوق الکرامۃ جو طالب سالک اس مقام پر پہونچے
اوسوقت سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق فسوی والذی قدر فہدی والذی اخرج المرعی
فجعلہ غثاء احوی اوسپر ظاہر ہوئی ٭ رموز ہفتاد و پنجم در بیان توبہ جان کہ توبہ
وہ ہے کہ اپنے اختیار سے توبہ کرے بلکہ جو کچھہ گذرا اوسکے اوپر افسوس اور جو کہ کرتا ہے اوسپر کوشش
نکرے اندر اور باہر حق پوشش کا کرے جیسا کہ کہا ہے من ترک ذرۃ مما نہی اللہ تعالی خیر
من عبادۃ الثقلین جو کہ اس مقام پر پہونچے پھل درخت طوبی کا چکھے اوسوقت معنی ان للمتقین مفازا
حدائق واعنابا وکواعب اترابا وکاسا دہاقا لا یسمعون فیہا لغوا ولا کذابا جزاء من ربک عطاء
حسابا رب السموات والارض وما بینہما الرحمن لا یملکون منہ خطابا ٭ اوسپر ظاہر ہوئی رموز
ہفتاد و ششم در بیان شکر و شاکر ہونے کے جان کہ شکر وہ ہے کہ اوس سے
شکر کرے نہ شکر شکر سے یعنی دل مین ایک جاوے اور زبان سے ثنا پڑہے جانا ان ساتھہ جانان
کے جان ساتھہ جسم کے جانے ایسی ہی مقصود معنی ساتھہ لفظ کے پڑہے اور جو بغور تلاش کرے یہ کہ
ایک جانے اوسکو ثنا گر کہین جیسا کہ کہا ہے یا عبادی انا اقرب الیک منک ٭ جو شاکر اس جگہہ
شکر بجالا کر آپ کو بجالاوے اوس وقت معنی نحن اقرب الیہ من حبل الورید کی اوسپر ظاہر ہوئی ٭
رموز ہفتاد و ہفتم در بیان صبر و صابر ہونے کے جان کہ صبر وہ ہے کہ اوس سے
صبر کرے نہ کہ دونون کو آپ مین دیکھے اور آپکو ایسی ہے بیچ وجود کے نزدیک جانکر رو برو بیٹھے
ایک اوسکی مرد یک مین رہتا ہے اور دوسرا بیچ مردہا لک نیکی والعالم مرات العارف جو کوئی
اس صبر کو بجالاوے اوسی کو صابر کہتے ہین کہ کہا ہے کل نفس واحد اوسوقت یا ایتہا النفس المطمئنۃ
ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی کے معنی اوسپر ظاہر ہوئی ٭
رموز ہفتاد و ہشتم در بیان توکل و متوکل ہونے کے جان کہ توکل وہ ہے کہ
مالک سے توکل کرے نہ کہ ملک و نصیب سے توکل کرے نہ کہ کسب سے جو کوئی کہ ملک و
ملک سے توکل کرے اوسکو متوکل کہین ورنہ متاکل و متاکل رعیت نفس ہے نہ کہ صاحب
نفس ہے اور کہا ہے کن فی الدنیا کانک غریب او کعابری سبیل وعد نفسک من اصحاب القبور

جوکہ ایسا متوکل ہو وہ کلام کہ حق تعالے نے حضرت میران محی الدین سے کہا ہے اوسکو ظاہر ہوا وہ
کلام یہہ ہے قال لی عباد سوے النبیین والمرسلین لا یطلع علی ان ارجو الہم احد من اہل الدنیا
ولا احد من اہل الآخرۃ ولا احد من اہل النار ولا مالک ولا رضوان وما خلقتہم للجنۃ وللنار ولا للثواب
ولا للحور ولا القصور ولا لغلمان فطوبیٰ لمن آمن منہم ان لم یعرفہم ✤ رموز ہفتاد و نہم دربیان
تلقین یعنی ملاقی کرنا ساتھہ حق تعالے کے اوسکا ملاقی کرنا دو نوع پر آیا ایک یہ کہ طالب کو مشغول کرنا
ساتھہ الفاظ ملحوظ بصوم و صلواۃ و تہجد و اشراق و چاشت و فی الزوال و دوگانہ اور ہمیشہ با وضو رہنا
کہ مقصد پاوے اور طرح دوسری یہ ہے کہ طالب کو مشغول کرنا بعیان ثابتہ یعنی مقصد جیسا کہ
نہیں ہے کوئی آدمی سوائے مقصد کے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے
من یرید ان یجلس مع اللہ فجعلہ مع الفقرا و من یرید ان یجلس مع الانبیاء فجلس مع العلماء
جو طالب تلقین ثانی کا فہم کرے اوسوقت معنی کان اللہ ولم یکن معہ شئی کے اوسپر ظاہر ہوں ✤
رموز ہشتادم دربیان تصوف بمعنی صاف ہونا جان کہ صاف ہونا کیا ہے کہ نہ خود رہے
نہ خدا اور نہ وصل نہ جدائی لی مع اللہ وقت لا فیہ عبد ولا رب لی مع اللہ ✤ جیسا کہ کہا ہے التصوف
حال ولا الٰہ بیان ✤ رموز ہشتاد و یکم دربیان تجرید تجرید الذی ناظر علی اللہ و حاضر
من اللہ ✤ جان کہ تجرید وہ ہوتا ہے کہ ہر طرف مولیٰ کو دیکھے اور دنیا کو نہ چاہے بس ہمیشہ مولیٰ
ناظر اوسکا ہووے کہ کہا ہے ما زاغ البصر وما طغی ✤ ہر سالک کہ اسکے معنی دریافت کرے لا الہ
الا اللہ اوسپر ظاہر ہو ✤ رموز ہشتاد و دوم دربیان تفرید جان کہ بے نام و نشان ہے
والآن کما کان ہے بیت تفرید آن باشد کہ سہو السہو خود باشد ✤ ولی چون نیک می بینید کہ
سہو السہو خود باشد ✤ اور کہا ہے التفرید الذی لا یکون ثانی الا ہو ✤ جو سالک اسکو دریافت کرے
اللہ اوسپر ظاہر ہو رموز ہشتاد و سوم جس کسی کی نظر اوپر عرفان کے ہو عارفان سے نہ ہو ✤
رموز ہشتاد و چہارم جسکی نظر اوپر مراد کے ہو دریاے مراد سے جرعہ نہ چکہا ہو ✤ رموز
ہشتاد و پنجم جو کہ منظور ناظر ہو حقیقت اوسکی سے اندہا ہو ✤ رموز ہشتاد و ششم
جو کہ علم سے بی بہو نہو علم نہیں ✤ رموز ہشتاد و ہفتم ہر عاشق کی کہ نظر عشق پر ہوا ابھی
بکمالیت عشق نہ پہونچا ہو ✤ رموز ہشتاد و ہشتم واصل کو ساتھہ حقیقت کے کوئی گذر نہیں
ہے ✤ رموز ہشتاد و نہم یافت اسکی وہ ہے کہ بے یافت ہو ✤ رموز نود جس کسی کی نظر
اوپر رویت کے ہو اندہا ہے اور بینا اوسوقت ہو کہ نابینا ہو ✤ رموز نود و یکم جو کہ دیکھنے سے

آنکھہ بند رکھے آپکو کلفت سے باز رکھے ؛ رموز نود و دوم ۹۲ نفی و اثبات وجود یہی ہو وجود سے جاوی کچھہ نرہے ؛ رموز نود و سوم ۹۳ خلق کو ساتھہ خلق کے دیکھنا شرک ہے اور خالق جاننا شرک ہے اور خلاص وہ ہے کہ بے شرک ہووے ؛ رموز نود و چہارم ۹۴ جو کہ ڈہونڈے بناوے ؛ رموز نود و پنجم ۹۵ جو کہ سکے بچانے ؛ رموز نود و ششم ۹۶ جو کوئی دوڑے نہ پہونچے ؛ رموز نود و ہفتم ۹۷ جو طالب مطلوب ہو مطلوب سے ہو ؛ رموز نود و ہشتم ۹۸ جو سالک منزل پہونچے منزل نہ دیکھے ؛ رموز نود و نہم ۹۹ جو یقین ساتھہ کمال کے پہونچے بے یقین ہو ؛ رموز صدم ۱۰۰ جو ایمان مسلم مضبوط ہو ایمان سے پھرے ؛ رموز صد و یکم ۱۰۱ ایک بزرگ نے ساتھہ سپاہی کے ملاقات کی اور پوچھا کہ اے سپاہی کہانسی کمان تک ہو گئی اور کہانتک پہونچی اوسنے جواب مین کہا کہ جو ملک عدم سے باہر آئی ہین بیچ ولایت لاکی پہونچی مین اور کتنی کچہری مین پھر بیچ ملک لاسکے آئی ہین

اختتام کتاب

یاالٰہی بطفیل اپنے حبیب نبی کریم کے اس رسالہ کو مقبول فرما کر مجکو اور اسکے ناظرین کو اس سی بہرہ مند فرما یا اللہ تو غفور رحیم ہے مین سرتاپا گنہگار ہون مجکو اور میرے فرزندان اور خویش و اقارب کو دنین مین باآبرو رکھیو اور بروز قیامت نامۂ اعمال دست راست مین دیجیو آمین یارب العالمین

منقبت بجناب حضرت رسول مقبول صلعم

محمد تو نور خدا ہی جہان ہے
گذر کر کے یکدم مین جنت آسمان کو
دلی جامہ تیری مین تقلید کی تھی
پیغمبر ہی او رسل بہت ہین
تو لیکن طہ حبیب الٰہ
یہہ ہی عرض میری نبی الکریم
نہین ہا خدا ہی نہ حامی کوئی ہی
مین امتی ہین تیری گنہگار ہونگا
ملادی خدا سی بچا آفتون سے

یہہ سب نور ہی تیرے کون و مکان ہے
عرش پر تو پہونچا جہان لامکان ہے
جہان تھا تو پہلے وہان کل وہان ہے
ولیکن یہہ رتبہ کسیکو کہان ہے
خدا کی خدائی مین یکتا نشان ہے
کہو یا تو امت کا پیارا سہا ہے
مگر مجھہ پہ مجھے کشادہ دہان ہے
بچالے تو لا آلہ تیری امان ہے
مجھے نفس ہر دم ستاوی یہان ہے

سراپا ہی تو نور اوس صمدیت کا
فرشتون کی جس جا پہ پر ہو سوختہ ان
یہہ اسرار مخفی اسے کون پہونچے
سبہی مشغر کو تکنے ہین تجھہ پار رو کے
لکھون نعت کیا مین کہ بیحد ہی تو
میری ناو ٹوٹی پڑی منجدہار
مین تنہا غریبا و طوفان ہین
لگا پار مجکو تو محبوب رب ہے
گنہگار امت کو اسطرح بیچلے

یہہ ظاہر عیان ہی کہ سایہ کہان ہے
بشر کی یہہ امکان طاقت کہان ہے
فنا ذات حق مین شہنشہ جہان ہے
تو محبوب رب ہے شفیع بیگمان ہے
زبان قلم مین یہہ طاقت کہان ہے
شب تیرہ ہی اور بہنور بیچ ہان ہے
یہہ دریا عمیق او کنارہ کہان ہے
سوا تیری میرا ٹہکانا کہان ہے
ہم بچون جا ہو شیر نگران ہے

پڑا در پے آ تیری گنہگار زردار | شرم با نہ کہی کی تجھی تو ہاں ہے

ناظرین پر تمکین سے التجا کرتا ہوں کہ اسمیں جسجگہ بھے قصور دیکھیں قلم اصلاح سے زینت بخشیں اور اس عاصی پر معاصی کو بدعای خیر یاد کریں تا کہ باعث میری مغفرت کا ہو

قطعہ تاریخ از نتایج افکار منشی سکھہ لال صاحب متخلص بآہ سکنہ رام پور رومیلکھنڈ

خان زردار خان چہ خوش مرد است
پیرو دین و حاجی حرمین
ہر کسی بہر او ثنا خوان است
رہبر و شاہراہ عرفان است
گفت سکھہ لال آہ تاریخش
خوب رہ بینیک خو نکو طلعت
رہبر حق چہ نسخۂ خوش ساخت
عابدان راسبیل عرفان است
نکتہ چین نکتہ دان سخندان است
بہر آن یک جہان خواہان است

١٢٩٣ھ

ایضا

رہبر حق چہ خوش مرتب ساخت
آہ راشد خیال تاریخش
خان زردار خان امیر زمان
بہر آن نسخۂ پسند جہان
رمز دان طریق عرفان است
ہاتفی گفت از رہ الہام
پیرو دین و رہبر و ایمان
قبلۂ فیض و کعبۂ ایقان

١٢٩٣ھ

ایضا

رہبر حق ساخت چون زردار خان
با کمال فکر از طبع رسا
ہاتفی گفت از سر کاخ برین
آہ شد آن نسخۂ مقبول خلق
آفرین زردار خان را مرحبا
بہر تاریخش خیال آمد مرا

١٢٩٣ھ

تمام شد رہبر راہ حق

بعونِ صانعِ مکین و مکان و فضلِ خلاقِ زمین و زمان

مثنوی نادر الوجود محتوی بر مطالب اہل تصوف ارباب عرفان و یقین مسمی بہ

تحفۃ العاشقین

از انکشاف طبع روشن صاحب کرامات حضرت محمد عبدالصمد معروف بہ شاہ زیست خان مرحوم مغفور

در مطبع نامی منشی نول کشور بطبع مزین و مقبول جہان شد

بسم الله الرحمن الرحیم

حمدِ نامحدود و درود نامعدود معبودی را سزا است که جان عارفان را گلزار عرفان ساخت و شجرهٔ طیبهٔ
شریعت و طریقت را بمودای اصلها فی الارض و فرعها فی السماء سر باوج کمال افراخت دردمندانش
بترنم این رباعی پرداخته رباعی عشق ست که آن مغز دل و جان من ست ٭ برگ من و عیش من و سامان منست
رمزیکه توانم بستایش گفتن ٭ این ست که دردمن و درمان من ست ٭ و روح عاشقانش باین ترانه درساخته
رباعی نی جاه و جلال کبریا میخواهیم ٭ نی درد ترا هیچ دوا میخواهیم ٭ هرکس زدر تو مطلبی میخواهد ٭ ما خسته
دلان ز تو ترا میخواهیم ٭ جمالکش را در هر ذره جلوهٔ دیگر ست و نور ذاتش را همه اشیاء مظهر بیت
ناقص و کامل مبین اندر جهان ٭ مظهرش هر جزو هر کل میشود ٭ و تحیات وافیات و صلوات زاکیات
محمودی را که ذات کامل الصفاتش نور الانوار ست و بهترین مظاهر پروردگار ٭ سینهٔ پاکان از تربیت
هدایتش معدنِ نور الهی و دل سالکان بتائید ارشادش مخزن اسرار کماهی ٭ و رحمت رضوان حضرت
ایزد منان بر آل و اصحاب والا شانش که پروانهٔ جمال با کمال اویند و متادب بآداب خصال او اما بعد
می گوید پشت بدیوار زاویهٔ خمول ضراعت و خاکساری مجمع نقصهای بیحد و عد محمد عبد الصمد عفا عنه
الاحد که من شکسته بال سرگشته بال مدتی مدید و زمانی بعید بمقتضای این بیت ؎ شو همدم پروانه تا
سوختن آموزی ٭ با سوختگان بنشین شاید که تو هم سوزی ٭ پروانهٔ شمع دلان و سوختهٔ وادی طلب

صحبت کیمیا خاصیت سیماب حاصلان بودم و مبدم سینہ بریان و دیدہ گریان در صحرای طلب پویان و صحبت کیمیا خاصیت سیماب
حاصلان بودم دمبدم سینہ بریان و دیدہ گریان در صحرای طلب پویان ، تا اینکہ بگوش دلم خبر رسید
دلان جویان نہ دل را ازین کار صبرے نہ از سمای فیض صاحبدلی بارش ابرے ، تا اینکہ بگوش دلم خبر رسید
کہ مطلوب تو حاصل نتواند شد الّا از افادات و افاضات رہنمای سالکین قدوۃ العارفین مخزن اسرار کماہی
مطلع انوار الٰہی ہادی منازل طریقت بدرقۂ مراحل حقیقت شاہباز اوج تجرید عنقای قاف تفرید برگزیدۂ
اہل دل امام رہروان بمنزل واصل سر حلقۂ عاشقان دلفگار حضرت شاہ نامدار کہ اکسیر سیماب دلان
ہمگی اضطراب اند و رونق بخش سرزمین پنجاب بمجرد شنیدن اینخبر شوق اثر حالم برنگی دیگر و شوقم بیشتر از بیشتر
گردید و دلم بر عزم جازم شد و در غایت شوق باین قطعۂ مترنم قطعہ آتش عشق گو کہ از اثرش
عقل آتش بدفتر اندازد

گو عقاب جنون کہ از شہپرش
مرغ ادراک شہپر اندازد
دلم از زہد درگذشت و کنون
طرح طور قلندر اندازد
لشکر آراست نفس کافرکیش
تا بمشکلم لنگر اندازد
مستی عشق گو کہ از اثرش
عقل دستار از سر اندازد
نفسی گر بہ جسم مردہ زند
نعرہ اش قصر قیصر اندازد
وقت آن شد کہ از کرم نظری
بر دل و جان مضطر اندازد
واصف این رہ است کہ در قدمش
تحفہ دلبس محقر اندازد

مستی شور گو کہ نعرۂ من
واعظان را ز منبر اندازد
عمر می گو کہ داد روح دہد
سر نفس ستمگر اندازد
گو علی تا بقتل این کفار
شور اللہ اکبر اندازد
یارب آن شاہ نامداری ہست
کہ دمش جان بہ پیکر اندازد
نعرۂ ہو اگر زند در دل
گنبد چرخ اخضر اندازد
وقت آن شد کہ بر دل مردہ
نفس روح پرور اندازد
یعنی این تنگ ہست در پایش
از تہی مایگی سر اندازد

در راہ آن مطلوب عاشقان دویدم و از حصول خدمت سعادت آیتش بمقصود دل رسیدم از انجا
کہ طبع من بر شیوۂ از خود رمیدگان مستانہ و متوحش از خویش و بیگانہ بود و از صحبت خلق تجرد و از بار
و اغیار تفرد میجستم تعلیم و ارشاد را با من کاری و اندیشۂ اخذ بیعت را در دلم باری نبود آنجناب بوجہی
از وجوہ در دلم ریختند کہ بہ تعلیم آنچہ درست چرا نمی کوشی و از طالبان صداقت کیش ارادت اندیش
چشم التفات چرا میپوشی در اشاعت این امر مجد باش و بر فیض مبدء فیاض معتمد بمقتضای
وجوب اطاعت امر خود را بکار اہل ارادت مصروف ساختم و طور قلندری و شیوۂ آزادی برانداختم
و خواستم کہ برای یاران و محبان چیزے از آداب طریقت بر زبان آرم و بطرز مثنوی بیان نمایم و
بہ تبئین آنچہ از ضروریات ست گرایم تا دوستان را یادگار و اہل شوق را معین و دستیار باشد و این مثنوی
را تحفۃ العاشقین نام نہادم و برای قبول دست دعا گشادم و امید کہ صاحبدلان معنی بین و
بزرگان کرم آئین چشم بر الفاظ و قوافی نگشایند و نظر عنایت مظہر معنی نمایند باللہ التوفیق
وبیدہ ازمۃ التحقیق

آغاز مثنوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دستگیری کیجیو میرے خدا / ناکوئی دم ہوں میں تجہ سے جدا
ہو زبان پر فکر دل میں ہو حضور / ماسوی تیری نہ ہو سب سے نفور
ہر گھڑی ہر لحظہ ہو تیرا حضور / بی جہت بی کیف مجھکو ای غفور
نور وحدت کر دی مجھپر آشکار / بس یہی ہی یہ دعا پروردگار
دمبدم ہوتا رہوں تجہ پر فدا / آرزو تجہ سی یہی ہی ای خدا
بی حضور دل نلوں میں تیرا نام / جبکہ لوں میں ہو حضور دل تمام
التجا کس سی کروں تیری سوا / کون برلادیگا میرا مدعا
یہہ دعا عاجز کی ہی کیجو قبول / از برای آل و اصحاب رسول

بیان وحدت و گفتن انا در ولولۂ اول سلوک

ماسوی تیری ہوں فانی سب خیال / یان تلک ہستی کا رہنا ہی محال
جس پہ ظاہر راز لاہو ای عزیز / پھر کہان اثبات کا اوسکو تمیز
لا و الا سی یہی ہے نیز دیگر [?] / پر نہیں تجھکو خبر ای بیخبر
کیونکہ ہی یہ خود پسندی عشق کی / یہ نہیں ہی بات وانکی جوش کی
جسکو ہو کچہ وہم ہستی کا گمان / وہ نہیں عارف ہی ہرگز ای جوان
وہم ہستی کا ہی بس ایسا حجاب / یہ نہ ٹوٹی دار بن عالی جناب
وہم کی کیا بات ہی ای بیخبر / مولوی کی قول پر کر ٹک نظر
معرفت کا جوش ہی منصور را / پر نہ نکلے لفظ انا کا زینہار
بیشک اظہار یکی ہی ہی دوئی / مدعی یا نہیں ہوتا کوئی
جسنے کی گفتار اسمیں انا الحبیب / وہ ہوا دونو جہاں سے بی نصیب
گر نہیں ہی وہم ہستی ای پسر / پھر انا سی کیا وہ تو ہی بیخبر
بلکہ اسمیں وہم ہی شرک خدا / عین جانی وہم سے ہو کر جدا
مولوی نی بلکہ اسمیں یوں لکھا / راز مخفی کل دیا سب کو بتا
جملہ معشوقست عاشق پردۂ / زندہ معشوقست عاشق مردۂ
چاہیے کرنا تجھے یان پر سکوت / یہ حدیث مصطفی سی ہی ثبوت

حدیث شریف مَنْ سَکَتَ سَلِمَ وَمَنْ سَلِمَ نَجَا

من سکت کو دلسے پڑھ تو ای عزیز / تجہ کو تا رمز خفی پر ہو تمیز
دیکھ کیا فرماتی ہیں عالیجناب / یعنی حضرت مصطفی افصح الفصحا [?]
یعنی جسنے بند کی اپنی زبان / پاگیا اند ہونگی ہاتو نسیان [?]

حدیث شریف کَلِّمُوا النَّاسَ بِمَا یَعْرِفُوْنَ وَدَعُوْا مَا یُنْکِرُوْنَ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّکَذَّبَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ

قول اوسکی عقل پر کر ای جوان / تانہو وہ راز حق سی بدگمان
دوسرا فرمان حسن اور پاک کا / مرتبہ ہی جسکی باعث خاک کا

حدیث شریف مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ کَلَّ لِسَانُہٗ

جس پہ کھل جاتا ہی راز حق نہاں / بند ہو جاتی ہی اوسکی بس زبان
یاد رکھ اس بات کو ای جان من / خاموشی اس جا پہ ہی گویا سخن
یعنی جسپر راز حق کا ہو حضور / گفتگو سی وہ بشر از بس ہی دور
یوں کہو یا تو نکو اپنی تم [illegible] / ماسوی اپنی تو مولی سب مٹا

سر بسر ہر شی میں دیکھوں نور او
بس زیادہ تو نہ کیجو کچھ کلام
دیکھ فرماتی ہیں دانائی علوم

دیکھ اوسکو جو خستہ ہوں مثل طور
نیست تو باقی خدا ہو والسلام
مثنوی میں یعنی مولانای روم
راز حق کا گر ہی طالب ای پسر

نیست تیری رہبرو ہوں سنئے اللہ
بھید یہ ہی فہم انسانی سی دور
علم حق در علم صوفی گم شود
نیست کر ہستی کو جب ہی با خبر

جیسے پیش شمس ہوتا ہی قمر
چاہیے خاموش رہنا وہی شعور
این سخن کی باور مردم بود

دربیان انتشار دل و وسوسہ شیطان و بازداشتن از و

غیر کا دل میں نہ آنی دی خیال
یاد رکھ اس بات کو ای ہوشیار
دیکھ فرماتی ہیں یوں اہل عمل
کاشکی ہرگز نہ ہو دی نام من
نفس شیطان نے کیا ہمکو اسیر
جسکو ہم جانیں کہ ہی بیشک بلا
دام سے اسکی نہیں کوئی بچا
گر تو آگہ اس سے ہمکو ای کریم
جسکا دشمن سخت ایسا ہو لعین
گنج وحدت کا یہ مانع ہی لعین
اس سبب سے نور وحدت ہی چھپا
غور سے اس قول پر کر تو نظر

تا کہ ہووی نفس کافر پائمال
جب تلک ہی غیر کب ہو وصل یار
نفس نے ڈالا ہی دلمیں کیا خلل
تا نہ ہووی جنبش و آرام من
تو چھوڑا ہمکو ہماری دستگیر
اسمیں کرتا ہی ہمیں پھر مبتلا
ہووی گر وہ لاکھ دانا پر پھنسا
تا سمجھ لیں مکر شیطان رجیم
ماسوی تیری پناہ ہمکو نہیں
بند رکھتا ہی یہی چشم یقین
ورنہ دیکھو تو وہی ہی جا بجا
مولوی فرماتی ہیں کیا یا اخی

غیریت ہی سد انوار خدا
بہر ہی کافر بلکہ الکفر دی شعور
کاشکی ہرگز نزادی مادرم
یوں کرو مرقت حق سی تم دعا
سخت تر دشمن ہے شیطان لعین
یہ ہوا ہی انبیا سے دو بدو
کیونکہ بیٹھے مکر شیطان کو دقیق
گر کرین نیکی تو بد دیوی بلا
یا الہ العالمین بہر رسول
خود نمائی سے یہ پر ہی بد گہر
کونسا دل ہی کہ جسمیں وہ نہیں
آنچہ تو گم کردہ رہ اکثر کردہ

دور کر اسکو شتاب ای با صفا
روز و شب کہتا ہی حق سی تجکو دور
تا نکردی کشتہ نفس کافرم
تا کہ حاصل دل کا ہووی مدعا
مکر سی ہم اوسکے کچھ واقف نہیں
کیا بھلا پھر ہم ہیں اسکی روبرو
کب بچیں جبتک نہو توفیق
تا کرین کچھ بد تو کر دیوی بھلا
اس دعا کو کیجیو میری قبول
ماسوا اپنی نہیں کرتا نظر
پر نہیں ہی چشم تیری نور بین
ہست اندر تو تو خود را دیدہ

دربیان آیت نحن اقرب

پاسبانی دل کی کر تو اسقدر
عارفان حق کی یہ ہی گفتگو
سن یہ فرماتی ہیں شاہ بو علی
جب تلک تو ہی نشان و سکان
ہی یہ پردہ تجھ سے ای محبوب من
کیوں پڑا ہی دور ہو نزدیک تو
کیونکہ رہ اسکی ہی دلمیں آشکار

ماسوی حق کی نہ آوی کچھ نظر
جب تلک تو ہی نہیں ہے تو ہو
محرم راز خفی و ہم جلی
نیست کر ہستی کو تو پاوی نشان
دور کر خود کو تو دیکھی او ملتی
دل میں اسکی کر ذرا تو جستجو
دیکھ تو دلمیں ذرا ای ہوشیار

غرق بحر وحدت ایسا ہو ہمیشہ
اسکو کہتے معرفت ہیں عارفان
تا توئی کے یار گردد یار تو
کر تو پروانہ کی ہمت پر نظر
وہ تو ہو نزدیک تیرا دوش سے
گرچہ ڈھونڈا ہی عرش سے تا زمین
دیکھ لی کیا لکھتے ہیں مولوی

تا نہو پھر اپنی آن کی کچھ تمیز
وہ عیاں ہو تو تو تھا اپنی حجاب
چون نباشی یار باشد یار تو
وصل جانان ہی چلکر سر بسر
یہ عجب ہی حال نیز ای شعور
راہ حق دل کی سوا یاد نہیں
واقف ہر رمز و اسرار خفی

	ای کمان از تیرہا پرساختہ	صید نزدیکست و دورش ساختہ	

قولہ تعالی نحن اقرب الیہ من حبل الورید

نحن اقرب کو نہیں سمجھا اگر	اسلیے اس بھید سے ہی بیخبر	عقل ظاہر بین کو گر تو دیکھے دور	دیکھہ تو پھر ہر طرف اسکا ظہور
عقل جزوی عقل ظاہر ایجوان	عقل کلی عقل باطن بیگمان	عقل کلی تھی نبی ہین بس تمام	دیکھہ فرماتی ہین کیا خیر الانام

دربیان حدیث قدسی سمعہ الذی یسمع بہ

بعد فرض و واجبات ای الاقام	نفل پر جو لوگ کرتی ہین مدام	حدیث قدسی ماتقرب الی عبدی بشیء	

اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْهِ وَمَا یَزَالُ عَبْدِی یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اَحْبَبْتُهٗ فَکُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِی یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِی یُبْصِرُ بِهٖ وَیَدَهُ الَّتِی یَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِی یَمْشِی بِهَا وَاِنْ سَاَلَنِی لَاُعْطِیَنَّهٗ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِی لَاُعِیْذَنَّهٗ وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَیْءٍ اَنَا فَاعِلُهٗ تَرَدُّدِی عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ یَکْرَہُ الْمَوْتَ وَاَنَا اَکْرَہُ مَسَاءَتَهٗ وَلَا بُدَّ لَهٗ مِنْهُ رواہ البخاری

حق نی فرمایا کہ اسکے دست و پا	کان اور چشم و زبان ہوتی ہین ملا	یہ مجرد معنی لفظ حدیث	کچھ نہیں تاویل اسمین ای خبیث
یہ حدیث مصطفی ہی تیغ لا	نیست کرتی ہی دوئی کو ای فتا	یون لکہا خاصان حق نی اسکا حال	فہم کر دلمین نکر کچھ قیل و قال
بحر وحدت بین یہ سب جو ہین عیان	یہ وہ لا ئی در وحدت بیگمان	لام مین جیسے الف ای بیخبر	اسطرح کثرت مین ہی وحدت بسر
یعنی کثرت نیست ہی فی حد بقا	ہی الف جیسے نہیں ملتو تا ہی لا	لام لا الا الف ہی ایجوان	لا ہی کثرت وحدت الا بیگمان
لا فنا الا بقا ای رشت خو	ہو گی لا پھر دیکھہ جانان ہو سبو	پیر دہ الا ہی لا ای بیخبر	تو ڑا اسکو دیکھہ الا سر بسر
عین کثرت مین ہی وحدت یون نہان	جسطرح ہوتی ہی گل مین بو نہان	بس ضمیر لا ہی لا معبود غیر	ہو گئی حق بین تو ذرا کر دل کی سیر
لا کی قائل مشرکین ای دو بین	ہین مقر الا کی مومن بالیقین	اسلیئے واقع ہوا لا ای پسر	تا کہ ہووی کفر انسی دورتر
لاکو الا جانتی وہ بی نصیب	یہ تھا باعث کفر کا انکی حبیب	یعنی الا کو کیا لا سی نہان	اسقدر رہتے محو لا وہ بدگمان
جو کرے الا کو لا ای بیخبر	وہ ہی کافر ہین حق مین بیبصر	جو کرین الا سی لا کو بس نہان	وہ ہین ذات حق کی عارف بیگمان
انکی ضد ہین جو ہوا کافر ہوا	انکی ضد ہین مومن طاہر ہوا	فرق حال کافر و مغفور کا	ہی یہی فرعون او منصور کا
تہا انا فرعون سے لا کا لقا	تہا انا منصور سی لا کا فنا	دیکھہ فرمائے ہین مع لا نا یہ راز	یعنی حضرت مولوی پاک باز
گفت فرعون انا الحق گشت پست	گفت منصور انا الحق او برست	این انا را رحمت اللہ ای محب	وان انا را لعنت اللہ در عقب
زانکہ او سنگ سیہ بود این عقیق	آن عدوی نور بود و این عشیق	این انا گفت و زخود آزاد شد	وان انا گفت و زخود برباد شد
جیسے ہین مشرکین الا نہان	ویسے نزد عارفان الا عیان	جیسے نزد مشرکین لا ہی عیان	ویسے نزد عارفان الا ہی نہان
لاکو لا جانین ہین مومن ای فتا	لیکہ الا سے ہو لا کا فنا	یعنی الا کا ہی اپنے یہہ اثر	غیر الا ہے نہیں انکو خبر

مولوی نے کیا تاسف سے کہا
سنگ سے بھی ہے ترا دل سخت تر

سننے گر پتھر ہو شق تو ہی بجا
پھر بھلا ہو تجھکو کیا پتھر اثر

از چہ مہجوری و دوری ہے فلان
چشم باطن ہین نہین تیری کھلی

آہ از دست تو دارم صد فغان
پھر بھلا ہو کسطرح تجھکو حضور

دربیان درست کردن دل بموجب حدیث

دلکو کر آراستہ ای مرد دین

ماسوی اسکے نہین رہ امتین
گر نہین دل پر تری دین کا اثر

جو عمل ہے دل سے بس بہتر ہے وہ
کیسے ہون اعمال ظاہر معتبر

گر نہین دل سے تو بس ابتر ہے وہ

حدیث شریف اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلَا اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ

یون ہوا فرمان حق اے ہوشمند

ماسوا دل کی نہین ہمکو پسند

ہو عمل دل سے نہین بس ہے تکلف

لکھہ گئی ہین اسپہ ایسا ہین سب سلف

حدیث شریف اِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً اِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ اَلَا وَھِیَ الْقَلْبُ

بلکہ فرمایا نبی نے ای دغل
ما بروں را ننگریم و قال را
صاف دل کہتی ہین اسکو با کمال
پھر کرین جو کچھہ کہ وہ سب ہی درست

جسکے دلمین ہے خلل سمین خلل
ما دروں را بنگریم و حال را
ماسوا حق کی نہو جسمین خیال
اسقدر ہین سست پا زین خاک پر	شور و غل پڑ جاتا ہی افلاک پر	مولوی فرماتے ہین ای کور و کر	مثنوی مین اسطرح پر کر نظر
جسم بر خاکست و جان بر لامکان	لامکان فوق وہم سالکان	لامکانی نہ کہ در وہم آیدت	ہر دمی در وی خیالی زایدت
از نیستان تا مرا ببریدہ اند	از نفیرم مرد و زن نالیدہ اند	درد سے ترپین جو انسان خاک پر	رشک سی رو وین ملک افلاک پر
یہ لکھا عطار نے سُن ای حبیب	قدسیونکو یہ نہین رتبہ نصیب	قدسیان را عشق ہست و درد نیست	درد را جز آدمی در خورد نیست
درد اسکو کہتے ہین اہل عقول	ماسوا اسکے نہین سُن ای جہول	جاہلون کی قول پر مت کر نظر	حاصل اسکو کر اگر ہی باخبر
سُن امام اولیا عطار سے	مانگتے تجھے یہ سدا ستار سے	کفر کافر را و دین دیندار را	ذرۂ دردی دل عطار را
دیکھہ فرماتے ہین مولانا ی روم	قدر کب جانی ہی اسکی چغد و بوم	ای خنک چشمی کہ آن گریان او ست	وی ہمایون دل کہ آن بریان او ست

در بیان جذب کہ بغیر محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیچ فائدہ نکند

ہو مگر جو شرع احمد کا نثار	درد اُسکا راست ہی ای باوقار	جو خلاف انجناب پاک ہے	درد اسکا سربسر خاک ہے

قولہ تعالیٰ وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ

جو فدا اونکا و مولا کا فدا — پڑھ اطاع اللہ فرمان خدا
جس مین ہین نقش ہوں اُنکی قدم — اُسکو جو ہین سب ملائک ہمدم
جب احمدؐ سے ہی بس وصل خدا — کیون نہین ہوتا دلا اُنپر فدا
جسکو حب مصطفے حاصل نہین — بالیقین وہ ہی لعین وہ ہی لعین

جسنے کی اُنسی محبت اے حبیب — نور وحدت ہو گیا اوسکی نصیب
ہو وہی جس جا پہ لکھا حضرتؐ کا نام — اولیا انکہین ملین ہین صبح شام
مصقلہ ہی دل کا حب مصطفے — بی محبت کی نہو دل پر جلا
گرچہ وحدت کا کرے سو سو قرار — بی محبت کے نہین ہوتا شمار

حدیث شریف لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ متفق علیہ[۹۲]

حب اُنکی شرط ایمان ہی بسیر — ہی یہ مضمون حدیث معتبر

حدیث شریف مَنْ رَّاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ[۹۳]

من رانی کو تو پڑھ دل سے عزیز — جب تجھی ہو شان احمد سی تمیز
یہ خطور دل نجائین اے حبیب — جب تلک کامل نہو نسبت نصیب
ایک ہی گر ترک تجھسے ہو حبیب — نور وحدت سی ہی تو بی نصیب
ما سوا اسکے نہین ہوتا حصول — جو کری اسکے سوا وہ ہی فضول

ہر نبی نسبت کی ہو بس ہی شعور — کیونکہ حایل ہین تیرے دلکی خطور
لیک نسبت تین ہین اے یار بین — جسکو حاصل ہین وہ ہی مرد دین
انکو لاوی جب بجا جی جان سے — پھر تو پاوی کچھہ مزا ایمان سے
چوب کو تھی دیکھہ نسبت با رسول — ہجر سی رویا وہ مثل ذی عقول

دربیان ستون چوب حنانہ

تھا ستون چوب حنانہ بنام — اُس سے لگ کی بیٹھتے خیر الانام
سسکیان بھر بھر کی لیتا مین فدا — یا نبی اللہ نہو مجھسے جدا
چوب مین تاثیر ہی اتنک بسیر — مولوی کی قول پر کر تو نظر
وای بدتر چوب سے ہم ہین بشر — جنس سی اپنی نہین ہمکو خبر
باوجود اسکے نہین ہم مین اثر — جیسے رکھتی چوب ہی عالی گہر
تب کہا اُسنے کہ ہون سب سی جدا — اور بقا ہون با بقای مصطفےؐ
گر نہین نسبت تجھے با مصطفےؐ — تو ہی بدتر چوب سے ای بی حیا
یعنی طاعت اور محبت اور ہے — گرچہ ظاہر سب کا ایک ہی طور ہے
یہ محبت کی ہی صورت اے حبیب — جانسے لیکن یہ صورت نے نصیب
اسکو پیدا اگر کرے ہی شعور — جب تجھی ہو نور وحدت سے حضور
دیکھہ تھا یعقوب کو یوسف کی ساتھ — رو کی روئی ہو گئی بینائی سی ہاتھ
دیکھہ تھی عاشق عمرؓ عالی وقار — کر دیا بیٹے کو سنت پر نثار

ہجر سے حضرتؐ کی رویا اسقدر — جیسے روی طفل بی مادر پدر
جب ستون چوب کو یہ درد ہو — حیف ہی انسان اگر تو سرد ہو
بشنو از نی چون حکایت میکند — وز جدائی ہا شکایت میکند
خاص نسبت ہی ہمین اُنسے سلیم — بحر وحدت کی جو ہین در یتیم
کیونکہ جب پوچھا نبی نی اشتہون — چاہتا کیا ہی بتا ای ذوفنون
دیکھہ ہمت چوب کی ای بی بصر — ہو گئی طالب بقا کی سر بسر
لیک اسمین نکتہ ہی باریک تر — یاد رکھہ اسبات کو عالی گہر
یا کہ قولی یا کہ فعلی ای بسیر — بی محبت ذات کی سب بے اثر
یہ ہین دونون تربیت بیمغز ای فتا — گر نہین نسبت تجھے با مصطفاؐ
دیکھہ حنانہ کو تھا عاشق رسولؐ — ہجر سے رویا وہ مثل ذی عقول
دیکھہ تھا صدیقؓ کو با مصطفاؐ — جان و مال اپنا کیا اونپر فدا
دیکھہ تھے عثمانؓ با حلم و حیا — قتل تک وہ عاشق احمدؐ رہا

دیکھے تھے حضرت علیؓ والا گہر ۔ جان جانے پر نکی کچھ بھی نظر
دیکھ تھے حضرت بلالؓ ذی عقول ۔ جان دیکر کی قدمبوسی حصول

حکایت حضرت بلال رضی اللہ عنہ

گوش دل سے یہ حکایت ہے عجیب ۔ تاکہ ہووے درد دل سے با نصیب
ایک صحابی تھے والا تبار ۔ نام تھا انکا بلال با وقار

عاشق احمدؐ وہ والا شان تھے ۔ جان و دل سے اُنپہ وہ قربان تھے
کوئی دم حضرت سے ہوتے گر جدا ۔ سر زمین پر مارتے وہ جا بجا

اسقدر نسبت تھی انکو با رسولؐ ۔ گوش دلسے سُن ائے بو الفضول
بعد وصل رحمة للعالمین ۔ آئے زیارت کی لیے وہ مرد دین

جب پڑی انکی مدینہ پر نظر ۔ گر پڑے بیتاب دلسے آہ بھر
خاک میں غلطان مگر با درد و غم ۔ یہ ندا کرتے تھے ای شاہ امم

ہیں تری نعلین میری نور عین ۔ دیکھنے سے جنکے عشاقوں کو چین
دی دکھا مجھکو ذرا میرے حبیب ۔ آنکھہ کو اُس سے ملو نہیں ہے نصیب

یعنی دو اپنے کف پا تم دکھا ۔ تا کروں میں جان و دل اوس پر فدا
کہہ کے یہ پھر روا اوٹھا وہ بھر کے آہ ۔ کسطرح حاصل ہو ای امت پناہ

میری قسمت ہے کہاں ایسی بھلا ۔ تیری نعلینو نپہ ہوں جانسے فدا
گفتگو یہ کرکے با سمت قرار ۔ بس وہاں سے ہلو با چشم زار

جبکہ پہونچا وہ مزار پاک پر ۔ گر پڑا بیتاب ہو کر خاک پر
آب بن ماہی ہو جیسے بیقرار ۔ اسطرح پر وہ تڑپتا دل فگار

دیکھکر یہ حال اصحابی تمام ۔ گرد و پیش اُسکی ہوئے سب خاص و عام
کوئی کہتا ای بلالؓ دردمند ۔ صبر کر اسجا یہ تو ای ہوشمند

کوئی کہتا ای بلالؓ ذی شعور ۔ کیا چلا تو بھی پیمبر کی حضور
کوئی کہتا ای بلال پر اثر ۔ حال سے اپنے ذرا ہو تو خبر

تب لگا کہنے یہ وہ اندوہگین ۔ کچھہ نپوچھو حال ای اہل یقین
کیونکہ جلجاوے زمین و آسمان ۔ اگر کروں میں سوز دل کا کچھہ بیان

تین دن تک وہ رہا با وجد و حال ۔ پھر گیا مسجد کو وانسے با کمال
پیشتر تھا وہ موذن نامور ۔ بانگ پر جسکے ملک تھے جان نثار

جب گئی مسجد میں یاروں نے کہا ۔ بانگ اب پھر دیجیے بہر خدا
وہ زمانہ پاک جسمیں تھے رسولؐ ۔ آج پھر ہمکو سنوا ہو حصول

کہکے یہ سب وہ اوٹھے ای مصطفا ۔ وصل اپنا دیجیے بہر خدا
زندگی ایسی ہے اب تم بن خراب ۔ ماریوں کو بھی نہوگا یہ عذاب

جب سے تم پوشیدہ ہو شمس جمال ۔ ماہ کے مانند اپنا ہے زوال
کوئی پرسان ہی نہیں اس درد کا ۔ کوئی پرسان ہی نہیں اس وجد کا

گفتگو کرتے تھے یہ جب ہمد گر ۔ شق ہوتی تھی جگر اُنکے بسر
یہ شکایت جانسے کرتے تھے بلال ۔ دوست بن آتی ہے کیسی قیل و قال

جانسے کہتے کیوں ہے تو بیخبر ۔ چشم ایمان کا گیا نور البصر
یہ کیا تونے غضب ای بی نصیب ۔ کسطرح یاں پر رہی تو بی حبیب

کیا کروں میں حکم حضرت کا نہیں ۔ ورنہ کرتا ذبح تجھکو میں یہیں
تو نے کی مجھسے دغا کیا بیوفا ۔ حشر میں پاویگی تو اسکی سزا

نور احمدؐ پر فدا ہوتی اگر ۔ زندہ ہوتی با بقا ای بیخبر
سخت حیران ہو کہا پھر ای اِلٰہ ۔ تو دکھا دے مجھکو جو ہے امت پناہ

کیجیو تو عفو کی مجھپر نظر ۔ رو سیہ مجھسا نہیں کوئی بشر
یا الٰہ العالمین میں ہوں غلام ۔ جان نکلے میری یا خیر الانام

جب کہا یہ عاشق معبود نے ۔ رو کہا یا شاہد مقصود نے
غیب سے آئی ندا سن ای بلال ۔ یہ مقام قرب ہے مت کر ملال

کوئی دم باقی ہے تیری فصل کا ۔ ورنہیں ہے یہ زمانہ وصل کا
آخر شب میں بانگ با درد و حزن ۔ رو پڑے سارے ہے بانگ موذن

ٹرہ کی لا کو یوں کہا پروردگار ۔ تجھ سوا کوئی نہیں ہے کردگار
پھر کیا الا کا ظاہر جب بیان ۔ نور وحدت ہوگیا سب پر عیاں

جب کہ پہونچے نام احمدؐ پاک پر
عرش کی ساکن یہ دیتی تھی ندا
یون لگی کرنی دعا انی و اجلال

شمع سان جا لگری چھٹرکر یہ
قالوا انا تم پڑھو سب یہ ملا
دردھمکو کر عطا مثل بلالؓ
درد سے انکار جسکو آئے کر گیا

دیکھکر تھرا گیا عرش بریں
دیکھکر یہ حال اصحاب کبار
اب نہ لکھہ عاجزو یاں کا سوز و درد
وہ ہی شیطان شکل انسان ہو گیا

عاشق صادق گرا جب بین
گر پڑے فرش زمین پہ بیقرار
رقص میں جا کہین زاہد نہ سرد

دربیان سوز و درد خلیفہ برحق حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوز دل صدیقؓ کا سن ای سعید

تا کہ ہووی درد دل سی با خبر
زاہدان خشک پر بہت کر زیان

اسقدر تہا درد و سوز و اضطراب
درد دل حاصل ہو کر انی دیکھیں

دلسے آتی تھی سند ابوی کباب

دربیان سوز و درد حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ

دیکھہ کیا یا درد تھی حضرت علیؓ
رفت مردی باز آمد با شتاب
گفت پندارم ز درد کار خویش

یہ لکھا عطار نی سن ای اخی
گفت پر خون ست چاہ و نیست آب
مرتضےٰؓ با چاہ گفت اسرار خویش

مصطفےٰؐ جا کی فرود آمد براہ
مصطفےٰؐ چون این سخن از وی شنید
چاہ چون بشنو زان تابش نبود

گفت آب آرید لشکر را ز چاہ
آنزمان انگشت با دندان گزید
لاجرم پر خون شد آبش نبود

دربیان سوز و درد خلیفہ برحق حضرت عمرؓ

درد سے موصوف تھی ایسے عمرؓ
تہا یہی ابن عمرؓ کا حال زار
ہی نخعی کی روایت جان من
پڑھ چکے جب وہ نماز کبریا
جب سنایا مینے قرآن مجید
اسمین ہے تفصیل سب نکالی
کیونکہ یہ ہی معجزہ قرآن کا
منحرف اسکا جو ہی شیطان ہے

سن کو واقع کر پڑی وہ اسپہر
پڑھ کے یوم کر پڑی وہ آہ زار
قریہ کوفہ میں تھی اک پیرزن
عجز سے مین نی سلام اسکو کیا
آہ بھر کر گر پڑی ہو کر شہید
دیکر اسمین نکر کچھ قیل و قال
ہو شکستہ سنکے دل انسان کا
کیونکہ منکر عظمت رحمان ہے
وہ نہیں مومن حقیقت مین ہے

خشیت حق کا ہوا پیدا اثر
اک صحابی تھی زرارہ با وقار
وہ کھڑی پڑہتی تھی ان خلکی صلوٰۃ
مجھسے پوچھا تجھکو قرآن یاد ہے
اس نمط کی دیکھہ اصحاب رسولؐ
تو نہیں قائل ہی اسکا نابکار
بلکہ تاثیرات قرآن بالیقین
بلکہ بدتر کافرون سی وہ لعین
عظمت حق سی جو خالی ہو بشر

اک مہینے تک رہی وہ بیخبر
پڑھ کے قرآن ہو گئی حق پر نثار
عشق حق سی وہ سنو دیکھنا
پڑھ ذرا اس سے مرا دل شاد ہے
جا کی آ جیا مین نہ امی فضول
روبرو حق کی تو ہوگا شرمسار
سنکے بیخود ہوتی کفار لعین
سخت دل اتنی زیادہ بالیقین

ہیں

قولہ تعالیٰ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

انما ہی مومنوں کی شان مین

آیا نجھر حصر ہی قرآن مین
جستجو کر دیکھہ کیا ہی سوز و ساز

عاجزا کر تو دعا بھر خدا
یہ کھلے ہی راز کب نی اہل راز

تا کہ حاصل درد ہو مجھکو ذرا

حکایت حضرت موسیٰؑ و درویش عاشق

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّ ... الشہید احقیق ... ہم اسے ہی ... کہ ہین اور ... روحی سے کیطرف ... جمیع ... کہ بیچے ... انما تو عدون ... الصادق و ان ... الدین لو اقع ... بیشک جو ... وعدہ دیے جاتی ہو ... مقرر سچا ہے ... اور تحقیق دن ... قیامت کا آنیوالا ... ہے ... کل یعامر ... فی شان ... ہر دن وہ ہی ... کھرمین ہے ... متقر ایمان ... والے وہی ہوں ... مین کہ جب ... یاد کیا جاتا ہی اللہ ... ڈر جاتی ہین دل انکے ... اور جب پڑہی جاتی ہین ... انپر آیات اسکی ... زیادہ کرتی ہین ایمان انکا

ایکدن موسی نے کی حق سے دعا | خاص بندے اپنے مجھکو دکھا
تب ندا آئی کہ موسی کر سفر | جا طلانے کوہ پر کر تو نظر

جب گئے موسی تو دیکھا ایکمرد | تن برہنہ کوہ پر آلودہ گرد
تھا زبان پر اسکے ذکر ہو | شور تھا ہو کا وہاں پر سو بسو

دیکھ کہ موسی نے کیا اسکو سلام | کچھ نہ پایا ہو سوا اسسے کلام
پھر کہا موسی نے اے مست خدا | ہو سے ہے دیدار تیرا ابتدا

یا کہ آئین راز ہے کچھ انجان | راستی سے کر ذرا ہمپر عیان
ہم کرینگے تیرے لئے حق سے دعا | تا کہ حاصل ہووے تیرا مدعا

نام حق سن عاشق حیران نے | جان سے ہو بیٹھا ہاتھ اسی آن نے
آہ بھر کر گر پڑا وہ خاک پر | روح نے پرواز کی افلاک پر

دیکھ کر یہ عاشق صادق کا حال | پھر کیا موسی نے حق سے یہ سوال
ایسا عاشق اور بھی ہے اے خدا | نام سن تجھپر کرے جانکو فدا

حکم آیا ہین بہت اے باوقار | نام پر کر دین تیرے جو جان نثار
جو کہ ہین دیدار کے مشتاق تر | درد انکی ہے غذا اے باخبر

درد کیا ہے وصل کا پیغام ہے | درد کیا ہے وصل کا انجام ہے
یا الہی درد کر مجھکو عطا | جیسے رکھتا درد یہ تیرا گدا

کیونکہ جسکے دلمین ہو اسکا اثر | اس سے بھاگین سب جہنم کے شرر

حکایت حضرت خلیل الرحمن علیہ الصلوۃ والسلام

یہ حکایت گوش دل سے سن اگر | جب تجلی ہو درد حق کے کچھ اثر
جب خلیل اللہ کے عاشق ہو | عشق بازی مین بڑے صادق ہو

آگ مین نمرود نے پھینکا انہین | آتش سے نہین ڈر کر کہا انہین
آگ پر جس دم معلق تھے خلیل | آئے انکے پاس اسدم جبرئیل

یوں کہا انسے کہ کچھ فرمائیے | آپکو حاجت ہو جو بتلائیے
ہم کرین رب سے تمہارے لئے دعا | تا کہ تم کو نار سے وہ لے بچا

یوں سنا پھر عاشق حق نے جواب | حضرت جبرئیل سے کر کے خطاب
میرے دلمین شعلہ زن ہے نار عشق | آتش نمرود کیا مردار ہے

ایکدم اسکا اگر پہونچے کبھی | عرش سے تا فرش جل جاوے کبھی
ما سوا حق کی نہین کچھ تا امید | جب مرا سب جانتا ہے دل کا بھید

قولہ تعالی قلنا یانار کونی بردا وسلما علی ابراھیم واراد وا بہ کیدا فجعلنھم الاخسرین

آخرش کو جب وہ پہونچا نار پر | جا کے دیکھے تختہ گلزار پر

در صفت درد

درد کیا ہے مایہ پیغمبران | درد کیا ہے بادشہ جاویدان
درد کیا ہے رہبر ایمان ہے | درد کیا ہے قاتل شیطان ہے

درد کیا ہے سلیمان جہان | سب پری و دیو کا شہ بیگمان
درد کیا ہے قاصد دلدار ہے | درد کیا ہے رازدار یار ہے

درد کیا ہے مخفیونکی شان ہے | درد کیا ہے عاشقونکی جان ہے
درد کیا ہے بحر وحدت کا ہی در | آسمان معرفت کا ہے یہ خور

درد کیا ہے نور ایمان ایعزیز | اسکو حاصل کر اگر ہے باتمیز
درد کا کیا وصف ہو مجھ سے بیان | ہے کہان امکان بھلا اسکا بیان

یہ لکھا عطار نے عالی سخن | گوش دل سے سن تو اے اہل سخن
ہر کجا این آتش آید کارگر | آتش دوزخ کجا ماند اثر

درد حاصل کر اگر ہے ہوشمند | معرفت کی بام کا ہے یہ کمند
زاہدونکی قال ہے مت کر خیال | انکو تکبر انفس نے باجملہ ضلال

انکی دل پر زنگ ہے ایسی عزیز | حق و باطل کا نہین انکو تمیز

قولہ تعالی کلا بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون

دیکھہ تو بل ران کو قرآن مین   حق نے فرمایا ہے انکی شان مین

در بیان مذمت زاہد خشک

دیکھہ زاہد یہ حدیث مصطفیٰ   سخت دل ہین دور از قرب خدا
زاہدا انصاف سے دیکھو اگر   مکر ہین دعوی تمہاری سر بسر
کیونکہ تم اخلاص سے ازبس ہو دور   جان و دل سے بلکہ ہو اس سے نفور
تم فقط ایک نقشۂ تصویر ہو   سادہ دل ہو اور بڑے بے پیر ہو
درد کی لذت سے ہو نا آشنا   ہیچ ہے خر کو زعفر انکی قدر کیا
کیا ہوا گر ریش کی تو نے دراز   خود پسندی سے نہین آتا ہے باز
کیا ہوا اگر عابد و زاہد ہے تو   پر نہین اخلاص دل اے زشت خو
کیا ہوا گر حافظ قرآن ہے   خلق مین تیری بڑی کچھ شان ہے
کیا ہوا اگر حج کر حاجی ہوا   شہر کا یا مفتی و قاضی ہوا
کیا ہوا اگر تو ہوا پیر و مرید   اور کہتے ہین تجھے سب بایزید
کیا ہوا اگر تو ہے عالی خاندان   مثل شیطان فخر کیا اے بد گمان
گر مطیع نفس ہے اے بے خبر   سب یہ حاصل تیرا غارت سر بسر
نفس نے اعمیٰ کیا تجھکو نہان   ضد حق تکبیر کیا اسنے عیان
جو شکستہ دل ہین یا بھر رسول   آنپہ خندہ زن ہے کیون اے بو الفضول
یہ نسمجھا دل مین تو اے بے بصر   درد سے خالی نہین کوئی بشر
سن لے سعدی کا کلام پر اثر   ہو وہی قدر درد سے تجھکو خبر
یہ ہی عالم سر بسر مستی و شور   لیک کب دیکھین جو ہو وین چشم کور
درد سے خالی نہین کوئی یہان   لیک نسبت مین تفاوت بیگمان
یعنی نسبت جسکی ہو جس سے مگر   درد اسکو اس سے ہی اے بیخبر
یہ حکایت گوش دل سے سن حبیب   فہم حق سے تاکہ ہو تو با نصیب

حکایت پدر مجنون و پدر لیلیٰ

ایکدن الفت سے مجنون کا پدر   لیکے مجنون کو گیا لیلی کی گھر
والد لیلی سے اسنے یون کہا   قیس کو زندان غم سے کر رہا
یعنی اپنا قیس کو داماد کر   اسکے دل کو رنج سے آزاد کر
ماسوا اسکے نہین کچھ تجھسے کام   رحم کر اس طفل پر اے نیکنام
تب دیا اسکے پدر نے یہ جواب   یہ نہین ہے اے تیری یا صواب
رحم کا باعث ہے جو کرتا نہین   ورنہ مین مجنون سے کچھ ڈرتا نہین
جو لکھا تقدیر مین اسکے ضرور   ہوتا ہے مجنون ہے یا ذی شعور
گر نہو تمکو یقین اے اہل دین   دیکھہ لو تم آپ از عین الیقین
باپ نے دی پھر صدا ہو کر اداس   آ او نور العین ایکدم میرے پاس
جب اوٹھی لیلی تو دامن پر نظر   جا پڑی مجنون کی اسدم بیخبر
گر پڑا بیتاب ہو کر [illegible]   مارتا تھا وہ پڑا سر بر زمین
پھر کیا لیلی کی والد نے کلام   دیکھہ لے مجنون کو تو اے نیکنام
دیکھکر دامان لیلی ہیچ حال   اسکا گر دیکھے تو جینا ہے محال
اس لیے رکھا ہے اسکو اس سے دور   تا نجاوے جان سے یہ بے شعور
ہو یہ پر تاثیر جب دامان زن   تا ہم احمد سے تو کیون ہے خندہ زن
ایسی نسبت کر تو پیدا اے اخی   جیسے مجنون کو تھی لیلی سے دلی
یا کہ ہو وہی جیسی نسبت باپسر   یا کہ نسبت جیسی ہو با سیم و زر
یا کہ نسبت ہے تجھے جیسی بزن   ہے نبی سے سچ بتا اے سگدہن
نسبت احمد سے خالی تو دنی   اسلیے کرتا ہے تو خندہ زنی
آپ اپنی عیب پر کرتا ہے ناز   اسقدر راندا ہے تو اے حیلہ ساز
آپ نسبت سے ہے خالی اے دنی   صاحب نسبت پہ کیون خندہ زنی
زنگ دل کا یہ سبب ہے اے حزون   عقل تیری ہو گئی ایسی زبون

جسکے دلمیں یہ مرض ہو الغرض	حق و باطل کا نہیں اسکو تمیز	گرد و اسکی شتاب ای بی شعور	جب تجھے ہو نام احمد سے سرور

در بیان طالب کاذب

یعنی نسبت گر نہ حاصل ہو تجھے	تا نہو شرمندہ پیش ذو الجلال	کیونکہ یہ محشر میں پوچھیگا خدا	تجھسے نسبت تجھکو یا مصطفا
یا کہ تھی میری ولی سے ای حبیب	یا کہ ان تینوں سے تم ہو بے نصیب	سنکے پھر بولیں گے ای پروردگار	عشق سے تیرے تھے ہم سب دلفگار
کوئی بولی ای الٰہ العالمین	نسبت احمد تھی مجھکو بالیقین	کوئی بولی ای خدای دادگر	ڈھونڈھتا پھرتا تھا میں در بدر
گر چکیں جب سب کے سب یہ گفتگو	حکم ہو مجنون کو لاؤ روبرو	جب کہ ہو وان عاشق لیلیٰ کھڑا	حق کہی اونکو کہ دیکھو تو بھلا
کون ہی کسکا ہی عاشق یہ جوان	جانتے ہو اسکو تم ای عاشقان	سب کہیں مجنون ہی الحق بالیقین	عاشق لیلیٰ ہی یہ مرد حزین
عشق لیلیٰ کا ہی اسپر یہ اثر	جان و تن سے کچھ نہیں اسکو خبر	صورت لیلیٰ کا از بس ہی عشیق	بحر غم میں لب تلک ہی یہ غریق
گریہ و زاری و آہ دل فگار	یہ غذا ہی اسکی ای پروردگار	سنکے فرماوی خدای ذو الجلال	عاشق لیلیٰ کا دیکھا تمنے حال
کوئی تم میں سے بھی ایسا ہی بھلا	غور کر دیکھو تو تم ای بی حیا	عشق تک تم سب کا ہی کب ایسا بتا	جیسے مجنونکا ہی دیکھو بھر نظر
کھینچتا لاکھون بلائیں یہ غریب	واسطے لیلیٰ کی دیکھو یہ عجیب	کب تمہارا دل تھا ایسا بیقرار	جیسے مجنون عشق میں تھا اشکبار
کب گیا میری لیے کپڑونکو چاک	کب ہوی بھی لیے تم دردناک	کب ہوی میرے لیے خوار و خجل	کب پھری تم خوار و خستہ در بدر
کب ہوی میرے لیے تم چشم نم	کب پھری روتی ہوے با درد و غم	کب ہوے میرے لیے اندوہگین	جیسے فرقت سے پسر کی بالیقین
میری خاطر کب کیا ہستی کو خوار	مفت میں عاشق بنی نابکار	ترک تمنے کب کیا مال و منال	کب ملایا خاک میں جاہ و جلال
واسطے روٹی کی در در تم پھرے	سگ نمط پھر پھر کے آخر تم مرے	مثل روٹی کی نہ تھا میرا خیال	نسبت حق کا بھی تھا یہی حال
تمنے جو سیکھا تو سیکھا نام کو	یا کہ سیکھا نفس کے آرام کو	گر پڑھا تمنے تو علم بی عمل	بیشک و لاریب تم تھے سب دغل
کیونکہ نیت میں خلل جب ہو پدید	پھر عمل ہو کسطرح تم سے سعید	اس خلل کی کچھ نکی تمنے دوا	وقت ضائع مفت میں اپنے کیا
	کیا نہ پہنچی ہمنے دانا تھی طبیب	نبض باطن دیکھنے والی طبیب	

قولہ تعالیٰ وَحَسُنَ اُولٰئِکَ رَفِیْقًا

دیکھہ تو لفظ حسن قرآن میں	ہمنے بھیجا ہی انہونکی شان میں	بن گئی ظاہر میں تم از بس سعید	پر نہ دیکھا دلکو کیون ہی یہ پلید
عیب پوشیدہ کیا تاویل سے	یا کہ پوشیدہ کیا تعلیل سے	نیک سمجھی ساری اپنی حال کو	چلنا سیدھا جانا الٹی چال کو
اسلیے سیکھا تھا تمنے قیل و قال	نقص میں پوشیدہ ظاہر ہو کمال	یہ نہ سمجھے دلمیں تم ای نابکار	ظاہر و باطن سے ہی واقف کردگار
کیا نہ پہونچی تھی نبی کی یہ حدیث	اس سے ظاہر ہی کہ تم ہو سب خبیث	یعنی جسکی دلمیں ہووے کچھ خلل	ظاہر اسکا سب ہی ناقص اور عمل

قولہ تعالیٰ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ

کیا نہ وہی تھی ہمنے قرآن سے خبر	ہی سلیم القلب پر میری نظر	کیا نہ کی یہ اولیا نے گفتگو	دل مصفا تم کرو ای زشت خو

جس دن نفع نہ دیگا مال اور بیٹے مگر جو شخص لاوے اللہ کے پاس دل سلامت

بلکہ دشمن جانتی اونکا تمام — اور نسبت اہلی تم کرتی مدام
کوئی کہتا یہ ہین ساحر با ضرور — چاہیے رہنا انہو نسی سبکو دور

کوئی کہتا حال انکا ہے ریا — یہ نہین واقف ہی از راہ خدا
کوئی کہتا کچھہ نہین مجنون ہے — کیا ہوا اگر تابع مسنون ہے

کوئی کہتا یہ خلاف سنت دین ہے — کیا ہوا گو کچھہ ہین یہ دین سی یاد
اسطرحکی تم خرافاتین تمام — انسے نسبت کرنی تھی اپنی مدام

سنکے یہ ارشاد حق ایجان من — گر پڑین بیتاب اس سے مرد و زن
اسلیے لازم ہی تجھکو ای گدا — مثل مجنون ہو خدا پر تو فدا

دربیان محترز شدن طالب حق در صحبت بیدردان

بی محبت کی نجات نزدیک تو — یہ محبت کی ہین دشمن زشت خو
یہ نہین تاثیر الفت کی مقر — بلکہ جانین عین الفت کو مضر

اس سے واقف وصل محبوب ہے — یعنی الفت سے جو محبوب ہے
کیا محبت یعنی ہی کان نمک — جو گرا اسمین ہوا جان نمک

ہو اگر تو خار الفت سے ہو گل — ہو اگر سرکہ تو الفت سے ہو مل
مولوی لکھتے ہین کیا شیرین سخن — دور ہونے سی ہو تلخی از دہن

از محبت نار نوری می شود — از محبت دیو حوری میشود
اسکو حاصل کرکی چل تو یہ طریق — جب تو ہووے بحر الفت مین غریق

یعنی پڑہ تو یہ حدیث مصطفا — وصل حق تجھکو ہو جب ای باخدا

حدیث شریف مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

یعنی دل سے من عرف پر کر عمل — جب یہ جاوین تیرے دل سی سب خلل

دربیان امراض باطن کہ چہار اند و مہلک طالب حق اند

قطعہ

چار ہین امراض باطن بس عظیم — بیشتر انکی دوا اگر ہی سلیم

حدیث شریف لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِّنْ کِبْرٍ

اولا ہی کبر دیگر ہے ریا — سخت یہ چارون ہین دونو انکی فنا
تیسری ہی کسل جو تہی حرص آن — انسے پیدا اور ہوئے آبا بنا

یہ شریعت مین ہا ہین چار رو بس جرم — نزد حق یہ مثل خر ہی بیلگام
مرتکب اسکا اگر ہی پارسا — وہ نہین ہے پارسا نزد خدا

کیونکہ یہ ہی کبر و عجب و جہل — غیر کو لازم ہی کب اے خوش خصال
بلکہ یہ بھی ہی مسری ظاہر سبب — لیک ظاہر مین نہین اس سی خبر

دیکھہ کیا لکھتے ہین شیخ مولای روم — واقف ہر رمز دانای علوم
کمتر از کم شو اگر داری خبر — این طریق کاملانست ای پسر

دربیان دوای امراض مذکورہ یعنی تکبر وغیرہ

گوش دل سی سن حدیث مصطفا — ہی یہی امراض باطن کی دوا
یعنی کر تو اصل پر اپنی خیال — تا کہ ہو وے دور کبر ای خوش خصال

کیا ہی وہ یہ ہی جسسی تو دنی — دیکھہ وہ ہی قطرۂ آب منی
صلب والد سی رحم مین تو گیا — مضغۂ خون وان بنا تو جیا

وان غذا ہی حیض خونکی روز و شب — پرورش جس سے ہوئی تو بی ادب
بول کی مخرج سی آیا پھر نکل — اصل تیری دیکھہ یہ ہی اے دغل

باوجود اس اصل کی تو دمبدم — نفس پر کرتا ہی کیون اپنی ستم
یہ تو تیری ابتدا کا تہا بیان — انتہا سن لی فرا او بدگمان

یعنی دنیا سی تو جاوے جب گذر — دفن ہو گا قبر مین گھر چہوڑ کر
یہ ندا ہو آسمان سی آشکار — قبر مین تنہا چلا ای نابکار

وہ کہاں ہی سیم و زر ای بیشعور
جس سی دنیا میں تو کرتا تھا غرور

وہ کہاں فرزند و زن تیرے پسر
جسکے خاطر تھا تو بیخبر

تجھکو چھوڑا سب نے تو بھی سبکو چھوڑ
کیوں چلا تھا سبھوں سی لگو لگا

سنکے یہ آواز اڑ جاوینگے ہوش
قبر جب تجھسی کہی کیوں ہی خموش

کیا تو لایا روشنی میرے لیے
کیا بچھاؤں فرش میں تیرے لیے

کوئی یاں لایا ہی نعمت اپنا رفیق
جو کہ ہو وہی حال سننے پر شفیق

کیونکہ یہ تاریک تر ہی تیرا گھر
سانپ بچھو کا یہاں ہی بس خطر

یاں بلائیں سخت ہیں لاکھوں ہزار
کسکی طاقت جو کری انکی شمار

کہکے یہ پھر قبر جو دکھاویگی جوش
تو تو کیا اڑ جائیں گرد ونکے ہوش

بعد اسکے پھر سڑی تیرا بدن
بوی بد ایسی ہو ظاہر جابتن

یعنی آوے قبر کو جس سے عار
اصل تیری دیکھ یہ ہی نابکار

پھر کریگی قبر حق سے یوں دعا
تنگ تر ہوواں اسکی ہو ای بیحیا

حکم یہ دیگا وہ رب العالمین
دے حرارت سی جلا اسکو زمین

سنکے یہ حکم خدا ای بی نصیب
یاد آویگی تجھے ہر دن طبیب

کیونکہ وہ کہتے تھے ہمسے روز و شب
اسکو کرتی آج ہوتا فضل رب

ہووگی عاجز قبر سی ای نازنین
یوں کہی ہوں جنس تیری بالیقین

رحم کر مجھپر ذرا اے میرے خدا
لو کہ مدت سی ہو میں تجھ سے جدا

ہو مخاطب پھر کہی اس سی زمین
تو نہیں ہے جنس میری بالیقین

کیا ہی نسبت مجھسے تجھکو ای شریر
ہیں مصفا تجھمیں یعنی ہر بسر

جانتا تھا اصل گر تو خاک کی
خاک میں آیا تو کیوں ناپاک ہو

ہی تنفر سبکو تجھسے اس گھڑی
ایسی نکلی تن سی تیری ابتری

واں سمجھا آپکو تو خاکسار
پاکی سمجھے کچھ نہ ہوا ای نابکار

یعنی کرتا ہے عرف پر گر عمل
اصل میں تیرے نہ ہوتا کچھ خلل

واں تو تیرا فہم تھا افلاک پر
کب تو سنتا تھا نصیحت خاکبر

دوستی گر خاک سی کرتا بشر
آج ہوتا پایہ تو شمس و قمر

یعنی ملتا خاکساروں سی عزیز
اصل سی ہوتی تجھے کچھ تمیز

یہ دعا کرتی تھی دیکھو مصطفا
یعنی مسکینوں میں رکھ مجھکو خدا

وہ تو شاہ انبیا ای بیخبر
لیک یہہ تجھکو ہدایت ہی پسر

یعنی مسکینوں سی ہوتا ہمنشین
تا نہ بھولی اصل کو اپنی زمین

حدیث شریف مُوتُوا قَبلَ اَن تَمُوتُوا

خاک ہو تو خاک ہو نہیں بھی عزیز
جب تجھی ہوا اصل اپنی سی تمیز

دیکھہ تو یہ اصل جسپر یہ غرور
فوق ہی شیطان سے تجھکو بالضرور

جو نہیں ہی خاکسار ای بیہرو
دیو ہی انسان نہیں وہ زشتخو

خاکساری شعشعہ رحمان ہے
بس تکبر ظلمت شیطان ہے

خاکساری مخزن الاسرار ہے
خاکساری مطلع الانوار ہے

خاکساری بیخ ایمان ای جوان
کبر بیخ کفر ہی ای بیگمان

خاکساری سی ہو پیدا وہ کمال
جس سے دیکھی تو جمال ذوالجلال

خاکساری کا ہی کیا رتبہ عجیب
پھول وحدت اس سی نکلی ای حبیب

دیکھہ فرماتے ہیں کیا وہ با ادب
یعنی حضرت مولوی عالی نسب

در بہاران کی شود سرسبز سنگ
خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ

خاکساری سی ہو مقبول خدا
ہو تکبر سے تو مغضوب ای فتا

دیکھہ فرماتے ہیں کیا شیخ نکی شاہ
گوش دل سی سن ذرا ای رو سیاہ

گشت آدم مقبل از مستغفری
دیو ملعون گشت از مستکبری

عاجز اکر ختم اب کبر و منی
تیری کب سنتے ہیں وہ دیوانی

در بیان سبب کبر کہ شش اند و معالجہ آن

چھ سبب ہیں کبر کی ای با خدا
شرح اسکی گوش دل سی سن ذرا

مال و علم و زہد و تقوی و نسب
حسن و قوت کبر کی ہیں یہ سبب

یہ تو سب گل ہیں کہ ہیں گے خار	خار کو کر دور گل سے ای شعار	سن مفصل حال دنیا کا بیان	نیک و بد اسکا ہو تجھپر تا عیان
تا ہی دنیا خبث اور زشت و پلید	یعنی ہی فضلہ خوان یزید	کیا ہی دنیا مار افعی ای پسر	زہر سے اسکے نہیں بچتا بشر
بلکہ بدتر مار سے ہی ای سعید	جان و ایمان کو ڈسے ہی یہ پلید	لیک افسون اسکا جسکو یاد ہے	مال دنیا سے فقط وہ شاد ہو
ورنہ اسنے کردئی لاکہون بشر	یعنی غارت مثل فرعون ای پسر	ہوگیا شداد و نمرود لعین	حق سے ہنکر اسکے باعث بالیقین

حدیث شریف الدنیا ملعون وما فیہا ملعون الا ذکر اللہ

اسلیئی حضرت نی دی سبکو خبر	یعنی یہ دنیا ہی ملعون سربسر	جو کہ اسکے بیچ مین ہے ای فتا	وہ بھی ہی ملعون دنیا مین برملا
دیکھہ تو یہ مولوی نی ای پسر	کیا لکھا ہی ین سی ہو کر با خبر	اہل دنیا کافران مطلق اند	روز و شب در جق جق و در بق بق اند
اہل دنیا ہیچ کہ بس ہیچ مہین	لعنت اللہ علیہم اجمعین	سب خطاؤن کی یہ سر ہی بیگمان	یہ حدیث مصطفی ہی بیگمان
گر کیا کچہہ فخر اسپر ای پسر	تو ہی بدتر خر سی احمق سربسر	کیونکہ ملعون جسکو فرما دین نبی	فخر اسپر تو کری دیو دنی

حدیث شریف الدنیا جیفۃ وطالبہا کلاب

اسکا طالب سگ ہیں فرمان رسول	پھر کہنا کب تجھی ہوگا قبول	عجز کر جتنا کہ تجھسے ہو سکے	کبر کو جتنا کہ اسکو کہو سکے
دیکھہ تو یہ مولوی شیرین سخن	جابجا لکھتے ہین کیا اسکے ہین	کمتر از کم شو اگر داری خبر	اینطریق کاملان ہست ای پسر

دربیان حقیقت دنیا و بے ثباتی آن

کیا ہی دنیا یعنی ہی باغ خزان	تو ہی بلبل کی نمط ای بیگمان	خندۂ گل کیطرح اسکو ثبات	بلکہ کمتر اس سے بہی ہی ہیکہ ذات
اسکے طالب مثل بلبل نالہ زن	قبر سے کہتے اوٹھینگے یہ سخن	گر دلت آگہ زمعنی آمدہ ست	کار دینت ترک دنیا آمدہ ست
ترک دنیا گیر ای فخر جہان	تاکہ پاوی فخر سے اپنی نشان	جب تلک یہ ہی نہیں دین کا اثر	مولوی کی قول پر کر تو نظر
ترک دنیا کن کہ تا دینت بود	آن بدہ از دست تا اینت بود	اسکی عزت عین ذلت ای جوان	اسکی ذلت عین عزت بیگمان
دوست اسکا دشمن اپنی جان کا	بلکہ دشمن جان اور ایمان کا	ترک مین راحت ہی اسکی ای پسر	اسکی الفت مین بلا ہی سربسر
مولوی نی کیا لکھا ہی یہ سخن	دیکھہ تو بہتر ہی از در عدن	حاصل دنیا ہمین درد سر است	ہر کہ غافل شد ازین گاوخر است
ہیچ کنجی بی دد و بی دام نیست	جز بخلوتگاہ حق آرام نیست	ترک دنیا کن کہ تا سلطان شوی	ورنہ ہمچون چرخ سرگردان شوی
ترک دنیا ہی طریق مصطفی	اسسے غافل کیون ہے تو ای بیحیا	جس سے رغبت نفس کو ابتک ہی	وہ ادا کی جان سی تو ای سنین
ہو وہی جس سنت سی دنیا مین خلیل	یا مشقت ہو کچہہ وہمین ای ذلیل	یا کہ جا بین اس سے تجھکو سب حقیر	یا کہ جا بین اس سے تجھکو سب فقیر
	گر سکے تجھسے کوئی کر یہ سنن	دشمن جان اسکا ہوی سکدہین	

حدیث شریف من ترک سنتی فلیس منی

جسنے چہوڑا دل سی سنت کو ادا	وہ ہوا حضرت کی امت سے جدا	ترک کر دنیا کو تا ہون یہ ادا	مولوی نی دیکھہ تو کیا لکھا

هم خدا خواهی و هم دنیای دون — این خیال است و محال است و جنون
باوجود اسکی تو ای زشت پلید — جانتا هی دل سے دنیا کو سعید
قبر عاشق سے اٹهینگی یه ندا — مولوی نی مثنوی مین یه لکها
ای برادر ترک دنیا پیشه کن — روز و شب ذکر خدا اندیشه کن
الذی کو دیکهه لے قرآن مین — اهل دنیا کی لکها یه شان مین
نقش دل کر مولوی کا یه سخن — جب تو هو دنیا سے واقف جانمن

جسقدر بهیجی هین حق نی انبیا — سب نی فرمایا هی دنیا کو برا
مار اسپر عاشقانه پشت پا — گر تجهے هی دل سے حب مصطفی
ترک دنیا هست سنت مصطفی — عاشقان کز زند این سنت ادا
جانتا هی کیا هی دنیا ای پسر — جو که تجهکو کردی حق سی دورتر
سو هنر گر دل مین کهتا هو عزیز — سب ہے دنیا تجهکو کردی بی تمیز
چیست دنیا و لباس دنیوی — از خدا غافل شدن ای مولوی

در بیان فضیلت ذکر و ذکر کننده و مذمت اهل غفلت

علم پڑهکر حق سی غافل جو بشر — وه سگ دنیای دون هی ای پسر
دیکهه لی مجری کو تو ای بیخبر — یه حدیث مصطفی هے معتبر
علم سی یه هی غرض ای بی بصر — شر سے اسکے تا هو انسان باخبر

کیونکه شیطان سا نه تها اوسکی یقین — جو که غافل حق سی هین بیخبر دین
جب تلک اسکی نهین کرتا دوا — سب هین ناقص علم تیرا ای فتا
جو که اسکے شر سی غافل ای جوان — گر هو عالم پر وه جاهل بیگمان

قوله تعالی من شر الوسواس الخناس

بیره تو من شر کو ذرا مرد سلیم — دیکهه فرماتا هے یه رب عظیم
دے خیال بد یه دلمین هشیار — نیکیان هین وه جس سی دور شیطان
پر حذر رهو غافلو تسی ای پسر — دشمن وه اکبر هین سب سر بسر
جو هی غافل وه هی مرده ای جوان — جو هی شاغل وه هی زنده بیگمان
یاد حق سی گر هی غافل ای جوان — زندگی هی موت تیری بیگمان
یاد کر تو یاد کر تو یاد کر — غفلت اپنی یاد سی آزاد کر
دیکهه فرماتی هین ذاکر مولوی — مثنوی مین سطر چیرای اخی
لیک جو هین کور و کر اور خودپسند — وه هین غافل ذکر حق سی مستمند
لیک سنتے هین آنهو سے اهل حق — وه نهین سنتی جو خود هین آب و گل
حق چه باشد یاد آن تو ای پاک — کی بداند قدر او هر مشت خاک
سب عبادتون سی بهتر ذکر حق — یه حدیث مصطفی سی پڑه سبق
یاد او سرمایه ایمان بود — هر گدا از یاد او سلطان بود
یاد او گر مونس جانت بود

یعنی هی خناس تیری گهات مین — اور چهپا رهتا هی تیری ذات مین
دل جو خالی یاد حق سی ای جوان — خانه شیطان هی وه دل بیگمان
صحبت غافل تجهی غافل کرے — صحبت شاغل تجهی شاغل کرے
وه مرا هی ست شیطان سے حرام — یه هی زنده نام حق سی ای کرام
بلکه بدتر موت سی یه زندگی — کیونکه حاصل اس سے هی شرمندگی
اک نفس بی یاد کر جاوے جوان — هی بتر سو موت سی وه بیگمان
غفلت از وی یکزمان صد گمرهان — زندگی بی یاد دوست نزد عارفان
ورنه ذاکر هین زمین و آسمان — دمبدم هین فکر سی یه تر زبان
دیکهه فرماتی هین کیا وه اهل شوق — ذکر سی حاصل هی جنکی دلکو ذوق
این جهان و آن جهان فانی بود — غیر یادش جمله نادانی بود
دیکهه کیا لکهتے هین وه ای نیکنام — جو که گذری دین مین عالی مقام
چیست سلطانی و درویشی ات — یاد آن جان آفرین انیس جان
هر دو عالم زیر فرمانت بود

در بیان مذمت کسانیکه اهل ذکر را بحقارت بینند

دی فضیلت حق نے ذاکر کو تمام	یہ حدیث مصطفی ہی نیک نام	جو حقارت سے کرے انپر نظر	وہ ہی شیطان شکل انسان بسر
قوله تعالى وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ			
کیونکہ دشمن ذاکروں کا وہ لعین	یہ بھی ہی اوسکا برادر بالیقین	گر نہیں اوسکا برادر یہہ بشیر	دشمن ذاکر ہی کیوں پھر یہ شریر
طالبا ہرگز نکر انپر نظر	مدح و ذم انکے ہیں دونوں برطرف	مدح تیری خود کرے وہ ذوالجلال	انبیا بھی سب کریں انکو خیال
اولیا سب کرتے ہیں یہ التجا	مولوی یہ دل سے کہتے ہیں ندا	ہر کسی کو مائل یاد خداست	خاک راہش طوطیای چشم ماست
انبیا کرتے ہیں غبطہ ای پسر	رتبہ ذاکر سے سن تو یہ خبر	جستجو کرتی ہیں انکی سب ملک	ذاکروں کی ہر زمین و ہر فلک
ہمنشین انکا نہیں بیٹھو نہ شقی	پر شقی ہی انکا منکر ای تقی	مولوی فرماتی ہیں دونکا حال	گوش دل سے سن ذرا انکو خصال
ہان ہان ترک حسد گو باشدن	ورنہ ابلیسے شوی اندر جہان	ہر کہ با ایشان نشیند بایدم	روز فردا او کجا دارد غمی
عمر با خوبان این دولت نشد	سنا امامت نافذ این صحبت نشد	صحبت نیکان اگر باشد نصیب	دولت جاوید یابد ای حبیب
صحبت شان خاک را اکسیر کرد	لطف شان زہر دلی تاثیر کرد	سبز میسازند چوب خشک را	بوی می بخشند زنگ مشک را
جملہ اشراف اند در ذات و صفات	طالب ذات اند یا ہم عین ذات	ذاکران حق کا یہ ہی مرتبا	معصیت نیکی سے بدلی ہی خدا
قوله تعالى فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ			
خود خدا ذاکر ہے ذکر ذاکران	جسطرح کرتی ہیں ذاکر ایجوان	ذاکروں کی ساتھہ ہے وہ ذوالجلال	یہ ہی رتبہ دیکھہ تو ای باکمال
شمس کی ہی روشنی ان خاکپر	ذاکروں کی روشنی افلاک پر	ذکر حق سے یہ فضیلت ای پسر	مولوی کی قول پر کر تو نظر
	بس بزرگی ہاست اندر یاد او	یاد او کن یاد او کن یاد او	
قوله تعالى اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ			
تطمئن کو پڑھ ذرا ای نوجوان	یہ حقیقت ذاکروں کی ہی بیان	رنج راحت ذکر سے مولوی پسر	ماسوا اسکے ہی دنیا سربسر
قوله تعالى وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا			
لفظ کرمنا کو پڑھ ای خوش سیر	کیون بنا جاتا ہی [illegible]	تو تو وہ شہباز ہی سدرہ نشین	آشیانہ ہی ترا عرش برین
دیتے ہیں تجھکو صفیریں بر فلک	ڈھونڈتی پھرتی ہیں تجھکو سب ملک	خاک کی تو دام میں ایسا پھنسا	دیکھکر شیطان بہت تجھپر ہنسا
کیا ہوا وہ رتبہ ای ابن البشر	جس سے تہی مخلوق سب زیر و زبر	تیری تہی فرمان میں تب خاص و عام	کیون بنا اب کرگسی تو انکا غلام
غیرت انسان نہیں تجھمیں ذرا	دیکھہ تو یہ مولوی نے کیا لکھا	اسپ ہمت سوی آخر تاختی	آدم مسجود را نشناختی
باپ سے تیری فرشتے سرنگون	ناخلف ہوتا ہی تو کیون ای زبون	تو نہیں ہے آب و آتش ای جوان	تو نہیں ہے باد و خاک ای نیکدان
تو ہی بس اک امر حق ای پسر	ایک عنصر کی ہی باعث بیخبر	خود کو بھولا خاک جانا ذات کو	کر دیا دن سے مبدل رات کو
دیکھہ تو ہی ہی گدا تو ہی ہی شاہ	دیکھہ تو ہی سرخ اور تو ہی سیاہ	دیکھہ تو فرعون تو ہی منصور ہے	تو ہی مغضوب اور تو ہی مغفور ہے

توہی دشمن توہی اپنا دوست ہے	توہی اپنا مغز توہی پوست ہے	خود تو عاشق خود توہی محبوب ہے	خود ہی ظاہر خود توہی محجوب ہے
تو کبیر و تو صغیر و تو اسیر	توہی دانا توہی نادان تو فقیر	ایک ہی تو ایک ہی تو ایک ہے	پر بلا تمیز ہر جا ہیک ہے
بہیک کی باعث ہی خود تو عزیز	اصل سے اپنی ہوا تو بی تمیز	خود سی غافل غیر سی مسرور ہے	تا کہون فرسنگ اپنسی تو دور ہے
جسکو جانی ہی وہی خاک پلید	اوس سے نسبت کچھ نہین تجھکو سعید	وہ سراسر خاک ہی خاک کثیف	تو سراسر نور ہی تو لطیف
مولوی نی یہ لکھا با زور و شور	سنکے دام خاک کو تو دیسی تو حضور	قطرۂ نوری سراپا نور باش	بگذر از عمر دائما مسرور باش
	اصل تیری دیکھ یہ عالی نژاد	جابجا فرماتا ہی رب العباد	

قولہ تعالی فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَہٗ سَاجِدِیْنَ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِکَۃُ کُلُّھُمْ اَجْمَعُوْنَ اِلَّآ اِبْلِیْسَ اِسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَا مَنَعَکَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ اَسْتَکْبَرْتَ اَمْ کُنْتَ مِنَ الْعَالِیْنَ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْہُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَہٗ مِنْ طِیْنٍ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْھَا فَاِنَّکَ رَجِیْمٌ وَّاِنَّ عَلَیْکَ لَعْنَتِیْٓ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

مین نی انسان کو بنایا ہاتھ سی	روح پہونکی اسمین اپنی ذات سے	اوسکے ساجد ہین ملک سب خاص عام	فخر کسکو ایسا ہی ای نیکنام
خاک انکا ایسا کہان تہا بہلا	ہون ملایک جسکی ساجد سے فنا	گر نہین یہ نور حق نور آلہ	منکر اوسکا پھر ہی کیون رو سیاہ
بہید اسکا جس نی پایا اوہی حبیب	نور وحدت سی ہو وہ با نصیب	دیکھ فرماتا ہی وہ رب عظیم	از زبان مصطفے سن ای سلیم

حدیث قدسی اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

بہید اسکا حق ہی یہ بہی بہید حق	پیڑہ کسی عارف سی جا کر یہ سبق	جو نظر آتا ہی تجھکو ای پسر	توہی ہی لیکن ہی اعمی بے بصر
	ہو دسی جب تو بیخبر ہی ای سعید	حق کا کیا جانی تو پھر قرب و بعید	

دربیان کلام سلطان صوفی حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ در شناختن خود

بایزید پارسا کا سن سخن	جب تو واقف حق سی ہو تجا	تو بہ معنی جان جملہ عالمی	ہر دو عالم خود توئی بنگر دمی
تو بہ معنی بر تری از انس و جان	ہر چہ بینی خود توئی منگر بدان	در حقیقت خود توئی ام الکتاب	خود ز خود آیات حق را باز یاب
صورت نقش الہی خود توئی	عارف مرشد کہا ہی خود توئی	از کمال قدر نقش بی مشکلی	کو دو عالم را نماید در یکی
نقش آدم را رقم تو ہی زند	کو دو عالم راز و پنہان کنید	لیک اتنا یاد رکھ عالی گہر	فہم انسان اسمین قاصر سر بسر
روح کو کر تن سی اپنی تو جدا	جب تجھی ہو فہم اسکا ای فتا	گر کوئی دیدہ کری اسکا بیان	راست ہی اوسکا بیان ای نیکدان
ہووی تقلید ہی باین حسین کا پسر	وہ ہی رہزن راہ حق کا بیخبر	کیونکہ یان ہی دیدنی تا گفتنی	گفتنی ہی کفر ایمان دیدنی
دیدنی سی جو ہو منکر مرد دین	وہ طریقت سی ہی اعمی بایقین	جو کہ بے دیکھے کری اسکا بیان	وہ شریعت سے ہی نادان بیگمان
جب شریعت ہاتھ سے جاوے نکل	پھر کہان حاصل طریقت ہی دغل	تو وہ اسکو جا کسی بینا سی پوچھ	گرہی دلمین تو جہنی کی کچھ ہوس

دیکھ یہ فرماتی ہین ہر شیخ جہان ۔ یعنی قطبون کی جو مرشد یگان
گر ہمی خواہی کہ یابی این نشان ۔ سر بنہ بر خاک پای کاملان

یہ ہوا تیری حقیقت کا بیان ۔ لیک حق اس سے منزہ بیگمان
کیونکہ اوسکی ذات ہی از بس لطیف ۔ وہ ہی خالق ہی یہی مخلوق کثیف

ایک اسکو جسنے پوچھا اپنے پیر ۔ وہ ہوا عارف خدا کا سر بسر
کیونکہ اسکے حق سی ہی اک واسطہ ۔ پر نہ حاصل ہو تجھی بیرابطہ

قرب حق جسکو ملا اس سے ملا ۔ ہو جدا اس سے وہ حق ہی دیکھی جدا
اس حدیث مصطفے پر کر نظر ۔ بہید اسکا جب کہلی اپنی خبر

جسنے پوچھا آپکو ہی نیک ذات ۔ آپسے پوچھا حق کو بیشک بیگمان
جب تلک خود کو نہ پوچھی ہی فنا ۔ لا کہون بت لمیس ہین تیر بر ملا

یہ ہو گر تب کہ کری اپنی شعور ۔ خود سی خالی ہو کی خود ہو جو دوجے
جب ہوا تو دور کیا باقی رہا ۔ گر نظر اس قول پر ہی با خدا

تیغ لا و قتل غیر حق براند ۔ در نگر کہ بعد لا آخر چہ ماند
عشق و عاشق قلم در گشت تمام ۔ تا ہمہ معشوق ماند والسلام

خاتمہ مثنوی بدعاء مقبول

ای خدائی دو جہان بہر رسول ۔ مومنون کو مثنوی ہو یہ قبول
کر چکا اب مثنوی عاجز تمام ۔ طالبو دل سے پڑھو اسکو مدام

یہ دعا عاجز کی حق دی کی قبول ۔ از طفیل آل و اصحاب رسول
یعنی اسکو جو پڑھی بہر خدا ۔ درد دل حاصل ہو اسکو مطلقا

تمام شد

فائدہ مصنف قدس اللہ سرہ العزیز سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب مین فرمایا کہ تو کچھہ بیان کر تاکہ طالبون کو اس راہ کے اُس سے فائدے حاصل ہون پس بموجب اس حکم کے مصنف نے یہ مثنوی تصنیف کی اور اس سے اسکی قبولیت کا یقین کامل ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غزلیات من تصنیف جناب حضرت و قبلہ محمد عبد الصمد صاحب قدس سرہ

غزل

وہ ہین شاہ دو عالم جو غلامان محمد ہین ۔ وہ بہتر ہین شہیدون سے جو قربان محمد ہین
انہو نسے انبیا کو رشک صدیقون کو حسرت ہے ۔ جو تہا ہین صرف ہاتہون سے وہ داماں محمد ہین
اتر کر عرش سے آئین فرشتے جو مقرب ہین ۔ برائی پابوس اون کے جو دربان محمد ہین
خدا کی ماسوا جو ہے صفت اوصاف احمد ہین ۔ یہی کلمی کہو دل سے کہ شایان محمد ہین
نہ بہائین پہول جنت کے جو بہتر ہین انہین عاجز ۔ جو دیکہین آنکہہ سے خار گلستان محمد ہین

غزل

دیکھو تو ذرا رتبہ والاے محمد ۔ سر تاج ہی ہر دین کف پای محمد

کیا فخر زمین کو کہ نہین عرش برین کو | لوٹین ہین سدا خاک مین شیدای محمدؐ
تعظیم کرین حور و ملک جن و بشر سب | جس دل کو میسر ہو تولای محمدؐ
ہمدم کو ہمن و قیس ہوی رشک سی اونکے | رکھتے ہین ذرا دلمین جو سودای محمدؐ

عاجز یہ وہ خورشید ہون محجوب فلک پر
نعلین کف پاے جو دکھلاے محمدؐ

غزل

زمین پر جو غلام شاہ دین ہے | وہی فرمان دہ عرش برین ہے
زبان جز و کل پر یہ صدا ہے | کہ احمدؐ رحمۃ للعالمین ہے
یہان جو عاشق احمدؐ ہی بیشک | وہی معشوق رب العالمین ہے
ملائک سر کے بل آتے ہین اُس جا | جہان پر ذکر ختم المرسلین ہے
جو مومن ہی اُسے ہے اُسسے الفت | نہین اُسکو جو مردود و لعین ہے
ہوا جو خاک پاے آل و اصحابؓ | وہ بیشک ہمسر روح الامین ہے

ذرا احمدؐ کا عاجز جو گدا ہے
شہنشاہون کا شہ وہ بالیقین ہے

غزل

ہمین یار سے وصل کی آرزو ہے | شب و روز دل کو یہی جستجو ہے
ہر ایک گل مین اوسکا نشان پایا ہمنے | اوسی کی یہ رنگت اوسیکی یہ بو ہے
نہین بھاتین ہین مجھکو باتین کسیکی | سنی جب سے اُس یار کی گفتگو ہے
ہماری یہ ہستی ہی تیرا ہے پردہ | اگر نیست یہ ہو تو پھر تو ہی تو ہے

یہ ہے راز مخفی نہ کہنا تو عاجز
نہ یہ ہے نہ وہ ہے نہ مین ہون نہ تو ہے

غزل

یار کی شان پر فدا ہین ہم | کبھی واصل کبھی جدا ہین ہم
ہمسے اکسیر کو ہے نسبت کیا | آل احمدؐ کے خاک پا ہین ہم
عشق مین یار کے جو ہو بیخود | اُسی بیخود کے آشنا ہین ہم
اپنی ہستی فنا جو اسمین ہو | حق کی سوگند پھر بقا ہین ہم
زاہد و ہمسے دیکھیو بچنا | کیونکہ رندون کے پیشوا ہین ہم
چشم دل کھول کر ہمین دیکھو | کہین شہ ہین کہین گدا ہین ہم

اس قدر محو ہوگئے عاجز
یہ نہیں جانتے کہ کیا ہین ہم

غزل

اگر دل خواب غفلت سے ذرا بیدار ہو جاوے
گرے ہے میکشون سے سرکشی کس واسطے زاہد
وہ بلبل ہین نہیں ہمکو تمنا گل سے ملنے کی
مہوس آنکہہ مین مل خاک پا اس شاہ خوبان کی
اگر پاوین نہ جنت مین صنم دل شاد کیونکہ ہو

گرے جسپر نظر وہ صاحب اسرار ہو جاوے
توجہ گر کرین تجہپر ابھی میخوار ہو جاوے
نظر گر خار پر ڈالین تو وہ گلزار ہو جاوے
جدہر دیکہے ادہر اکسیر کا انبار ہو جاوے
ہمارے واسطے بے یار جنت نار ہو جاوے

نسبت مفلس ہے عاجز دیکہہ جا دندان جانان کو
ابھی یہ چشم تیری دیکہہ گوہر بار ہو جاوے

فرد

ہم نہیں کمظرف ایسے جو بکین دیوانہ وا
غم کے خم پی جاتے ہین رہتے ہین لیکن ہوشیار

تضمین حضرت عبد الصمد صاحب قدس سرہٗ بر مطلع قدسی

شب معراج مین آتی تہی فلک سے یہ ندا
شعلۂ نور ہے ایسا کہ نہ دیکہا نہ سنا
حسن معنی مین وہ ایسا ہے کہ حاشا کلاّ
در و دیوار سے پڑہتے ہین وہ ہو ہو کی فدا

دیکہو آتا ہے زمین سے عجب اک نور خدا
جسنے دیکہا وہین وہ طور نمط ہو کے جلا
حسن یوسف بھی حیا سے نہیں دیکہے ہے ذرا
جس طرف دیکہو ادہر سے یہی آتی ہے صدا

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

عرش پر دہوم ہوئی آتا ہے وہ شاہنشاہ
دیکہیو حسن خداداد یہ کرنا نہ نگاہ
کیونکہ بے نور ہے وہ جسکو کہین نور الٰلہ
لب جان بخش پہ پڑتی ہی نگہ کے ناگاہ

جسکے خدام ملائک ہین زہے شوکت وجاہ
ورنہ جل جاؤگے جسطرح سے جلتی ہی گیاہ
مقتبس جسکا ہے ہر ایک بنی شام و پگاہ
ہوکے بیتاب یہ عیسےٰ نے کہا کہینچ کے آہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

حورین بھی رقص کنان کہتی تہین ایشاہ امم
دید تیری نہین ہے دید خدا سے کچھ کم

وہی جلوہ ہے وہی نور وہی فیض اتم ۔ ہے منور یہ تیرے نور سے سارا عالم
آپ تشریف جو لایا کریں یاں پر پیہم ۔ فرش آنکھوں کا بچھایا کریں ہم سب باہم
اوسپہ ٹھہلایا کریں آپکو اور چومیں قدم ۔ روبرو آپ کے اسکو پڑہیں باشوق اتم

مرحبا سید مکی مدنی العربے
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبے

کہیں آدمؑ کہیں حواؑ کہیں تھے اسرائیل ۔ می وحدت کی لگاتے تھے کہیں خضرؑ سبیل
کہیں کرتی تھیں قدمبوسی کو حوریں تعجیل ۔ کہیں پڑہتے تھے کھڑے صل علی اسمٰعیلؑ
کہیں یوسفؑ کہیں ادریسؑ کہیں عزرائیلؑ ۔ کہیں مشتاق کھڑے دید کی روتے تھے خلیلؑ
وجد میں آکے لگے کہنے وہاں پر جبرئیلؑ ۔ صور میں پھونک دو اس بیت کو ای اسرافیلؑ

مرحبا سید مکی مدنی العربے
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبے

آپ سے ہوکے جدا جب وہ چلے بعد وصال ۔ نور وحدت سے صدا آئی کہ آ میرے جمال
انبیا سنکے یہ کہنے لگے ای ظل جلال ۔ عقدہ یہ ہمپہ کھلا جز تیرے سب وہم و خیال
فخر سری و انا سے تو مشرف بہ کمال ۔ غور کر دیکھا نہیں کوئی ترا اشل و مثال
عاجز انجیر سے کر اسمیں نہ تو بحث و جدال ۔ روز و شب دل سے پڑہا کر اسے بی قیل و قال

مرحبا سید مکی مدنی العربے
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبے

قطعۂ تاریخ طبعزاد سید فضل حق صاحب ساکن اترولی ۱۲۹۶ھ خلیفہ و مرید خاص حضرت ممدوح کہ انہم بعزار تمبر لقب کنند بیت

آشنای بحر عرفان مخزن فضل و کرم ۔ حضرت عبد الصمد کشاشت اسرار قدیم
ہادی راہ طریقت آفتاب معرفت ۔ مظہر نور حقیقت مصدر فیض اتم
جوہر تیغ شجاعت مجمع علم و حیا ۔ معدن جود و سخاوت صاحب سیف و قلم
نقشبند و صاحب ارشاد در ہر سلسلہ ۔ داشت نسبت با جناب نامدار محترم
روز یکشنبہ بتاریخ سوم وقت زوال ۔ در محرم شد ازین دار فنا سوے ارم
در فراق صوری آن قدوۂ اہل وفا ۔ بود طالب ہر یکے در رنج و اندوہ و الم
بہر تاریخش سر ہاتف فرو کردید و گفت ۔ کعبۂ اہل طریقت قبلۂ اہل کرم
سنہ ۱۲۹۶ھ

دیگر ۴

گھٹ ہی مین پایا ٹھاکر ہیرا بانتھر لو جیت کاہے گوارا

کاشی ڈھونڈھ بندرابن ڈھونڈی ڈھونڈھی ملک یہ سارا
کنول مندر کا سیوک بنکی پانچون پنڈتسے جا مل تو
لاکھہ بار ہم سوچا جانچا گر مہر پیر انمین بھی بانچیا

جب لگ کرے نجھانگی گٹ کی کبھو ملے نہ کرشن پیارا
مارے کنس کو جب بس کر لئی تبھی ملیگو کرشن ہمارا
ماس کے سب سیوک منتا جب ہو یوج یہ مور کہہ ہا

دیگر ۵

کاہے کو سادھو کاہوسے لڑے
یہ بھیدری تیرو جنم سے پہلے
پل چھن کو یہ تیرو ملیو
ہجرا منتر کو مارے ہتا

من کے بیری سے کیون نا بھڑ لیے
نیک چوک مین تو کو گھر یئے
پاپ چھے سے پاکی ماٹی مین ٹھہریے
سور بیر کو پاکو مر یے

دیگر ۶

کاہی کا بامہن برم نجیتا سادہ سنتھہ کا ساتھہ نکینا

بامہن وہ جو ہر گن گاوی ہر کا ہر مین کھوج لگاوے
سوت ڈار بامہن بن بیٹھا دیکھہ سوت پھر منمین اینٹھا
ماس کھائی سو بامہن ہوئی مدھوا پیئے ہر پائی

آپ مٹی اور جگ کو میٹے وہ بامہن نت جینا
مال متا اور نکا چھینا اپنو کبھو نہ دینا
پاکو سانچ جو جانے نہ متنا بامہن ناہین جان کمینا

دیگر ۷

ہمکو ملت نہین موہن نگری

کیسی کرون اب کھو ٹوری ہینی بیتی جات موری پاس گری
ست سکھی جیون جل بن مچھری

پیا ملن کے ہوت شگن ہین کاگا بولی نسدن نگری
بیگ خبر لو پیتم ہمری

دیگر ۸

گر سے ملکر آپ سے چھوٹے ہر سے ملکر گر سے
برہا جیت دیس کا راجا راج ندوئی مین آن برا جا
پریم کی بازی جب ہم جیتی نام نرنجن کی پولائی

لاکھہ آیا وسے یہانتک پہونچی جب ملو ہر یت مین چھوٹے
گیان کی فوج تو پک دھیانسے مین تین دوار ہی کوٹے
چرن گور وسے جا جاگ و نیا پھر نا جگ سے بھوٹے

دیگر ۹

ناہم ہندو نا ہم ترکا ناہم بانگ ناہم پر گھا

سب مین ہم ہین سب ہین مومین جو جانی سو پوری گر کا

پیم کا باج تو پریم کا نانا باجات بنا کیون اٹو برہ کا ۔ پاپ دہرم سے ستا چھوٹا دیکہت ہی یہ ہرمین ہر کا

دیگر ۱۰

ابھو چیتو سادہو بھائی کال ہونڈ پہ دیکھہ بھر آئی ۔ پیٹ کی پاپی منہہ کی بھگتا لعنت یہ تیری بھگتائی
جگ سے روٹھی پیت ہوت ہی ایسی روٹھی ہوت ہائی ۔ ستا کو بھٹی اب سادہو سانچ کہو تو ہوت لڑائی

دیگر ۱۱

در سلوک طریق نقشبندیہ

ہر ہر کرے اور گر کو دیکھے اسکو ملتا پیارا ہے

نام نرنجن کا مدہ پیوے دہیان کرو مدہ وارا ہے ۔ پاک رسول کا عاشق ہووے وہ ہی سکھہ متوارا ہے
الکھہ لکھے اور سیکو میٹے اسنے گیان سنوارا ہے ۔ پیٹ بھیتر کے چیت سے کھوے پھر کیا صاحب نیارا ہے
کیا ہے اچرج دیکھو سادہو بوند مین سمند رسمایا ہے ۔ جو کوئی اسکو پہچانے ستا وہی گرو ہمارا ہے

دیگر ۱۲

در سلوک طریق چشتیہ

کیا ہی مزا ہے دیکھو سادہو انحد باجا بجتا ہے

اس انحد مین لاکھون باجے اسکو کوئی نہ سنتا ہے ۔ اس انہد کو جو کوئی سن لی رعیت سی شاہ بنتا ہے
پہلے دل مین چینا او ہی جگمگ جگمگ کرتا ہے ۔ اسکی اندر ہے ایک مورت برلا کوئی لکھتا ہے
سب ستا دیکے اندر گرسے سیکھو اسکا منتر ۔ بنا گرو یہ گیان نہ آوے نگر اسمر کو دہنتا ہے

دیگر ۱۳

موہن میرا ہے تیرے پیر دیکہن مین نہین آوی رے

ہر آوے ہم جادین سادہو ہم آوین ہر جاوے رے ۔ ستا ایسے آون کو نمین دیکھن کہانسے پاوی رے

دیگر ۱۴

سوچ سمجھہ یک دہر نایہ گیل کٹھن ہے چلنا

یا باٹی بٹمار بہت ہین لوٹت ہین پل چھن مان ۔ ست گر بانکا ساتھی کر لے واسنگ ہو کر رہنا
جو تو مایا وہانسے لایا واہی کو رکھہ لینا ۔ ہا تر تیری پاپ چھے لاگا سمہل سمہل کر لٹنا
ستا پرم کا پینڈا انیارا راجا پرجا پرجا راجا ۔ یا کو مارے واکو چھوڑے پھر کا ہے کا ڈرنا

دیگر ۱۵

کاہیکو بھٹکت پھرے گھٹ بھیتر کھوج لگے

گھومت پھرئی ہر ناہی ناحق جنم گنوئی
انکو درپن مانجے نہ مورکھ ہرکو درس کب پیئے

من مین توری بات لگی ہے ان باتن تب جے
جو بانی صاحب من بھاوے وہی بات لگیئے

من مین اپنے سوچ سمجھ لے جوت مین جوت ملئے
جو بیٹھے آپ کو سنا وہی وہ رہ چلیئے

دیگر ۱۶

ہو رے فقیرا ایسے مانی جب تو پاوی پریم کی باٹی
جب لگ مانی ہو نا سادھو کیہو اٹھی نادوئی کی ٹاٹی

چرن گرو کے رچکر کاچی دیکھ پڑہی پھر گیان کی ہاٹی
اگر یہ دکھاوی سیج ستا بیری لوٹی یہہی گھاٹی

دیگر ۱۷

جو رام رٹ جانے نہین بھوہن ہو تو کیا ہوا

پوتھی لیکھین وا ایکر کہتا پھرے ہے گا گیتھا
اپنا گیتھا جانے نہین پنڈت ہوا تو کیا ہوا

جوگی گوسائین سبھو رے کپڑے رنگے ہین گیروے
من کو رنگتے ہین نہین کپڑے رنگے تو کیا ہوا

سیلی والفی ڈالے لگے بن بیٹھے ہینگے شاہ جی
دل کا کفر توڑا نہین جو شاہ ہوئے تو کیا ہوا

ٹھاکردوارے جائیکے پوجین سبھی ہین مورتین
بر مین تو ہر جانا نہین پوجا کیا تو کیا ہوا

جو پاٹ پوجا کرتے ہین اور نام پایا گرو کا
اس گرسے تو محرم نہین جو گرو ہوئے تو کیا ہوا

چلے مین بیٹھے جائیکے اور من پھرا ہی سب کہین
پر دل تو چلے مین نہین جو سن ہوا تو کیا ہوا

بھنگین شراب ہین پیو نی چلمین اڑا دین چرس کی
پر وہ نشہ پیا نہین بھنگڑ ہوا تو کیا ہوا

ٹیڑہین بانکی ہی سپاہ لڑتے ہین سب جائیکے
گھٹ کا ٹھگ مارا نہین بانکا ہوا تو کیا ہوا

ٹک ہر کتابین بہت سی کہتا پھرا ہے اور کو
حق الیقین جانا نہین عالم ہوا تو کیا ہوا

مسجد مین جا کر زاہدان سجدہ کرین ہین دمبدم
اور دل تو جھکتا ہے نہین جو سر جھکا تو کیا ہوا

قاضی عدالت بیٹھکر کرتا عدل ہے اور کا
اپنا عدل کرتا نہین عادل ہوا تو کیا ہوا

بندہ ہے کرتو بندگی جبتک تری ہے زندگی
گر بندگی کرتا نہین بندہ ہوا تو کیا ہوا

یہ ست بورا ہے بڑا کہتا یہی ہے ہر گھڑی
اور آپ اندھا ہو رہا جو کہہ گیا تو کیا ہوا

دیگر ۱۸

برج مین سام آج ہوری کھیلے
سب سکھین سنگ ہنس ہنس کے

کنول کنوا اور چیت پنہاری پریم کا جل وا مین ہی جاری
بیچ سانس کی بھئی پرانی منکہہ تہاں اتن اترا پھوٹا
سبد گرو کی اندوی بناوی رب نام کا گر یا

گیان لگر یا بیک سی بھر لے بھر پاچہے پچھتا وے
دوجی درجن گھاٹ کو روکے جل کیسے بھری پیر یاری
ان بیچ شریعت سے جل بیکہو مست سکھی بھر لا وے

دیگر ۲۵

سنکہہ صاحب دیکہہ ہمارا

بھٹک بھٹک تین جنم کو ہارا

کام کرودہ لوبہ کی نائی کیل گئی وید اسب ماٹی
تن ہو حجرہ من ہو بھگتا دہیان گرو رکھوا رہو رے
کر لچیا بن کچہہ نا ہووے ناحق مورکہہ جنم یوں کہو وے

جب لگ بسیمین اونکے سادہو کیسے دیکھی یا لین ہارا
جگ مین بیٹھے مرکو دیکھے جب ہو سادہ پیارا
جو منترا آگی گر کے مستا وہ ہے رام تہارا

منہہ کی کہی دہرنی کرے جیا کی چڑہے اکاس
تن سو کہو پنجرہ بہیو من بہیو سووا سار
گیان کے پنکھہ دہیان کے بازو ست گرو ئی لگائے
گرگیا تی سوا بہیو گرو کی لچھیا پا ئے
ہر ہر کرے اور سب کو تیا گے

دوہرہ بھیتر بھیتر جو مرے سو ہے پکا داس
دوہرہ بلی بیٹھی تاگ بین گرو بچیاون ہار
دوہرہ سوا چڑہا ہو اکاس پر بلی رہی لجا ئے
دوہرہ ایسے گرو کے چرن سے مستا دہیان لگائے
دوہرہ ہیری واکو دیکھہ کے بھا گے

پد راگنی شیام کلیان

ایک جوا ہم کھیل چلے تن من دہن سب ہار چکی جی

تن دادیا پریم دی باٹی گیانکو تیر نکال چکی جی

کہت ہین مستا یا تن بھیتر چیت سُرت سو بار چکی جی
لاکہہ کتاب اور پوتہی بانچ دوہرہ کہنی جہوٹی کرنی سانچ

دہیان گیان سے کچہہ نا ہو د ئے
تن سو کہو تو نا بہیو رگین ہیئین سب تار

دوہرہ جب لگ آپ کو تو نا کہو ئے
دوہرہ روم روم سر دیت ہے ہو لیلی نام تہار

انکہہ سے رب رب من نیترا سو وے یا سی مکت نہ ہو وے

پہلے پریت سے من کو جگاوی ہر سانسا پھر ہر گن گا وے
من میلا تن نیرا اُجلا پاپی مورکھہ کیا تو بھولا
ہر دے بین جو نیری لبستا مالک پل چہن واکو لکھتا

آپ مٹے اور جگ کو میٹے ہر درشن تب ہو وے
بیگ سے منکو بانجہ رہی مورکہہ ناہین پاچہی دیکہہ تو ہر دوئے
یا کو دہیان جو راکھی نہ مستا پاپ کیا وہ دہرم کو کہو وے

تمام شد بھجن ہای حضرت شاہ محمد عبد الصمد قدس سرہ عرف رمست خانصاحب

مثنوی اللہ نام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ نام جپو رے بھائی — جو تم مین ہی کچھہ چترائی
اللہ نام جپو دن راتا — غیر کا دل سے چھوڑو ناتا

اللہ نام جپو ہر سانسا — جو چاہو بیکنٹھہ کا باسا
اللہ نام سون ہے نستارا — اللہ نام ہی سب سے پیارا

اللہ سا دوجا نہیں کوئی — جو کچھہ اللہ کرے سو ہوئی
جو کوئی اللہ نام جپے گا — نیڈر دو جگ بیچ رہیگا

جو جیت اللہ ساتھہ لگاوے (دھیان ۱۲) — ساری دنیا واکو دہاوے
جو دہن اللہ ساتھہ لگاوے — تیرت مزوری اپنی پاوے

جسنے اللہ نام نہ لینا — پہٹ پٹ یارو واکا جینا
جو اللہ سون نیہہ نہ لایا — جنم اکارت آپ گنوایا

اللہ نام کو جینا کرہ — دو جگ کو تم اپنا کرہ
اللہ نام کو ہر دم لیجو — جب لگ بسے بھلائی کیجو

ہر دم اللہ نام پکارو — تن من دہن سب اپنا وارو
اللہ اللہ ہر دم بھجیو — اللہ خاطر سب کچھہ کریو

ذات پانت پوچھی نہیں کوئی — ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئی
کنت کنزا جب اوسنے کہا — بہت سی مدت مخفی رہا

جب کچھہ اوسکی من مین آئی — انّی جاعل کہہ بات سنائی
سنکے فرشتے لاگے کہنے — قالوا اتجعل لاگی پڑہنے

من بھیدی کا بھید نہ جانا — کہا خدا کا ہانسی مانا
انت علیم حکیم کہا یا — وہی کیا جو واکو بہایا

اپنے بول کو پھیر پھیر تولا — حق انّی اعلم کہہ بولا
ماٹی کا ایک پتلا کینا — دم نفخت وا مین دینا

جب جی پتلی اندر آیا — شکر خدا کا کوک سنایا
چھینک جو آدم کی ننکن آئی — آدم نے الحمد سنائی

یہہ سن سبھی اچنبھے گئے — شرمندہ ہو من مین رہے
دن چالیس مین آدم بنا — حیرت مین رہا جن کا جینا

ایک شبہہ گھڑی مین آدم کینا — تاج خلافت واکو دینا
حکم فرشتونکو جب آیا — سن شیطان بہت پچہتایا

کہا فرشتو ایدہر آؤ — آدم آگے سیس نواؤ
یہہ سن سبنے سیس نوایا — سر رحمت کا چہتر دہرایا

شیطان کبر ومتی سے بولا — کہہ خلقتنی منہہ کو کھولا
کہا اسے سجدہ نہین بھلا — کد کی تیلین کد کا پلا

سجدہ کرون مین ہی یہ کون — بیل نہ کو واکو دہی گون
اسکی قدر مین بہتر جانی — کس برتے پہ تتا پانی

ڈانٹ الٰہی ہوئی سیس نواؤ — چونی کہی موہی گہی سی کہائی
جب وہ بولا خیر منہ انا — لعنت کا طوق اوسکو بنا

لعنت نہ اوسے سیس نوایا — آگ کا پتلا آگ کو دہایا
اللہ نبی کا کہا سچا ہے — ہر ایک اپنی اصل پہ جاتا ہے

بس سن رے تو برا ہو رے — کہول گہماؤن واری تیز
کبر غروری بھول نہ کریو — جب لگ بسے خدا سے ڈریو

کبر منی سے بہتر ہوتی — لعنت کیون شیطان کو ہوتی
دنیا ہے دہوکی کی ٹاٹی — خاک دہول اینٹ اور پانی

دنیا ہی ساعت کا باسا
بنی خدا جو راضی رہتے
دنیا کا ہے عجب پسارا
ایکن کی سر کٹ براجے
ایک تو کھاوی زر دسفیدا
کوئی روئے کوئی گاوے گیت
جب جم تو کو آن ستاوے
دہی اور پوت نہیں کوئی ساتھی
منکر اور نکیر جب آوین
دین ایمان کی پوچھین باتین

اس جینے کا چھوڑو آسا
دنیا کو ملعون نہ کہتے
کہین رو وین کہین بجی نقارا
ایکن پا چھی مرگٹ باجے
ایکن کو نہین ہوسی پیدا
اندھا ہلا پھوٹی سیت
کوئی تیرے کام نہ آوے
روتے رہینگے سنگ سنگاتی
من رنگ سبد سناوین
تک تک ہوین اپنی گھاتین
سن بری بات نہ پیچھا چھاڈین

دنیا ہے مردار اے یارو
دین کی خاطر دنیا چھوڑو
کوئی ہنسے کوئی دکھ سی روے
ایک تو تازی ترنگ کو آوے
ایک تو پھٹے ململ خاسا
اس جینی کا کیا بھروسا
ماتا پیتا رہوین گے روتے
بھائی بھتیجے چاچا تاؤ
بھونڈا منہ بنائی ڈراوین
بھلا جواب جو تو سون پاوین
مار گرز نیرا ہوسا کاڈھین

دیکھسے پاکو دور بسارو
اس مردار سی مکھڑا موڑو
کوئی جاگی کوئی سکھ سی سووے
ایک چڑہین کو گدہا بناوے
ایک کو نہین لنگوٹی کی آسا
سن ری میری پکڑ پڑوسا
آنسو سے سب مکھڑا دہوتے
کوئی تیرے کام نہ آو
دیکھ اکیلا تو ہی ستاوین
سو سو رحمت تو ہی سناوین

اسپر مثل تو سن ری بھائی
ایک پتر یا جک بین مرے
یہہ میری کوئی لبشنی ہونگی
من رنگ وہ کہ جو بکاری
کودا اوچھل تن اونکی لاگی
پکڑ کی او سکے کلی چیرے
جیتی سب نی مال لٹایا

کہاوت

خلقت لی لی گور دہرے
جو مانگونگی سو خرچی دینگی
اوسنے دونو ہاتھ پساری
دیپک راگنی گاون لاگی
کام نہ آئے تال مجیرے
